انت ولیی فی الدنیا والآخرة توفنی مسلما والحقنی بالصالحین
الحمد للہ کہ کتاب مستطاب مسمی
باہتمام قاضی ابراہیم صاحب
شرکت نور الدین صاحب ۱۳۲۴ بلدۂ بمبئی بمطبع حیدری مطبوع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

و بہ نستعین

لکھوں پہلے توحید جان آفرین | قلم کی طرح خاک پر رکھ جبین
دکھا جسنے نقش و نگار قدم | بنایا ہے گلگشت لوح و قلم
اسی سے ہے سرسبز باغ سخن | ہے سیراب و شاداب گلہاے کن
عنایات سے اسکے یکمشت خاک | ہوئی معدن گوہر تابناک
اسی نے جگر چیر ہر سنگ کا | کیا گوہر ایجاد ہر رنگ کا
کر آباد گلشن بفصل ربیع | دکھاوے ہے انواع نقش بدیع
اسیکی ہے قدرت سے باغ و بہار | مطرز ملون ہے نقش و نگار
ہر ایک برگ و گل اس سے ہے تازہ رو | ہر ایک گل مین پنہان اسیکی ہے بو
ہے الحق وہی صانع نقش گل | نگارندۂ دفتر برگ گل

اصحاب کبار کی تعریف

ہی ذات اسکی دانائے سر بسیط — ہر ایک شی پہ ہی علم اسکا محیط
جہان تا جہان عالم نیک و رشت — سر مو نہ باہر ہی از سر نوشت
قلم جسطرح اُس کا جریان ہی — مخالف ہو کوئی نہ امکان ہی
نہ واقف کوئی اسکے ہی کار سے — نہ آگاہ ہی اسکے اسرار سے
ہی ذات نبی معترف بالقصور — غرض عجز ہی اصل فرع شعور

در نعت حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی کون سر دفتر انبیا — دُرِ قلزم قدرت کبریا
بہارِ گُلِ بوستان ازل — چراغ شبستان علم و عمل
مقدس ہی ذات اسکی شمع سبل — وہ ہی باعث خلقتِ جز و کل
شفیع الورا خاتم المرسلین — کہ دینونکا ناسخ ہوا اسکا دین
عطا حقنے کر تاج اسرا اُسے — کیا مالک تخت اَوْ اَدنیٰ اُسے
محمدؐ کے مانند جگ مین نہین — نہ پیدا ہوا ہی نہووے کہین
اُسے جسطرح چاہئے تھے کمال — کیا شاہدِ بزم عز و جلال
رسولونکا کر دُرّۃ التاج اُسے — کیا مسند آرائے معراج اُسے
بنا حقنے گل قاب قوسین کا — کیا آفتاب اُسکو کونین کا
رسالت کے دیوانکا ہی انتخاب — ہوئی اُسپہ نازل ہی اُمّ الکتاب
ہی نسبت مین عالی زروح الامین — خطاب اُسکو ہی رحمۃ العالمین

احوال تالیف کتاب

پنہان سے ہی تمہید تفسیر کی
حقیقت ہی یوسف کے توقیر کی

روایت

روایت ہی کعب ابن احبار سے

اگرچہ عبارت نہ رنگین ہے / بھر راست لیکن مضامین ہے
غرض ہے پسندیدہ کبریا / کلام مُعرّا ز کذب و ریا
اسیکی طرف رکھکے چشم نیاز / کیا کِلک کو مین نے معنے طراز
حکایت لکھی ہی یہہ قرآن سے / جو ثابت ہوئی نص قرآن سے
کہانی ہی یوسف کی یہہ دلربا / کہ ہی احسن القصہ حق نے کہا
نہین بیش وکم کا یہان دخل ہی / کہ مصحف غرض شاہد اصل ہی
کھلا گل ہی باغ عنایات کا / الف را تلک آیات کا
عجب قصہ یوسف کا ہی دلپذیر / یہہ قرآن بیچ سورۃ ہی یک بےنظیر
ہی اسکی تفسیر عربی تمام / ہی مقرون بنور صداقت کلام
وہ تصنیف اس ذات عالی سے ہی / امام محمد غزالی سے ہی
روایات شیخ ابن عباس کی / انھون نے یہہ تفسیر ساری لکھی
ہین طرفہ مضامین اسکے صریح / مطابق بقول حدیث صحیح
گواہِ سخن ہی حدیث و دلیل / رہے کذب ہو کسطرح وہان دخیل
اسی درج سے دُرِّ مکنون لے / ہر ایک بخلاف اسکا مضمون لے
لباس اسکو پہنا وہین نظم کا / کیا ماہ رخسار اس بزم کا
مضامین تفسیر کر انتخاب / لکھی مین نے دلچسپ ساری کتاب
سخن میرا ہو پیش حق مستجاب / بحق رسول و بآل و صحاب

ابراہیم کے آگے اسکو کیا
سبب یہہ کہ کعبہ بناوے خلیل
طبق یا بحران تھا وہ آفاق کا
سے ہفتم مین یوسف علیہ السلام
بزرگی کی چادر بدن پر پڑی
پھر اسکے فرشتے چپ و راست پر
پچھاڑ سی مین کر ذکر تسبیح کا
روایت یہہ راوی سے ہی لکھا
الٰہی یہہ ہی کونسا تاجدار
دیا اسکو تونے کرامت کا تاج
تبارک تعالیٰ نے پھر یہہ کہا
کمال اسکو بخشا زیادہ زحد
کہا پھر یہہ آدم نے ای میرے رب
پھر آدم نے سینے سے اسکو لگا
کہا کچھ نہ کر غم کہ یوسف ہی تو
تو سن ابن عباس نے یون کہا
چمکتا تھا ماتھے مین اسکے وہ نور

تو سمجھا ہی ان دو سے مطلب تھا کیا
ہوئی نوح کی کشتی اسکی دلیل
چھٹا تجھکو یعقوب کا دون بیٹا
اور عزت کا تاج انکے سر پر تمام
اور ایک تیغ بران بھی آگے دھری
تھے ستر ادھر اور ستر ادھر
سعادت کا آگے درخت یک کھڑا
جو یوسف نے آدم کو دیکھا کہا
دیا اسکو اسطرح عز و وقار
بڑے اسکے درجات عالی ہین آج
کہ حسن و جمال اسکو ہمنے دیا
کرین لوگ دنیا مین اس کا حسد
تو دے حسن دنیا کا ثلث اسکو اب
دو آنکھون کے بیچ اسکے بوسہ دیا
رکھا بیٹے آدم نے اس نام کو
کہ یوسف کا نطفہ جو آدم مین تھا
کہا سنیئت مین اس سے آپھر ظہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الر

مگر یہہ کہ تھا حسن یوسف کا خوب
تھے مضمون اس پہ ہزارون قلوب

روایت ہے عقل و فراست کے دس
کئے جزو اللہ نے بیش و پس

کئے ان سے ادریس کو نو عطا
رہا ایک سو سارے جہان کو دیا

اسیطرح سے حکم کو جان تو
کیا اسکو دس حصہ پہچان تو

دئے نوح کو ان سے نو پھر بجا
اور ایک سارے دنیا پہ تقسیم تھا

اسیطرح دس حصے صفوت کے جان
ہین یحیی کو نو ایک دنیا کو مان

اسیطور سے صبر دس جزو ہوا
سب ایوب کو ایک بخلق خدا

صلابت کے بھی حق نے دس جزو کئے
مین موسی پہ نو ان ایک سب کے لئے

تو خط و کتابت کے دس حصے جان
ہین عیسی کو نو ان ایک سارا جہان

فصاحت بلاغت کے دس جزو نیک
محمد کو نو ساری خلقت کو ایک

رہا ایک باقی جو حسن و جمال
کئے اسکے دس حصے بے قیل و قال

ملا ایک حصہ بخلق خدا
کیا باقی یوسف کو حق نے عطا

روایت کہون ابن عباس سے
خدا اس سے راضی ہو وے یون کہے

کہ یوسف کی جدم ہوئی قبض جان
چلا نور اسکا سوئے آسمان

وہان جاکے اس نور نے ڈھیل کی
وہ لٹکا رہا مثل قندیل کی

فلک کی خدا نے محمد کی روح
اسے نور یوسف کی دی سب فتوح

ڈھنکا نور یوسف نے اس نور کو
کیا نور ست نو ... سو رہا

تلک آیات الکتاب المبین

اِنّا اَنزلناہُ

ہمین نے اتارا ہی قرآن کو
خدا نے یہہ اسواسطے ہی کہا
کہ اللہ کی یہہ نہین ہی کتاب

کہاں ایسی طاقت ہے انکو
کہ کہتے تھے کفار ہر وقت آ
محمدؐ نے اسکو بنایا ہی آپ

قرآناً عربیاً

عرب کی جو بولی مین اترا قرآن
عجم کا ہی ایک شخص زطاس نام
عجم سے کوئی تاکہ نسبت نہ دے
نبیؐ نے کہا ہی کہ مین تین عزیز
عرب ہون مین قرآن عربی ہین سب

سبب یہہ کہ کہتے تھے کفار وان
نبیؐ کو سکھاتا ہی وہ یہہ کلام
زبان عرب مین اتارا اُسے
عرب کو رکھون انکے باعث عزیز
کلام اہل جنت بھی عربی مین ہی

قرآن کی فضیلت مین

فضایل مین قرآن کے ہی یہہ فضل
کتاب اور فرقان ہی اسکا نام
عزیز اور محکم خدا نے کہا
اسی طرح سے اسکے ہین سات نام

کہ سب نقل قرآن ہی سبکی اصل
حکیم اور مہیمن بھی ای نیکنام
اور ایک نور بھی نام اسکا لیا
کتاب خدا مین لکھے ہین تمام

قرآن پڑھنے کی فضیلت مین

رہا صبر کر بیٹھ وہ مرد دیں — کہا اتنے مین دو نان تازہ وہین

ہوئے ظاہر اسپر کچھ ایک شوربا — پیالے مین گرم اور تازہ دھرا

پھر نیت کا اسکے لگا اسکو پھل — گیا ڈوبتا ڈوبتا پھر سنبھل

کہا اسنے تو نے ہدایت کی راہ — دکھائی مجھے تجھکو دیوے الٰہ

بہت اس سے زیادہ ہوئی ابتری — کہ آسانگی تو نے مشکل اڑی

تعجب ہوا مجھکو اس باتکا — کہ دن ہو گیا کسطرح رات کا

پھر آیا مین مکے مین کرنے طواف — کہ تا ہون گنہ میرے سارے معاف

اسی یار کو مین نے پایا وہان — لگا پوچھنے مجھسے تو یہان کہان

وہی تو کہ جسنے ہدایت کیا — مجھے دم مین صاحب ولایت کیا

کہا مین نے ہے اصمعی میرا نام — کہا مین نے بن مین تھا تجھسے کلام

لگا کہنے ای اصمعی صبح شام — دو وہین نان آتے مجھے لا کلام

اور ایک شوربیکا پیالہ ضرور — فرشتے لے آتے ہی میرے حضور

پیالہ ہی چاندی کا بیجرم و داغ — چمکتا ہی شبکو وہ مثل چراغ

کہا مین نے پیالے وہ سب جمع کر — دے اولاد کو اپنے ای باخبر

کہا اسنے تو ہی بڑا فیلسوف — مین سمجھا تھا تو ہی بڑا باوقوف

فلک پہ ہی سارا رزق ای ولی خدا — میرا اور سب میری اولاد کا

وہ نعمت زمین پر بھلا کیون طلب — فلک سے جو دیتا ہو رزق آپ رب

طبق نور کے اسکے ہاتھوں میں ہیں
اسی قبر میں نور کو وہ بھریں

تعجب کیا اور کہا یا خدا
مجھے بھید اسکا ذرا دے بتا

کہ اتنے میں کیا اسپہ رحمت ہوئی
کہ موقوف سب اسکی زحمت ہوئی

نبی کو ہوا حکم رب العباد
کہ تھا یہہ گنہگار اور نامراد

گناہوں کا اسپر ہوا تھا عذاب
عمل بد کے کرنے سے تھا یہہ خراب

حمل اسکی بی بی کو تھا بعد مرگ
تولد پسر ہو گیا بعد مرگ

بڑا جب ہوا اسکی ماں نے شتاب
معلم کو سونپا اسے دے کتاب

پڑھی اسنے بسم اللہ الرحمن الرحیم
لیا اسکے سے میں سب عذاب اٹھا تمام

روایت یہہ ہے حفص نے یوں کہا
نہیں اسکے کہنے میں شک کچھ ذرا

موا میرے ہمسایہ میں یک جوان
سب اسمیں تھے دوزخ کے ظاہر نشان

گنہگار فاسق تھا بد روزگار
میں دیکھا اسے خواب میں ایکبار

کہ جنت میں پھرتا ہے خوشحال
کہا میں بتا کیا ہوا تیرا حال

کہا مجھکو بخشا میرے رب نے آج
رکھا سر پہ میرے یہہ بخشش کا تاج

کہا میں نے تھا تو بڑا نابکار
تجھے کیسے بخشیگا آمرزگار

کہا جو کہ پڑھتا ہے قرآن کو
کبھی فضل رب سے وہ فاسق نہو

میں پڑھتا تھا یسٓ سورۂ دخان
ملی مجھکو دو چیز دونوں سے یہاں

دخان سے ہوئی مجھپہ دوزخ حرام
ملی یٰسین سے اب جناں میں خرام

ہی مخلوق عاجز کہ اسکی مثال
نہین ایک آیت نہین بہہ خیال

اسیطرح پڑھنے کا اسکے ثواب
نہین عقل میں آوے اسکا حساب

نہو جیسے قرآن زیادہ نہ کم
اسیطرح قاری ہین سب ایک قلم

کہ درجہ مین سارے وہ ہین اولیا
نہ زیادہ نہ کم اس سے درجہ ذرا

نہین جیسے قرآن کی کچھ مثال
سمجھ تو تم ایسا ہی قاریکا حال

پڑھے جبکہ قاری کلام خدا
خدا کی طرف سے پہر ہو ندا

کہ جسطرح تو نے کیا مجھکو یاد
اسی ڈھب سے کرتا ہون مین تجھکو یاد

نہ بھولا ہی دنیا مین مجھکو جو تو
نہ بھولون مین عقبی مین تجھکو کبھو

گناہ اسکے پڑھنے سے ہوتے ہین دور
تکوئی مین ہرگز نہووے قصور

حکایت سایل صاحب یقین

حکایت ہی ایک کامل پاک کی
کہ مسجد تھی ایک ابن سماک کی

کیا ایک سایل نے آکر سوال
کہ ای ابن سماک فرخندہ فال

بھلا کچھ تو صدقہ دے ابتو مجھے
کہا اسنے قرآن سے کچھ بتے

گر آتا ہی پڑھکر اسکا ثواب
مجھے بخش اسنے دیا یون جواب

فقط ایک الحمد جانون ہون مین
خریدے ہے کسطرح جبرا سکو نہین

کہا جو کہ رکھتا ہی مین مال سے
جو کچھ پاس میرے ہی اثقال سے

وہ سب تجھکو دونگا مین بے تکلف
کہا مجھسے ایسی کہہ پھر تو بات

کہا اسلئے اسکو احسن قصص — کہ یوسف ہوا احسن الناس سب
سنو تم نبی نے ہمارے کہا — عبادت ہی منہہ نیک کا دیکھنا
بیان نیک سے اور بیا ہی مراد — کہا بعضے علمانے ایسی نیکذات
کہوں تسے مین حسن قرآن کا — کہ ہی امر و نہی اسمین کچھ لکھا
اور امثال و اخبار وعد و وعید — سبھی خیر و شر اور شقی و سعید
حساب و ثواب و عتاب و عقاب — ہزار علم سے یہہ بھری ہی کتاب
ہر ایک علم کو فہم ہووین ہزار — سمجھ مین جب آوے یہہ اے ہوشیار
کبھی مین سے خوبی جو قرآن کی — ہی عقل اسمین حیران انسان کی
ہوا اسلئے نام اسکا حسن — کہ قرآن مین ہی یہہ سب من و عن

بما اوحینا الیک ھذا القرآن

کیا ہم نے نازل یہہ قرآن جو — تجھے اوپر کہ تا تو خبردار ہو

وان کنت من قبلہ لمن الغافلین

اگرچہ تو پہلے تھا غافل تمام — نجانے تھا یعقوب یوسف کا نام
یہہ مطلب تھا آیت کا قرآن کی — پھر آگے ہی تفصیل اسکی بڑی
یہہ کعب ابن احبار سے ہی بیان — چرائے ہین یعقوب نے بکریان
پھر آگے کچھ احوال انکا سنو — کہ تھی ایک جوان عورت نیک خو
نکاح اُسسے یعقوب نے کر لیا — ہوا پھر اُس سے تو لد ہوا

نہ نکلی کوئی شاخ اسکے لیئے | کہ یعقوب وہ شاخ توڑ اسکو دے
جوان جب ہوا وہ علیہ السلام | ہوا حسن کا اسکے شہرہ تمام
تھی بھائیون کو یہہ طاقت کہ آ | کبھی اسکے چہرہ کو ۱. تھن ذرا
سبب یہہ کہ چہرہ تھا مانند ماہ | نہ بڑھتی تھی پہر یہہ اسکے نگاہ
کہا آگے یوسف نے یون باپ سے | کہ یک عرض رکھتا ہون مین آپ سے
ہر ایک بھائی کو ہے ایک ایک چھڑی | بہت جو سنا ہاتھ مین تمنے دیا
کرو بارگاہ خدا مین دعا | کہ جنت سے مجھکو ملے یک عصا
تو ہو بھائیون پر مجھے فخر اور | یہہ سب دیکھے یعقوب نے اسکے طور
اُٹھا ہاتھ کو اپنے یہہ کی دعا | کہ اے خالق رب ارض و سما
تو جنت سے دے ایک اسکو چھڑی | اسی پر ہے اسکی طبیعت اڑی
اُسے بھائیون پر بڑا فخر ہو | خدا نے کیا حکم جبریل کو
زمرد کی لا ایک چھڑی انکو دیا | نہایت وہ خوش رنگ خوش قطع تھی
وہ لیکر چھڑی ہو گیا خوش کمال | چھڑی جیسی ویسا ہی اسکا جمال
سبھی بھائی آپس مین ملکر بہم | چلے جاتے گھر سے چرانے غنم
وہ ہمراہ بھائیون کے اکثر رہا | چراتے تھے جنگل مین جا بکریان
حسد کچھ نتھا بھائیون کو ذرا | محبت مین یوسف کے تھے مبتلا
بہت چاہتے انکو یعقوب تھے | سبھی بھائیون سے یہہ محبوب تھے

خواب دیدن یوسف علیہ السلام بار اول

[illegible]

کہا آکے یوسف نے اس خواب کو
سبھی بھائیون سے جو خوسوقت ہو

دلون مین لگے کہنے کھا کر کے پیچ
کہ یوسف کی ہیگی یہہ سب خواب ہیچ

یہہ انسان جو کچھہ کہ کرتا ہی کام
وہی خواب مین دیکھتا ہی تمام

نہ سمجھا کوئی اسکی تعبیر کو
ہنسی سے سمجھے وہ اسکی تقریر کو

خواب دیدن مرتبہ دوم یوسف علیہ السلام

ہوا آٹھوان سال یوسف کو جب
تو پھر اسنے یک خواب دیکھا عجب

کہ ہی ہاتھہ مین اسکے گویا عصا
زمین پر اسیے گاڑ اسنے دیا

تو جڑ پھیل کر ہوگئی اسکی سخت
اُگ آیا اسیوقت ہوکر درخت

اسیوقت ظاہر ہوئے پھر ثمر
کئی انبیا ہین وہان جلوہ گر

ہین یعقوب موسیٰ جہان کے امام
اور عیسیٰ محمد علیہ السلام

پھل اسکے سے کھاتے ہین یا رون بہی
خدا نے بزرگی یہہ یوسف کو دی

اور ان بھائیون کا ہی جو بن عصا
زمین مین بویا گاڑ کے کر جدا

نہ شاخ اسکی ظاہر ہوئی اور نہ جڑ
ہوا سے گیا پیڑ انکا اُکھڑ

کچھہ آیا جو ق[illegible]ت سے اسپر زوال
ہوا نے دیا اسکو دریا مین ڈال

کہی باپ سے جبکہ یوسف نے خواب
کہی اسکی تعبیر اسنے شتاب

ہوئی اسکو یوسف سے الفت دو چند
یہہ سمجھا کہ ہی اسکا رتبہ بلند

کہا بھائیون سے جو ذکر اسکا چل
درخت حسد کو لگا انکے پھل

خواب دیدن یوسف علیہ السلام مرتبہ سیوم

[illegible]

یکایک اٹھا چونک کر خواب سے
وہ ہو کر غمین جان بیتاب سے

بہت خوف و ڈر سے دلبر ہوا
لیا باپ نے اسکو چھاتی لگا

کہا میرے دیدہ و نکا تیلی کے نور
خدا ہر بلا سے رکھے تجھکو دور

گیا نبرادل خواب سے کیا ہٹ
بہا نیند تیری گئی کیون اچٹ

کہا مین نے دیکھا ہی اسوقت خواب
کہ دلکو ہمین خوف سے اسکے تاب

کہا مین نے اے میرے لخت جگر
بیان مجھسے اس خواب کو جلد کر

کہا اس گھڑی دیکھتا ہون مین کیا
کہ ہین آسمانون کے دروازے وا

وہان سے نکلتا ہی چھن چھن کے نور
زمین پر کیا نور نے سب ظہور

زمین کا طبق بھرا نور ہوا
زمین آسمان سب جگر ہوا

زمین پر ہین ہر طرف دریا روان
ہین سب مچھلیان انکی تسبیح خوان

اور ریگ تہ میرے ہے چادر پڑی
کہ ہی گوہر نور مین وہ بھری

ہوا اس سے روشن جہان یکقلم
ترقی مین ہی روشنی دمبدم

زمین کو ہین سب کنجیان میرے ہاتھ
اور ایکبار ہی اور بھی اسکے ساتھ

کہ اس خواب مین دیکھی یک اور نئی
ستارے ہین اور ماہ و آفتاب

ستارے ہین گیارہ مہ و مہر آب
مجھے سجدہ کرتے ہین ہر ایک سب

اذ قال یوسف لابیه یا ابت انی رایت احد عشر کوکبا والشمس والقمر رایتهم لی ساجدین

کہا جبکہ یوسف نے اے میرے باپ
مین گیا ستارونکو دیکھا جو اپ

زبان سے جو لے نام کو غیر کے — محبت کا دعوی وہ مجھسے کرے
وہ جھوٹھا ہی عشق اسکو مجھسے نہین — اسیطرح جو مجھکو بھولے کہین
جسے کھانے پینے کی لذت ہوئی — اُسے کب ہماری محبت ہوئی
ہو جسدلمین غیرون کا ہر دم خیال — ہی جھوٹھا نہین عاشق ذو الجلال
وہ جھوٹھا ہی جو رات کو سو گیا — کہ اوقات اپنی یونہین کھو گیا
کسی نے یہہ پوچھی تھی عاشق سے بات — کہ سویا ہی تو ہیچ بنا کل کی رات
کہا ہی قسم مجھکو محبوب کی — قسم ہی مجھے تیرے مطلوب کی
مین جب سے ہوا عاشق اس شکل کا — دن اور راتمین نیند کا ذکر کیا
جب ہی ہو دنیا کی الفت کا حال — تو سوویگا کب عاشق ذو الجلال
یہہ یوسف نے کیون دنمین دیکھا تھا خواب — بھلا اسمین حکمت تھی کیا سن جواب
کہ دو پہر مین آیا یوسف کا باپ — سلایا ہے گود مین لیکے آپ
وہ دیکھہ اسکا اسطرح حسن و جمال — اٹھا دلمین یعقوب کے یہہ خیال
کہ حسن و لطافت مین ہے بے عیوب — یہہ یوسف ہی یا چاند سورج ہی خوب
یہہ خطرہ گیا جبکہ دلمین گذر — ہوا دلپہ یوسف کے سب جلوہ گر
دکھایا اُنسے حق نے سب اسکا حال — کہ سجدہ کرین اسکو خورشید و ماہ
کہا پھر یوسف نے یون باپ سے — کہی عرض سُنیے میری آپ سے
تو دیکھا ہے یہہ چاند سورج کا حال — کرین سجدہ آ کے یہہ سب سر کو ڈال

قیامت تلک اسپہ لعنت رہی | اور عندی بھی قارون نے تھی کہی

قال انما اوتیتہ علی علم عندی

اور عندی کے معنے سنو ہیں یہ پاس | کہا اسکو قارون نے ہے ہراس
کہا قوم نے جب یہہ قارون سے | خدانے دیا مال ہی یہہ تجھے
خدا کی بھی کچھہ راہ مین اسکو دے | بلا دین و دنیا کی تجھسے ٹلے
کہا قوم علم ہے میرے پاس | اسی سے بڑھا ہی یہہ سب میرے پاس
نہین مجھکو اللہ نے کچھہ دیا | یہہ سب علم سے میرے حاصل ہوا
زمین کے تلے وہ بھی اور اسکا مال | چلا جائے دھنستا ہوا کر خیال

قال یا قوم الیس لی ملک مصر وھذہ الانھار تجری من تحتی افلا تبصرون

کہا جب کہ فرعون نے لفظ لی | سزا دوبنے کی اسے حق نے دی
بہت اسمین یعقوب رونے لگے | اور آنسو سے منہہ اپنا دھونے لگے
کہا اسکو یوسف نے خوش کیون نہو | بھلا غم کی کیا بات ہی وہ کہو
کہا مجھکو اس بات کا ہی الم | خوشی جب گذرتی ہی ہوتا ہی غم
کہا پھیر یوسف نے یون باپ سے | کہ تعبیر پوچھون ہون اب آپ سے
کہا صبح کی خواب سچی ہی ہو | کسی سے بیان اسکا تم مت کرو
یہہ ڈر تھا کہین بھائیون سے کہے | پھر ایک عمر بھر آپ دکھہ مین رہے
کہا تم کو مجھسے ہی الفت کمال | کہو اس کی تعبیر کا کیا ہی حال

ان الشیطان للانسان عدو مبین

پھر آتش مین دوزخکی دین اسکو ڈال	بہت ہی بھر آیا ہی اسکا وبال

قال یٰبُنَیَّ لا تقصص رؤیاک علیٰ اخوتک

کہا پھر یہہ اس پیر نے بیٹے عزیز	کہہ بیٹھیو نہ بہائیون سے اے بے تمیز
کہا تین خوابون کا جسطرح حال	نہ کہیو کبھی اسطرح یہہ مقال

حکایت یا بر تمثیل

حکایت ہی اک پیر سن ای ہوشیار	کوئی شخص تھا شہ کا خدمتگذار
بڑا ہی مقرب تھا وہ شاہ کا	وہ مخصوص تھا شہ کی درگاہ کا
ہوئی ایکدن شہ سے یہہ واردات	بلا کر کہی اس سے یک دلکی بات
کسو پر کہا بھید ظاہر نہ ہو	کوئی حال سے اسکے ماہر نہو
کہین اس مقرب کا تھا ایکیار	وہ بھید اسنے اس سے کہا ایکبار
کہا اسنے یہہ بھید جا اور سے	خبر شہ تلک آئی کسی طور سے
کہا شہ سے یہہ اسکے بدخواہ نے	دیا سولی اسکو بلا شاہ نے
گلے مین دیا لکھکے ڈال ایک خط	جو ظاہر کرے بھید شہ اسکا نمط
بلا شبہ اسکا یہی حال ہو	سزا اسکی یہہ ہی جو بدچال ہو
یہہ ہی حال دنیا جو مین لکھا	کہے بھید جو کوئی اللہ کا
خدا جانے پھر اسکا کیا حال ہو	قیامت مین کیا اسپہ جنجال ہو

فیکیدوا لک کیدا

لقد کان فی یوسف و اخوته آیٰت للسائلین

زن لوط نے لوط کا حال جا[نا]
اور حفصہ جو بیٹی عمر کی تھی جان
خدا نے شکایت کہی تین کی
چھپایا خدا نے ہی حفصہ کا عیب
کہا ابن عباسؓ نے یہہ کلام
اکٹھے ہوئے گھر میں روبیل کے
کہ یوسف کی تدبیر کچھ کیجئے
ہوئے جمع ناحق پہ آپسمیں جمع
گئے بھول ساری ہدایت کی راہ
کیا قوم نے نوح پر اژدحام
کیا جمع انبار نمرود نے
ہوا قتل موسیٰ پہ فرعون جیت
ہوئے جمع یوسف پہ بھائی تمام
یہہ ساری جماعت پریشان ہوئی
اسیطرح مومن پہ شیطان ہوے
ہوئے بھائی یوسف کے یوسف سے بد
محبت تھی یعقوب کو بیشمار

کہا قوم سے ان کی سب برملا
نبی کا کیا بھید سب پر عیان
انھون نے محافظت نکی دین کی
وہ یہہ تھا [illegible] غیب
کہ یوسف کے بھائی علیہ السلام
سبھوں نے جمع اسیجا یہ آکر ہوئے
کسیطرح ایذا اسے دیجئے
امدیعہ مین گل ہوگئی انکی شمع
خدا نے کیا کام انکا تباہ
ہوئی انکی جمعیت آخر تمام
بقتل خلیل آگ نمرود نے
محمد پہ تھے اہل مکہ کے سست
کیا نہ انکا ہوا جیت کام
نہ مشکل کوئی انکی آسان ہوئی
بہت جمع آخر پریشان ہوے
لگے کرنے یوسف پہ ہر دم حسد
نہ پاتا وہ یوسف کے بن تھا قرار

وَيُعَلِّمُكَ مِن تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ

وَيُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَعَلَىٰ آلِ يَعْقُوبَ

عرض پلھر اطاب رصد کو تو جان
کہا پھر یہہ موسی سے شیطان نے
وصیت کرون تجھکو اے نیکذات
سنو پہلے تم یہہ نہ کیجیو حسد
کیا قتل پہلے جو ہابیل کو
حسد کے سبب سے وہ کافر ہوا
تکبر نہ کیجیو یہہ ہے دوسری
کہون تیسری تجھسے وہ یہہ بات
جہان ہوگے تم دو وہین ہو نہ تیسرا
اکیلا نہ ہونا تو عورت کے پاس
نہ تجھکو جدا آپ سے جاننا
ارادہ کیا اور بھی کچھ کہے
فرشتہ فلک سے پر آسنے مین آ
کہ بس ہوگئی اسکی حکمت تمام
کہ شیطان دشمن ہے ظاہر ترا

اسے ہونا برحق قیامت مین مان
شقیون کے سردار سلطان نے
نہ ہرگز کبھی کیجیو تو یہہ بات
حسد ہے نہایت برا اور بلا
حسد نے بڑھایا نہ قابیل کو
جہنم کا در داسکو وا فر ہوا
نہ ہرگز اسے جانیو سرسری
بری ہووے تو جان عورتکی ذات
بچو مجھسے پھر تم یہہ امکان کیا
ذہی کے بھروسے نہ کھانا کہ پاس
جو کہتا ہون نہیں سچ اسے ماننا
فریب اور دغا سے مین موسی کو دے
یہہ موسے اس وقت کہنے لگا
نہین اور سننے کا اب تیرا کام
ہر ایک کام مین ہیگا ماہر ترا

وَكَذَٰلِكَ يَجْتَبِيكَ رَبُّكَ

کہا جسطرح تو نے دیکھا ہے خواب
اسیطرح ہو ویگا ظاہر شتاب

كَمَا أَتَمَّهَا عَلَىٰ أَبَوَيْكَ مِن قَبْلُ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ

إِنَّ رَبَّكَ عَلِيمٌ حَكِيمٌ

ہے بھیڑیا کا یعقوب سے بولنا ‏ / سیم بات ہے اسکو مت بھولنا

ہے لڑکے پہ چھوٹے وحی کا اتار ‏ / کہوں پانچوین کو سن اے ہوشیار

کہ یوسف کا ٹھہرا تھا تھوڑا ہی مول ‏ / چھٹی بھی خبر تمسے دیتا ہوں کھول

وہ رونے مین جھوٹے تھے بھائی تمام ‏ / جو رو رو دیا باپ کو آ پیام

کلام خدا جان تو ساتوین ‏ / کہوں تجھسے سن لے تو اب آٹھوین

جو یوسف کو دیکھا تو سب خاص و عام ‏ / تحیر مین مصری ہوئے تھے تمام

نوین مصر کے جبکہ آیا عزیز ‏ / بہت مال رکھتا تھا ہر ڈھب کی چیز

سبھی مال دیکر خریدا اسے ‏ / تھا مول لینے مین صرفہ اسے

دہم آنا سب کا ہے یوسف کے پاس ‏ / یہان کیجئے قدرت حق قیاس

دسوں یہہ اشارت و آیات ہین ‏ / سمجھ کے نصایح کی یہہ بات ہین

اِذْ قَالُوا لَیُوسُفُ وَاَخُوہُ اَحَبُّ اِلٰی اَبِیْنَا مِنَّا

کہا بھائیون نے جب آپس مین مل ‏ / کہ یا مین وہ یوسف کو البتہ دل

بہت باپ کا چاہتا ہے مدام ‏ / پڑا دل پہ دونون کے الفت کا دام

اب ان دو کی ہمسے زیادہ ہے چاہ ‏ / نہین ہمسے الفت کی کچھ اسکو راہ

یہہ آیت کا تو جان مطلب ہوا ‏ / بیان یہہ جو آیت مین ہے سب ہوا

اب آگے کرونگا محبت کا ذکر ‏ / ذرا اسمین تو غور کر اور فکر

نبی نے کہا جو ہو محبوب رب ‏ / تو جبریل کو حکم ہوتا ہے تب

نہ سمجھا تھا احوال تقدیر کا — کہ اسجا نہیں کام تدبیر کا

ہوئی انکی تدبیر بن ساری خلاف — رہے اپنے مطلب کے تینوں ہی صاف

اِنَّ اَبَانَا لَفِی ضَلٰلٍ مُّبِینٍ ۵

یہہ تحقیق جانو ہمارا کلام — ہین ظاہر ضلالت مین والد کے کام

سب آیت کا اتنا یہہ مطلب ہوا — ضلالت کے معنے سمجھے دون بتا

ضلالت تو کہتے ہین گمراہ کو — مراد اس جگہہ جانو تم چاہ کو

جو یعقوب کو تھی محبت کمال — کہا اسلئے یہان یہہ لفظ ضلال

کہا بھائیون نے جو یوسف سے آ — بہت اسکو الفت سے چہاتی لگا

کہ یوسف ہمارا پیارا ہی تو — خرد کے فلک کا ستارہ ہی تو

سنا ہے ہمنے جھوٹا نہ سمجھے کلام — بتا خواب اپنی اب آ کے تمام

پہر یوسف نے سنکر تامل کیا — بہت دیر تک سر کو اپنے جھکا

کہا دل مین اپنے کہون گر یہہ خواب — تو پھر باپ کو اسکا کیا دون جواب

اگر جھوٹھ بولون تو لایق نہین — کہ دل جھوٹھ پر میرا شایق نہین

کرون کیا مین یہہ تو عجب پھیر ہے — کہا بھائیون نے کہ کیا دیر ہے

نبی ابراہیم و اسحاق تو — کہ ہی راست گوئی مین طاق تو

خبر اپنی اس خواب کی ہم کو دے — نہین ہم کچھہ آگاہ اس خواب سے

کہا ہو کے لاچار یوسف نے خواب — دیا ان کو جسطرح پوچھا جواب

پھر اس بعد ہو قوم صالح تم — سعادت کا رشتہ نہ ہو تم سے کم

مراد اس سے تو ہے یہی انکی ضرور — کہ توبہ کرین وے پھر کرکے قصور

مسلمان اگرچہ کرے سو گناہ — کرے دل سے توبہ نہووے تباہ

حکایت

سنو ایک زاہد کے احوال کو — کہون تم سے مین اسکے سب حال کو

خدا سے وہ غافل نہ تھا ایک نفس — عبادت مین گذرے تھے دو سو برس

اس عابد کے دل مین ہوس تھی یہ سے — ارادہ وہ تھا ملنے کا ابلیس سے

کہے تھا وہ اسکو ہوا کیون خراب — لیا اپنے سر پر خدا کا عذاب

بہت غم تھا زاہد کو اسباب مین — ملا اسکو شیطان محراب مین

کہا کون ہے بولا ابلیس ہون — بہت رنج اٹھایا مین اب کیا کہون

ولیکن مین تجھپر نہ قادر ہوا — اثر تجھپہ میرا نہ ظاہر ہوا

تیری عمر جلنی گئی ای فقیر — ہے اتنی ہی باقی بحکم قدیر

سنا جب یہہ زاہد نے خوش ہوگیا — کہا دل مین اپنے یہہ ٹھٹھا ہے کیا

تیری عمر گذری عبادت مین سب — کچھ اب کیجیے عیش دنیا طلب

یہہ دو سو برس مین رہین جبکہ چار — عبادت مین دیجو انھین تو گذار

گناہون سے توبہ تو کرلیجیو — رہ حق مین تو اپنا سر دیجیو

لیا دل مین اپنے یہہ جب سنے ٹھان — لگا فعل بد کرنے وہ بیگمان

يُوسُفَ وَأَلْقُوهُ فِي غَيَابَتِ الْجُبِّ

کہا کہنے والے نے انہن سے یون | نہ تم مارو یوسف کو یہہ ہے زبون
اندھیرے کوئے مین سے ڈال دو | یہہ آیت کے معنے ہوئے مان لو
یہودا جو بیٹا تھا یعقوب کا | منع قتل سے سب کو کیا

يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ

مسافر کوئی اسکو لیجا نکال | تم اسطرح سے اسکو وہان سے ٹال

إِنْ كُنْتُمْ فَاعِلِينَ

اگر تم کو کرنا ہی اس کام کو | کرو جو ارادہ دلون بیچ ہو
کہا جبکہ یوسف کو بے کیجئے تلف | گئے بھائی سب باندھکر صف بصف
گئے سب اکٹھے ہو یعقوب پاس | بہت مضمحل اور بہت دل اداس

قَالُوا يَا أَبَانَا مَا لَكَ لَا تَأْمَنَّا عَلَىٰ يُوسُفَ ۱

کہا سب نے مل کے کہ اے سچے باپ | تجھے کیا ہے ہم سے نہین کچھ ملاپ
نہین ہم پہ یوسف کو [illegible] امین | ہمین سے ہوا تجھ کو یہہ بغض و کین
تو بھیج اسکو ہمپاس اے مہر دین | تو ہر بات مین کر ہماری یقین
یہہ آیت کا مطلب ہوا اے عزیز | سمجھ اسکو گر تجھکو ہے کچھ تمیز
سنا جبکہ یعقوب نے یہہ کلام | ہوا اسکا سب زرد چہرہ تمام
لگے کانپنے اسکے تب ہاتھ پاؤن | سنا اس نے جس وقت یوسف کا ناؤن

وَاَنْتُمْ عَنْهُ غَافِلُوْنَ

اسے بھیجا ساتھ ہم سب کے کل	چلین سارے جنگل کو گھر سے نکل
وہ کھیلے وہان جا کے اور کھاوے	خوشی اسکی خاطر کی ہو جاویگی

وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ

ہم البتہ اسکے نگہبان ہین	نہ ہم اسکے کچھ دشمن بیان ہین
سنا جب کہ یعقوب نے انکا حال	کہا اسکا جانا ہی مجھپر وبال
وہ پتلی ہی آنکھونکی اور ہی حبیب	نہو مجھکو اسکی جدائی نصیب
کہا ابن عباس نے یون کہا	سبھی بھائیون نے یہہ گردن جھکا
کہ ای باپ یوسف کی ہی آرزو	کہ کھیلے وہ ہم سب کے آ روبرو
کہا اسنے یوسف ہی لڑکا صغیر	نہو ہاتھ بھیڑون کے وہ دستگیر
کہا سب نے کسطرح لیجاینگے	اسیطرح تمپاس لے آئینگے

قَالَ اِنِّیْ لَیَحْزُنُنِیْۤ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ یَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ

کہا مین یہہ ڈرتا ہون لیجاؤ تم	میرے پاس اسکو نہ پھر لاؤ تم
یہہ ڈر ہی کہ بھیڑا انکھاوے اسے	کسی [illegible] کا درد آوے اسے
کہا ہی یہہ تفسیر والون نے یون	کہا باپ نے ذکر بھیڑیکا کیون
سبب یہہ کہ دیکھا تھا یک خواب ہم	اور اس خواب سے اسکو تھا اضطراب
یہہ دیکھا کہ بھیڑے ہین یوسف کے پاس	اور یوسف سے ان کو ہی بہتیرا ہراس
اسی خواب سے اسکو ڈر ہوگیا	کہ بھیڑونکا دل پرخطر ہوگیا

کہا تیرے نزدیک حسرت بڑی ۔ تبا مجھکو دنیا مین ہے کونسی
کہا کار دین سے جو غافل تمام ۔ رہا اسکو حسرت رہیگی مدام

حکایت

اسیطرح ایک اور رات کو ۔ لگا پوچھنے کوئی اسباب کو
کہ حق نے تیرے ساتھ کیا کیا کیا ۔ تجھے مرتبہ کس طرح کا دیا
کہا سامنے اپنے کرکے کھڑا ۔ مجھے حق تعالی نے ایسا کہا
محبت کا میری کیا تو تھا مدعی ۔ بھلا پھر یہہ غفلت تو کیون کی
اسیطرح ایک شخص نے باپ کو ۔ جو رویا مین دیکھا کہا آپ کو
مین پوچھون ہون تبلاؤ کیا حال ہے ۔ کہا ہمکو غفلت کا جنجال ہے

حکایت

سنا ہے کہ یکشخص ایک شخص پاس ۔ عیادت کو آیا تو دیکھا اداس
او ہے خود مریض اور شاگرد سب ۔ مین گرد اسکے بیٹھے ہوے با ادب
ولیکن وہ ہے و رہا زار زار ۔ کہا اس نے اتنا ہے کیون بیقرار
کہا سب ہمارا زون کو روتا ہوں مین ۔ منہہ اپنے کو آنسو سے دھوتا ہون مین
کہ آخر کیا مین نے غفلت سے کام ۔ کیا کام میرا سب اس نے تمام
بڑا مجھکو غفلت کا ہے دلمین درد ۔ یہہ کہکر بھری اس نے یک آہ سرد
پھر ایک دم سرد اور مر گیا ۔ وہ غفلت سے اپنی بہت ڈر گیا

کہا اسنے یوسف سے اے میری جان
تو اسباتمین کیا کرے گا گمان

کہا تب یہہ یوسف نے اے پیر باپ
مجھے ساتھ جانیکی رخصت دین آپ

کہ بھائی کرین ہین بہت مجھکو پیار
مجھے کچھ نہین وہان کے جانیمین عار

یہہ سنکر کہ یعقوب رونے لگے
وہ آنسو کے موتی پرونے لگے

کہا پھر یہہ یوسف نے کھاکے غم
کہ مجھکو اب اسباتکا ہے الم

کہ تو پاس میرے جو ہر دم رہا
مجھے صبر تو بھی بہت کم رہا

رہون زندہ کیونکر جو تو جاوے دور
کہ تو ہے میری آنکھ کا بلکہ نور

حکایت

کہا ہے براہیم نے یک جوان
نظر مجھکو آیا بہت ناتوان

نحیف اسکا جسم اور ضعیف اسکا تن
وہ تھا زرد رنگ اور لاغر بدن

وہ کرتا تھا کعبہ کا یکدن طواف
کہا مین نے اس سے یہی صاف صاف

کہ کیا حال تیرا ہے کہہ مجھسے تو
نہین مین نے دیکھا تجھے خوش کبھو

کہا یک پری کا ہوا مین غلام
میرے دلپہ الفت کا مارا ہے دام

کہا مین نے نزدیک ہے یا کہ دور
کہا ہے وہ ہر وقت میرے حضور

کہا مین نے تابع ہے وہ یا نہین
ملے ہے کبھی یا کہ ملتا نہین

کہا میرے تابع ہے فرمان پذیر
نہین حسن مین اپنے رکھتا نظیر

موافق کہا مین نے اور پاس ہے
تو پھر تجھکو اسطرح کیون یاس ہے

کہا بھائیون سے پھر اسکے سپرد
زمرد کی جو تھی چھڑی اسکے پاس
اور ایک جس مین رکھتے ہین زاد سفر
دیا کوچ کے وقت زاد اسمین دھر
اور اسحاق نے زاد یعقوب کو
رکھا اسمین یعقوب نے کچھ طعام
اور ایک ساتھ پانی کا برتن کیا
چلا ساتھ یعقوب چند یکقدم
رہا باپ جبتک تو تھا یہہ عجب
جدا جبکہ ہونے لگے باپ سے
کہ بھائی ہی یوسف ہمارا عزیز
ہشو تم ہر دلمین کرو کچھ خطر
کہا پھر یہہ بیٹون کو یعقوب نے
نصیحت مین کرتا ہون سنیو ذرا
خدا واسطے تم سے ہی ایک سوال
جو یوسف ہو بھوکھا تو دیجو طعام
تھکے ماندگی سے اگر راہ کی

کہ وے تھے بزرگ اور یوسف تھا خورد
چلے لیکے وہ ہاتھ مین تھا اس
خلیل اسکو رکھتا رہا ہر سفر
براہیم نے آگے کے پھر پیر
اسیمین دیا تھا نام اسکو سنو
اور انواع میوے سب اسمین تمام
اسے بھر کے پانی سے انکو دیا
کہ دیکھے سے یوسف کے گھٹ جائے غم
اٹھائے تھے یوسف کو مونڈھے پہ سب
لگے عرض کرنے وہ سب آپ سے
ہمین اس سے بہتر نہین کوئی چیز
کہ یوسف ہمارا ہے لخت جگر
غمین ہو کے اس خفگی کے محبوب نے
سدا دلمین تم رکھیو خوف خدا
اسے مانیو ہر ایزد تعال
خبر اسکے پانی کی لینا مدام
قسم ہے تمہین پاک اللہ کی

یہہ دیکھا کہ بھیڑے ہین گرد اسکے
نہین اُن پہ یوسف کا چلتا ہے بس

ہر یکطرف سے اسکے کرتے تھے زور
اسے کاٹتے ہین مچاتے ہین شور

گئی اسمین تھوڑی سی نیند وہ انکی ہٹ
نکالا کے یوسف کو آئے سمت

اُٹھی چونک پھر ہوکے وہ بیقرار
لگی رونے جلدی سے یک چیخ مار

اسیوقت آئی وہ پھر باپ پاس
نہایت ہی غمناک چہرہ اداس

جو دیکھا تو جاتے ہین بھائی تمام
کھڑے ہین گئے یعقوب علیہ السلام

کھڑے دیکھتے ہین وے اس راہ کو
سبھی بھائیونکو اور اس ماہ کو

کہا کیا کیا میرے بھائی کے ساتھ
گیا وہ نہ آویگا پھر میرے ہاتھ

کہا مین نے بیٹونکو سونپا اسے
ملاوے خدا ہمسے پھر لا اُسے

کہا انکو سونپا ہے تا وے تمام
کرین اپنی خدمت کا اُسکو غلام

جو تقدیر مین تھی وہی آ ہوئی
نہایت ہی یہہ بات بیجا ہوئی

اسے فرصت اسجا پہ تھوڑی ہوئی
گئی انکے پیچھے وہ دوڑی ہوئی

گئی دوڑ رہے جان اسکی تھی تنگ
پکڑ کرکے یوسف کو گئی وہ لٹک

کہا بھائی تجھکو نچھوڑونگی مین
ذرا منہہ کو تجھسے نموڑونگی مین

لگی رونے آنکھوں سے آنسو بہا
کہ یوسف تو ہمراہ انکے نجا

ذرا میرے اوپر تو کرنا نظر
تیرے غم سے گھر مین جاونگی مر

اسطرح تو عبد مومن آجان — رہا گرد مولا پہ ہی بار یان

وہ جبتک کے مولا کے ہی اپنے پاس — نہین اسکو ابلیس سے کچھ ہراس

جو اجکے مولا سے اپنے ہوا — ہوا بندہ آخر وہ ابلیس کا

گئے لیکے یوسف کو بھائی تمام — طرف کوہ کنعان کے بیعقل خام

ہوئی جاکے وہان سبکی یہہ گفتگو — کرو قتل یوسف کو جو ہو سو ہو

پہر آئی جبل سے یکایک ندا — کہ ہی قتل یوسف کا بس نا روا

میرے پاس قتل اسکو کیجیو نہ تم — کہ ہوتے ہین اسسے میرے ہوش گم

کسینے کہا کچھ نہ سن التفات — وہی قتل کی دلمین ٹھانی تھی بات

ہوئی ایک درندی کی پھر یہہ ندا — اسے اولاد یعقوب سے برملا

اگر قتل یوسف کو تمنے کیا — تو پھر سخت آویگی تم پر بلا

تمھارے ہین جتنے مواشی تمام — درندونکا ہو قوت وہ لا کلام

سنا سبنے اسکو ولیکن غضب — زیادہ تھا یوسف پہ تھا یہہ عجب

پھر آئے چراگاہ مین اپنی سے — عذاب اور تکلیف یوسف کو دے

وہان ایک رسی سے باندھا اسے — کیا سب نے مل سخت رسوا اسے

بہت اسنے گریہ وزاری کیا — لہو اپنی آنکھون سے جاری کیا

کہ یعقوب تک مجھکو لیجائیے — خطا میری کیا ہی یہہ بتلائیے

کسینے سنا کچھ نہ اسکا کلام — کہا کیجئے کام اسکا تمام

کہا اُسنے آ میرے دامن تلے ۔ بلا سر سے تیرے کسی ڈھب ٹلے
کہا بھائیون نے یہود اسے آ ۔ کہ تو عہد سے اب ہمارے پھرا
کہا پھرنا اسکی عہد سے خوب ہی ۔ مجھے اب یہی بات مطلوب ہی
اگر قتل یوسف کو کرتے ہو تم ۔ تو پہلے کرو مجھکو دنیا سے گم
نبی نے کہا ظلم سب ہی سیاہ ۔ نہ چھوڑونگا تا حشر ظالم کو آہ
مریگا نہ ظالم مگر ہو فقیر ۔ اُٹھیگا قیامت مین ہوکر حقیر
اندھیرا رہے قبر مین ظلم کا ۔ رہے حشر تک اسکے سر پر بلا
خدا کا ہی ظالم پہ غصہ مدام ۔ ہی محروم رحمت سے وہ لا کلام
قیامت مین جو شخص مظلوم ہی ۔ پکڑ ہاتھہ ظالم کا اُس سے کہے
کہ میرا ترا آج انصاف ہی ۔ یہہ جھگڑا میرا اسگھڑی صاف ہی
صحیفہ جو ظالم کا ہوگا تمام ۔ نہوگا کہین اسمین نیکی کا نام
کھیگا الٰہی میری نیکیان ۔ لکھی تھی جو ساری گئی اب کہان
یہہ ہو حکمنامہ مین مظلوم کے ۔ تیرے کام نیک اسمین سب ہین لکھے
کہے جبکہ مظلوم یا رب پکار ۔ تو کہتا ہی اسکو خداوندگار
ندا اسکو دیتا ہی لبیک کی ۔ کہ دنیا مین ایذا جو تجھکو ملی
قیامت مین لونگا مین بدلا ترا ۔ نہ لونگا تو تجھپر مین ظالم ہوا
ارادہ کیا قتل یوسف کا جب ۔ ہوئے جمع پھر قتل کرنے کو سب

سترا سکو جب اپنا آیا نظر ‎ ‎ ڈھکا ہاتھ سے اپنے اسوقت پر

کہا بھائیون سے دو یہ کرتا میرا ‎ ‎ ڈھنکون ستر اپنا برائے خدا

یہان مین ڈھنکون اس سے اپنا بدن ‎ ‎ کوئیمین یہی ہوگا میرا کفن

دیا اسکو اسباتکا یون جواب ‎ ‎ کہ کرتا تجھے دیگی اب تیرے خواب

تو سورجکو اور چاند کو اب پکار ‎ ‎ تو گیارہ ستارونکا آواز مار

گئے بھول تجھکو وہ سب اسگھڑی ‎ ‎ تیری جان پر آکے آفت پڑی

قمیص اسکا کرنے لگے جب جدا ‎ ‎ دیا دوسرا ہاتھ اس سے لگا

جدا انکے ہوتا نہ تھا ہاتھ سے ‎ ‎ نچھوڑے تھا کرتہ کو دو ہاتھ سے

کہ شمعون نے کود کے بید ہڑک ‎ ‎ لیا ہاتھ سے اسکے کرتا جھٹک

گلے بیچ یوسف کے رسی کو ڈال ‎ ‎ کوئے کیطرف کو چلے جلد چال

کنواں تھا کہ قہر الٰہی تھا وہ ‎ ‎ کہ مہ سے کھدا تا بماہی تھا وہ

سراسر وہان خار اور سنگ تھا ‎ ‎ وہ یعقوب سے تین فرسنگ تھا

کھدایا تھا شداد بن عاد نے ‎ ‎ کیا اسکو تیار شداد نے

اسے کھودیمین کہون تجھسے سب ‎ ‎ لگے یکہزار اور دو سو برس

جہنم کا قعر اسکے آگے تھا گرد ‎ ‎ ہوا اسکے آگے تھی وہ زخمی سرد

پکڑ کر کے دونو طرف سے رسن ‎ ‎ کوئے مین کیا سارا یوسف کا تن

وہ آدھے کوئے تک پہنچا تھا ‎ ‎ دیا کاٹ رسی کو کاردنگائیے

پڑھا اسنے یوسف کا قصہ تمام
صحیفہ مین ذکر اسکا آیا مدام

خدا اسکو غم سے نہ کرتا ملول
دعا اسکی سب جلد کرتا قبول

کہا اسنے اے میرے پروردگار
ہوا دل ہی یوسف پہ بے اختیار

نکر قبض میری تو اب جان کو
دکھا مجھکو اس ماہ تابان کو

کیا حکم حاکم ملا رب نے
ندا اسکو دی ہاتف غیب نے

کہ تیری نہ اب قبض ہوویگی جان
رہیگا تو مدت تلک بے گمان

زمانیکو یوسف کے پاویگا تو
ملاقات کو اسکے جاویگا تو

ولیکن جو شداد کا ہی کوا
تجھے حکم رہنے کا وہان پر ہوا

وہ جب اسمین آکر کے داخل ہوا
یہہ مطلب وہین اسکا حاصل ہوا

عبادت وہ کرتا تھا اس چاہ مین
وہ ہر وقت یوسف کی تھا چاہ مین

ہمیشہ اسکے کھانیکو جنت سے یار
خدا بھیجتا تھا اُسے یک انار

وہان شمع کی اسکو حاجت نتھی
کہ تھی روشنی وہان یہہ قندیل کی

ہوا اسطرح پر جو حکم خدا
وہان ایک قندیل روشن ہوا

محبت مین مخلوق کی یہہ کرم
خدا نے کیا اسپہ یہہ دمبدم

خدا کی جو خالص عبادت کرے
تو رتبہ نہ کیون پھر زیادت کرے

یہہ رہتا تھا عابد کوئیمین مدام
خدا کی عبادت مین تھا صبح وشام

یہان تک کہ یوسف گرا چاہ مین
زمین تک نہ پہنچا تھا وہ راہ مین

مرا اس جگہہ پر ہی انکا کمال | یہہ دو نو صفت مین ہی وہ بیمثال
سزاوار بندیکو ہرگز نہین | کہ ان دو نو صفتون سے ہو وہ قرین
اجا لیسے حقنے نکالا اُسے | کوے کے اندھیر مین ڈالا اُسے
سبب یہہ کہ جب مصر کا بادشاہ | ہو یوسف تو اسکو رہے یہہ نگاہ
کہ حکم خدا کا ہوا صیدوق | نہ ہرگز کسو کو کرے قیدوق

فَلَمَّا ذَهَبُوا بِهٖ وَاَجْمَعُوْۤا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ

گئے لیکے یوسف کو جنگل مین جب | اکٹھے ہوئے اسجگہہ سب کے سب
ہوئے سب کے سب جمع اس بات پر | کہ ڈالین کوئیمین اسے باندھکر
کوئیمین خبر ہمنے یون اسکو دی | کہ یوسف خفا تو نہو جو کبھی
کرینگے تجھے ہم بڑا بادشاہ | بہت تجھکو دیوین گے ملک و سپاہ
تیرے بھائی ہو کر کے سارے ذلیل | تیرے پاس آئینگے ڈھونڈھین سبیل
فقط وحی کا ہو گیا یہہ بیان | سبب اسکا کیا تھا کرون مین عیان
کہ یوسف کی کچھہ اسمین تسکین ہو | اور اسکی ذرا عز و تمکین ہو

لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا

کہ البتہ تو انکو دیگا خبر | اُنھون نے کیا ہی جو کچھہ شر

وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ

نجانینگے بھائی تجھے دیکھکر | جب اس کام کی ان کو دیگا خبر

وَجَآءُوْۤ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ

یقین ہو گیا اور بھی با نصیب [illegible]

نہین آتی یوسف کی صورت نظر | پڑی ہمیہ کوئی مصیبت مگر

قالوا یا ابانا انا ذھبنا نستبق

کہا سب نے ای باپ جنگل مین جا | ہوئے جمع ہم سب کہ دوڑین ذرا
یہہ دیکھین کہ آگے بڑھے کون ہی | رہے جو کہ پیچھے وہ ہی سست چلا
یہہ سبقت کے معنے مین ہی مراد | اور ایک اور ہی اسکو بھی رکھو یاد
کہا ہہ کہ آپسمین پھینکنگے تیر | بڑھے جسکا آگے وہی ہی امیر

وترکنا یوسف عند متاعنا فاکله الذئب وما انت بمؤمن لنا ولو کنا صادقین

بٹھا ہمنے یوسف کو کپڑون کے پاس | گئے دوڑنے سب کے سب بیہراس
کہ اتنے مین بھیڑیا اسے کھا گیا | یقین تجھکو ہوگا کب اس بات کا
اگرچہ ہم آپسمین ہین راست گو | ولے اسکو کب راست جانے ہی تو
یہہ آیت کے معنے ہوئے ہین بیان | اب آگے سنو اسکی ہی داستان
سنا جب کہ یعقوب نے یہہ کلام | ہوا کام گویا کہ اسکا تمام
گرا کھاکے غش اور گیا دل دھڑک | غشی مین رہا شام سے صبح تک
لگے رونے اولاد اسکی تمام | کہا سب نے بیجا ہوا ہم سے کام
کیا قتل بھائی کو اور باپ کو | گنہگار ہم نے کیا آپ کو
قیامت کو کیا دینگے اسکا جواب | خدا جبکہ لیویگا ہمسے حساب

حکایت

پھر آئی افاقت تو رویا بہت ‏ ‏ دل و جان کو اپنے کھویا بہت

کہا سُننے رو رو کے اے ہمدروست ‏ ‏ تو ہی مغز ہی اور مین صرف پوست

تیری مجھکو امید چھوٹی نہین ‏ ‏ ملاقات کی آس ٹوٹی نہین

تو سچا ہی اور ہی تیرا خواب سچ ‏ ‏ رہیگا تو آفت سے البتہ بچ

بٹھاتا تھا چھاتی پہ اپنی تجھے ‏ ‏ پر اب چین کسطرح آوے مجھے

سلاتا تھا زانو پہ تجھکو مدام ‏ ‏ حفاظت میری تیری آئی نہ کام

پھر جا کر کے پھر کوہ پر کی ندا ‏ ‏ بلند اپنی آواز سے یون کہا

کہ ای جتنے ہو تم وحوش و طیور ‏ ‏ درندے ہو جنگل کے نزدیک و دور

میرے تمنے یوسف کو کیون کھا لیا ‏ ‏ مجھے کسلئے تمنے یہ دکھ دیا

سُنا ہی کہ جتنے وحوش و طیور ‏ ‏ جہانتنک کہ رہتے تھے نزدیک و دور

پرندا و چرندا و درندے تمام ‏ ‏ وہ اسدم نہین روتے رہتے تا بشام

قمیص اسکا چھاتی سے اپنے لگا ‏ ‏ ہر ایک جا پہ دیکھے تھا آنکھین جھکا

نہ مٹی نہ نچو نکا اسپر نشان ‏ ‏ نہ دانتون کا لگنا کچھ اسپر عیان

وہ مکر انکا اسوقت ظاہر ہوا ‏ ‏ فریبون سے اُن کے وہ آگاہ ہو

پھر جانا کہ ہی یہ بناوٹ تمام ‏ ‏ جو کہتے ہین ہی جھوٹھ سارا کلام

کہا پھر یہ اولاد نے کھا کے غم ‏ ‏ ستم ہی ستم ہی ستم ہی ستم

کہ یوسف کو پھاڑا درندون نے آ ‏ ‏ قمیص اسکا کس طرح ثابت رہا

پھر جانا کہ بھیڑا تو حیوان ہے ‌ ‌ کہیگا سخن کیا وہ انسان ہے

بچھا جال جنگل میں جا بید رنگ ‌ ‌ لیا پھانس یک بھیڑیا لال رنگ

بہت عمر سے ہو گیا تھا ضعیف ‌ ‌ نہایت ہی بوڑھا تھا وہ اور نحیف

پکڑ کر اُسے باندھکر دست و پا ‌ ‌ کیا سامنے باپ کے لا کھڑا

کہا اُسنے ای بھیڑئے سنگدل ‌ ‌ تو ہوتا نہیں میرے آگے خجل

کہ یوسف تھا میرا وہ بدر منیر ‌ ‌ کیا تو نے جنگل میں کیونکر اسیر

نہ کی تو نے پیری پہ میری نظر ‌ ‌ کیا اُسپہ دانت کو تیز کر

کہا بھیڑیا سر جھکائے ہوئے ‌ ‌ کوئی جیسے ہو شرم کھائے ہوئے

وہ بڑھ کر کے تھوڑا سا آگے ہوا ‌ ‌ لگا درد سے رونے سر کو جھکا

پھر آخر کو یعقوب نے یوں کہا ‌ ‌ سر اپنا طرف آسمان کے اُٹھا

کہ ای میرے خالق خدائے کریم ‌ ‌ نہیں کوئی تیرا شریک و سہیم

برائے براہیم و اسحاق تو ‌ ‌ کہ اس بھیڑئے کو ذرا طاق تو

برائے محمد کہ ہے اسکا نام ‌ ‌ فلک اور زمین بیچ روشن تمام

ذرا اس درندیکو دے تو زبان ‌ ‌ کہ ہے حال جو کچھ کرے سب بیان

ہوا اسوقت حکم خدا ‌ ‌ کہ ہاتھ اپنا تو اسکے سر پر لگا

پھر اُس سے یہہ کہہ بول از حکم حق ‌ ‌ وہی کہیو جو کچھ کہ ہے راست و حق

کیا اُسنے جسطرح حق نے کہا ‌ ‌ لگا بھیڑیا بولنے مرحبا

کدھر سے تو آیا کدھر جائیگا — سنا حال اپنا مجھے بھی ذرا

کہا مصر سے مین چلا طرف شام — کیا مین نے طی یون یہہ رستا تمام

کہ یک بھائی میرا ہوا ہی جدا — زیارت کرون اسکی بہر خدا

کہا پھر یہہ یعقوب نے کسلئے — بتا مجھکو جاتا ہی تو جسلئے

کہا میرا دادا جو ہو کر اداس — گیا ایک دن تیرے دادا کے پاس

وہ دادا تیرا ہی براہیم نام — کیا میرے دادا سے تھا یہہ کلام

جو کوئی زیارت کو بھائی کی جائے — خدا کے لئے وہ قدم کو اٹھائے

وہ اسکا ہو بھائی ویا ہو قریب — ویا دوست اسکا ہو یا ہو حبیب

تو دیوے خدا اسکو نیکی ہزار — اور اتنی بدی اس سے دیوا اتار

اور اتنے ہی درجے خدا اسکو دے — بلاشک ہے باغ جنت ملے

جو البتہ بھائی سے کوئی ملا — ملے اسکو دیدار اللہ کا

ملا جو کوئی بھائی سے بھائی جا — ملاویگا اسطرح انکو خدا

وہ اسطرح سے دونو گویا ملے — شہادت کی انگلی سے وسطی ملے

سنا اپنے دادا سے مین یہہ کلام — سو اسواسطے مین چلا طرف شام

کہ بھائی سے اپنے مین جا کر ملون — یہہ رستہ پڑا وانپہ جا کر کہے یون

کہا باپ نے پھر یہہ اولاد کو — کہ تم یہہ حدیث اس سے جلدی کہو

کہا بھیڑئے کو کہ پھر پڑھ اسے — ہی بہتر کہ کچھ فایدہ ہو جسے

نہ وے جن سے ہین اور نہ انسان سے | کہوں ان کو ہین جنس حیوان سے
ہی اول بوہیڑا وہ یعقوب کا | کہ جس نے سب احوال اُس سے کہا
دویم ناقہ سوم سگ اصحاب | کہ جہہ شخص تھے سب وارباب کہف
وہ چوتھا گدہا ہی کہ عیسی سوا | ہوا کرتے اُپر سن اہوشیار
ہی خچر نبی کا تو سن با یقین | پہرا اور جانور کوئی ایسا نہین
سوا انس و جن کے ہی جنت نصیب | اسے سن لے ہی یہہ حکایت عجیب

قال بل سولت لکم انفسکم امرا

کہا ہے سکہا رے یہہ نفسونکا کام | ہوئے اپنے نفسون کے تم سارے رام
کیا نفس نے تم کو آخر خراب | نہا قتل یوسف کا تمکو صواب
کیا نفس کا اسلئے یہان بیان | کہ ہوتی ہے اس سے بدی سب عیان

حکایت

کرے ہے روایت حسن ابن زید | کیا باپ کو موت نے اُسکے قید
مرے پر گئے تھے برس دو گذر | پڑا خواب مین باپ اُسکی نظر
بدن پر تھے کپڑے بڑے ہی ننگے | بری شکل کے اور برے حال کے
کہا مین نے بابا یہہ کیا حال ہی | مگر تجھپہ کچھہ سخت جنجال ہی
کہا کیا کہوں اے پسر نبا مال | دیا نفس نے آگ مین مجھہ کو ڈال
نہ ہوتا کبھو نفس کا رام تو | کبھی پھر نہ پاوےگا آرام تو

خلیل اور اسحق کے واسطے — گنہ میرے یا رب تو اب بخشدے

یہہ دیکھ اسکا رونا فرشتے تمام — لگے رونے اور بولنے یہہ کلام

کہ یا رب یہہ کیا ہی رونا کہ ہم — لگے رونے جسکے سبب یکقلم

ہوا حکم جبریل کو جا شتاب — ہمارے طرف سے کر اسکو خطاب

کہ رب نے تیرے تجھہ پہ بھیجا سلام — تیرا رنج بھی اب ہوا سب تمام

کہا آکے جبریل نے کھا نہ غم — ہوا تیرے خالق کا تجھپر کرم

ہوا حکم یوں اب کوئیے نکال — تجھے جلد دینگے بہت ملک و مال

تیرے دینگے یعقوب کو صبر ہم — کسیطرحکا اب نہ آویگا غم

تجھے مصر کی دینگے سارے زمین — کرینگے تجھے اس جگہہ کا امین

کہا پھر یہہ جبریل نے ایک دعا — بتاؤں کہ ہو اس سے حاجت روا

کہا مجھکو اسوقت بتلا ضرور — کہ ہو غم میرا اسکے پڑھنے سے دور

کہا اس دعا کو پڑھا کر مدام — بر آویگا سب تیرا مطلب تمام

دعا کا مین سندیہن مطلب کہوں — جو کچھ اسمین ہے مندرج سب کہوں

مضمون دعا

الٰہی تو ئی ہی اکیلوں کا یار — غریبونکا صاحب بھی اور غمگسار

تو شاہد ہی اسکا جو ہو دلمیں بات — ہلاکت مین جو ہو اسے دے نجات

تیراتا ہی دریا مین ڈوبے کو تو — کہ ہر رنج و شدت مین صاحب ہی تو

نکال اسکو آگے کیا ہی کھڑا
لگا اسپہ برسانے یاقوت و دُر
اُٹھا نیند سے پھر کہا اُسنے جا
کہا اُسنے گرد و تو د نیار دے
جو مانگا تھا اُسنے دیا اسکو لا
کہ کنعان مین تجھکو ملے یک غلام
غنی ہو تو اسکے سبب سے کمال
بچے اسکی برکت سے دوزخ سے تو
قیامت تلک نام تیرا رہے
سنا جب کہ مالک نے یہہ ماجرا
سفر کا ہوا اسکے سننے سے عشق
وہان سے کنعان کو آیا شتاب
لگا دیکھنے پھر وہ آکر وہان
کہ اتنے مین ہاتف نے آواز دی
ہی تعبیر رویا کو پنجا سال
پھر آیا وہ ہٹ کر مکانکی طرف
پھر آ مصر مین یہہ کیا اُسنے کام

پھر یک ابر آیا بہت زور کا
کیا اُسنے چن چن کے صندوق پہ
کسی شخص سے اسکی تعبیر کیا
مین تعبیر اسکی بتاؤں تجھے
وہین اُسنے تعبیر دی یون بتا
کہ ہووے غلام اُسکی خلقت تمام
قیامت تلک کم نہو پھر وہ مال
ملے تجھکو جنت بلا گفتگو
بنا خوب سب کام تیرا رہے
کیا قصد دلمین وہین شام کا
بہت کرکے کوشش گیا وہ دمشق
اقامت یہان کی بصد اضطراب
زمین کو کبھی اور کبھی آسمان
کہ اے شخص جلدی نہ کرنا ابھی
کہ تا راست ہووے وہ تیرا خیال
تردد مین ملتا ہوا دو نو کف
برس مین وہ دو بار جاتا تھا شام

کوٹے کی گیا خاک پر آ کے لوٹ
پکڑا ہی گدھے اسکو جیسے تو ہو
تب آ کر کے یوسف سے وہ مل گیا
اتار اپنے مونڈھوں سے دنیا کا بار
وہ مالک جو تھا دیکھ ابن ذعر
طلب میں وہ یوسف کی مدت سے تھا
مسلمان طلب جو خدا کی کرے
رہے تین دن اسمین یوسف پڑے
ہوا جب کہ جو تھا ذن ایام سے
رئیس اس کا تھا مالک ابن ذعر
روایت ہے آئیکی اسطور بھی
کہ اولاد یعقوب کے آ گئے
کہ یہاں اب نہ ٹھہرو نکل جاؤ تم
کہا سب نے کھانا ہے تیار اب
دیا ان کو مالک نے کھانا بہت
وے شرما گئے اور اترنے دیا
کوٹے پر جو مالک نے کی ٹک نظر

ہوا عشق یوسف میں وہ لوٹ پوٹ
کہ خالی کیا بوجھ سے اپنا دوش
خدا پر اگر ہے تیرا دل گیا
سبک ہو تو پاویگا اسجا یہ بار
نہ اسلام تھا اسمیں باور تو کر
پھر آخر کو حاصل ہوا مدعا
بھلا اس سے محروم کیونکر رہے
کوئی کیسے ہوئے بخت اس سے بڑے
وہاں آ گیا قافلہ شام سے
ادھر آ گیا راہ کو بھول کر
ہوئی اسمیں یک واردات اور بھی
یہہ آ کر کے تاجر کو فرما گئے
چراگاہ میں مت خلل لاؤ تم
چلے جائیں گے کھا کے ہم سب کے سب
وہ سب قافلہ میں تھا دانا بہت
انھیں چاہ کے گرد پھرنے دیا
جو دیکھے تو ہے نور وہاں جلوہ گر

کیا آپ نے خود سے گرا پنا مول — نہ کچھ اسکی قیمت نہ کچھ ہے تول

خدا صورت و جسم و اعمال کو — نہیں دیکھتا اور نہ اقوال کو

دل اور نیتوں پر رکھے ہے نظر — نبی کا یہہ ہے قول باور تو کر

ہوا ڈول جو وقت یوسف کے پاس — گیا ڈول میں بیٹھ وہ بے ہراس

لگا کھینچنے ڈول کو جس گھڑی — کہا بخت نے کی ہے کچھ یاوری

جو دیکھا تو ہے ڈول بھاری بڑا — لگا دیکھنے ڈول کو سر جھکا

جو دیکھے تو ہے چاہ نخشب کا چاند — مہ و مہر بھی اسکے آگے ہیں ماند

خدا کی خوشی ہے کہ ہذا غلام — جسے ڈھونڈتے عمر گذری تمام

کہی کعب احبار یوسف کی شان — کہ صورت کا اسکے نہیں کچھ بیان

جو دیکھیں تو آنکھیں تھیں کحل تمام — سپیدی سیاہی میں جوں صبح شام

مجعد تھے بال اسکے سب پیچدار — ہر ایک بال میں پیچ ہے جسکی تار

سرین اور بازو تھے فربہ تمام — کمر کا گویا بیچ میں تھا نہ نام

تبسم میں اسکے جو کچھ نور تھا — بیاں کس سے ہووے یہہ مقدور کیا

جو ہوتا کبھی رات کو بے حجاب — تو گویا کہ آیا نکل آفتاب

خدا نے جب آدم کو پیدا کیا — اسے حسن و صورت کا مالک کیا

جو صورت تھی بوا آدم کی قبل گناہ — وہ یوسف میں آئی بلا اشتباہ

قال یا بشری هذا غلام

اسیطرح حق دیکھے ایمان کو ۔ نہ دل کو وہ دیکھے نہ وہ جان کو
خدا نے رکھین پانچ چیزین چھپا ۔ نہین اُنپہ واقف کسیکو کیا
ہے پانچون نماز وسطی نماز ۔ وہ ہے کونسی کچھ نہ کھولا ہے راز
اور آیات مین اسم اعظم چھپا ۔ نہین جانتا کوئی ہے کون سا
ولی و خدا مومنون بیچ جان ۔ ولی کا بھی ظاہر نہین کچھ نشان
اور جمعے مین ہے ایکساعت چھپی ۔ کوئی اسسے واقف نہین ہے کبھی
شب قدر رمضان مین سارے جان ۔ نہین کوئی ساعت مقرر تو مان
سبب یہہ کہ شوق اُن کو غالب رہے ۔ ہر ایک وقت شخص اس کا طالب رہے
کہون پھیر یوسف کے مین حال کو ۔ بیان کچھ کرون اسکے جنجال کو
بیان ابن عباس نے یون کیا ۔ کہ بھائی جو یوسف کے اسجا پہ آ
کوئے مین جو جھانکا تو یوسف نہین ۔ نہین اس کا ملتا پتا کچھ کہین
لیا گھیر جا کر کے بچار کو ۔ کہا تم مین ہے ایک غلام ہمکو دو
کوئے مین پڑا تھا ہمارا غلام ۔ نکالا ہے تمنے اُسے لا کلام
جو دیتے ہو دو ورنہ آواز سخت ۔ کرین اسطرح جسسے کہ اڑ جاد رخت
تمہاری نکلجائے جسمون سے جان ۔ نہ باقی رہے کچھ تمہارا نشان
نکالا پھر آخر کو ٹھکرا کے ۔ لے آئے وہان سامنے سب اسے
لگا پھیر یوسف وہان کانپنے ۔ منہ اپنے کو ڈر سے لگا ڈھانپنے

اگرچہ ہی مالک بہت مال کا — ولیکن یہہ قیمت نہو گی ادا
جو راضی ہو دیکھو بہت کم میں بیچ — میرے پاس تھوڑے ہی درہم میں کچھ

وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُودَةٍ

عوض میں ثمن کے کہ تھا وہ حرام — دیا بیچ یوسف کو با عقل خام
ثمن میں لئے اس سے چند یک درم — دیا بیچ یوسف کو بے خوف و غم
کہوں بخس کے معنے آئے حرام — یہی ابن عباس کا ہے کلام
کہا ابن عباس نے بے غلط — عوض بیس درہم کے اسنے لیا
روایت ہی بائیس درہم کی بھی — کتابوں میں کچھ اس سے ہے کم کی بھی
دیا ہاتھ تاجر نے کیسے میں ڈال — دئے درہم انکو اسی دم نکال

وَكَانُوا فِيهِ مِنَ الزَّاهِدِينَ

وے سب بھائی یوسف کے بیزار تھے — بکے چند درہم کو اسواسطے
روایت ہی موسیٰ علیہ السلام — ہوئے یکدن ابلیس سے ہمکلام
کہ سجدہ نہ آدم کو تو نے کیا — بھلا اسمیں دیکھا تھا کیا فایدا
کہا میں ہوں عاشق خدا کا تمام — مجھے غیر کو سجدہ کرنا حرام
تجھے یوں کہا دیکھ لے طور کو — جو قایم رہے دیکھ اس نور کو
تیری عقل اسوقت جاتی رہی — نظر طور کی طرف تو نے جو کی
اگر بند کرتا تو آنکھوں کو تب — تو ملتا اسیوقت دیدار رب

کہا اسکو مالک نے یوسف تو آ
منگا کر پھر یک صوفکا پیرہن
پھر یک طوق و زنجیر اسنے پکڑا
دیا طوق و زنجیر مین اسکو ڈال
لگا کوچ ہونے جو تجار کا
اجازت اگر مجھہ کو یک دم کی ہوا
کرون بھائیون سے مین جا کر کلام
کہا جا تو اور وہ چلا وہان سے تھا
چلے جلد تا وہ نہ آوے یہان
جو دیکھا کہ بھائی ٹھہرتے نہین
پکارا اُنھین اور رونے لگا
گلے طوق زنجیر پاؤن مین تھی
گئے پاؤن زنجیر سے جو چھیل
یہودا کا دل ہوگیا دیکھہ نرم
ذرا ٹھہرو یوسف کرے ہے کلام
وہ جا پاس ہر ایک کے پاؤن پڑا
لگا پاؤن کو چومنے سبکے وہ

وہ نزدیک سبکے بلکر گیا
ڈھکا اسنے یوسف کا سارا بدن
دیے ہاتھہ گردن کو اسکی جگر
ہوا رنج یوسف کو اس سے کمال
تو یوسف نے مالک سے اپنے کہا
کہ میرے اس درد اور غم کی ہو
غمین اون چھوٹے بھائی کو اپنے پیام
جو بھائیون نے دیکھا تو پاؤن اٹھا
ہوئے اس جگہہ سے وہ بھائی روان
نظر اسکے جانب کو کرتے نہین
قدم راہ مین تیز ہونے لگا
یہہ آفت نہ آئی تھی اسنے کبھی
اُکھڑ کے زمین پر گرا منہ کے بل
کہا سب کو آتی نہین تم کو شرم
یہہ سنکر کے بھائی وہ ٹھہرے تمام
سر اور انکی آنکھون پہ بوسہ دیا
لگا گرد پھر گھومنے سب کے وہ

جدا مجھکو یعقوب سے کر دیا
جگر میرا اندوہ سے بھر دیا

بدن سے وہ کرتا اتارا میرا
بدن وہان ننگا تھا سارا میرا

دھرے کاندھے پہ دونون پیر
جکڑ ہاتھ رسی سے باندھ کر سیدھے

اندھیرے کوئے بیچ ڈالا مجھے
نہ وان سے کسی نے نکالا مجھے

کوہمن بھی مرے اوپر مار رکھی
ہر ایک طرف پتھرونکی بوچھار تھی

تمانچون سے منہہ کو کیا میرے لال
لگا پاؤن نیچے مجھے سب نے ڈال

کیا بد پانی اور رکھا نام میرا
مین آئی ہون کیا مجھکو کہتا ہے تو — بتا تجھکو کس کی ہے یہان جستجو

جو خالق ہو موجود ہر وقت پاس — تو مخلوق اُسکو کیون ہو ہراس

کہا مین نے کر تو دعا تا بچین — یہہ مشتاق اسباب ہم ہت نہ تھے

اُٹھا ہاتھ اُسنے کہا پھر یون — کہ اے مالک آسمان بے ستون

تو غالب ہے بندونپہ اپنے تمام — برآوے دعا سے ترے سبکا کام

عرب ہے یہہ اُنسے ہین کی پھر ندا — کہ کسنے یہہ کی ہم پہ ہے بد دُعا

کہ لوٹے ہمارے ہوئے سار خوت — کسیکی ہوئی بد دعا سے یہہ شوت

پھر انکے لئے اُسنے کی اک دعا — کہ ای مالک الملک رب العُلے

تو انکو بھی دے اس بلا سے نجات — کہ ہین یہہ بھی بندے ترے پاک ذات

یہہ تایب ہوئے اپنے افعال سے — ہمارا نہین کچھ گیا مال سے

ہوئی اُنسے بھی سب بلائین بھی دور — کیا عفو انکا خدا نے قصور

گیا قافلہ اُس جگہہ پھر ٹھہرا — وے اعراب رستے گئے اپنے گھر

کہا مین نے اے مصر دین مبین — بحق نبی سید المرسلین

تو ہی کون بتلا مجھے اپنا نام — کہ تیرا ہوا آج سے مین غلام

کہا شمس میرا العہ نام ہے — مگر تو بتا تیرا کیا کام ہے

کہا خواہش مرد گر ہو تجھے — تو قربت مین اپنی جگہہ دے مجھے

کہا تجھسے پوچھون ہون مین انکبات — جواب اُسکا دے مجھکو ای نیک ذات

کہا مین کہ پوچھہ اسکو کہتی ہے کیا — کہا عقل کی ہے خبر مجھکو بتا

ہوئے دیکھ حیران سب ماجرا — کہا اسمین تمکو تعجب ہے کیا
جو ہوا ہے مولا کا فرمان پذیر — ہوا اس سے مخلوق کو کچھ گزیر
ہوا نہ ہے نکل اسکے اک بات جائے — ہوا کیوں نہ پورا اسے کر دکھائے
جہان حکم پر اسکے ہیں جو روان — زمان و زمین انجم و آسمان
یہہ تہہ کرده دریا مین جاتا رہا — مگر پھول کی طرح ترتا رہا
زلیخا پر وہ جب آج حجت تھا — اسی وقت سے پانی پہ جاتا تھا وہ
ہو دیکھا زلیخا نے یوسف کا حال — کہ اسکو بھی مجھسے ہے نفرت کمال
کبھی جا سکے یہہ روح اسکے پاس — کہ سن مجھسے اک بات امی کیدا
کیا مجھکو یوسف نے بدنام اب — مرا حال کہتا ہی لوگوں مین سب
سہا اسکا کچھ ور باقی علاج — مگر یہہ کہ ہے قید تو اسکو آج
یہہ جا ہیگی خاطر زلیخا اگر — اسے چاہتی رکھتی کب قید کر
یہی شاہ کو بات آئی پسند — کہ کیجے کس طرح یوسف کو بند

ثم بدا لهم من بعد ما رأوا الآیات

ہوئی سب کی ظاہر ہی دلمین بات — وہ یوسف کی ظاہر ہوئی گو برات
نشانِ صداقت بھی ظاہر ہوا — قمیص حال سے اسکے ماہر ہوا
کلام نبی اور سجود صنم — وہ شق قمیص اور بھی پیش و کم
وے اسکو ہی قید ہی کیجیے — اسے تھوڑی تکلیف اب دیجیے

لگے لوگ آنے بہت فوج فوج
جس میں بھی اسکا ہوا موج سا

طعام اور تحفے بہت بے شمار
اسے لوگ دیتے تھے لا بار بار

کچھ افطار بعد اسکے لیتا تھا کھا
فقیروں کو باقی وہ دیکے ڈالتا

جو تھے دیتا میں انکو دیتا وہ سب
ہوئے اسکے تابع وے سب اس سبب

دلو جان وہ سب کے ہوا پھر بلند
وہاں قید میں جو کہ تھے شخص بند

رہا کرتے یوسف کی خدمت میں سب
کھڑے رہتے حاضر وہاں باادب

بچھا فرش اوپر بٹھایا اسے
رئیس اپنا سب نے بنایا اسے

روایت ہے یوسف سے ہو ہمکلام
دیا آکے جبرئیل نے یہ پیام

کہ تو قید خانوں سے اپنے ہوا
جو اللہ سے تونے مانگی دعا

اگر عافیت مانگتا حق سے تو
نہ ہوتی تجھے کچھ بھی ایذا کبھو

تھا زندان میں جو بڑا کارکن
کہا اسنے یوسف سے اک اور سخن

تجھے چاہتا ہوں دل و جان سے
میں کہتا ہوں یہ بات ایمان سے

کہا مجھکو دیوے خدا اب پناہ
نہ دل کو لگاوے تیرے بیچ چاہ

کہا کس لئے تجھکو نفرت ہوئی
بڑا کیوں تمہاری محبت ہوئی

کہا باپ کا عشق تھا مجھ اوپر
ہوا میں اسکے سبب دربدر

محبت زلیخا کی یہ مجھ پر کیئے
کہ زندان میں مجھکو ہے بٹھلا دیا

سو عاشق اگر تو کہیں ہو میرا
تو اب قتل ہے ایک باقی رہا

دیا بھیج باندی کو یوسف کے پاس
کہ ہرگز نہونا تو دل میں اداس

تو مت جان تو ہے تجھی پر عذاب
میرا دل بھی کھاتا ہے سوچ و تاب

تو اوروں کے نزدیک ہے قید میں
میں تابع ہوں تیری نہ بھول اب ہمیں

کہ یوسف تو انکھوں کا ہے میرے نور
نہ بھولونگی کبھی گر ہوا مجھسے دور

قیامت میں جس وقت ہو نفخ صور
ہراک کا ہو دہشت سے وہاں تک دور

خدا بھیجدیگا فرشتہ کو پاس
کہ مومن کو کہدے نہونا اداس

تو اوروں کے نزدیک ہے رنج میں
رکھیں ہم تجھے نعمت و گنج میں

یہاں بیچ ... شمعوں کے لیے
نہ غم کر کہ آزاد ہم نے کئے

لباس اور کرسے شراب اور طعام
زلیخا اُسے بھیجتی صبح و شام

امارت ملک سے زلیخا نے لی
کہ خدمت میں اسکے نہووے کمی

وہ اوروں کے نزدیک محبوس تھا
زلیخی کے دل میں وہ مانوس تھا

اسیطرح دنیا میں مومن حقیر
ہے ظاہر میں نزدیک سب کے فقیر

خدا کے وہ نزدیک ہیگا عزیز
نہیں اسکے بہتر کوئی اور چیز

سنو ابکہ کیا ہے عجب ماجرا
جو زندان کا مالک تھا اسکو بلا

زلیخا نے اسطرح سے کہدیا
کہ زندان میں جس وقت تو جائیگا

تو یوسف کو تو مار تو جا کے اب
کہ تو دیکھ ذرا اور ڈرسے کہا غضب

کہا کس لیئے اسکو مارے ہے تو
تو عاشق ہے تجھپے تو کیا ہو

نہایت ہی محزون و مغموم ہیں — ہیں عاجز بہت اور مظلوم ہیں

وہ ساقی اور خباز اور شاہ کے — خفا ہو کے خیمہ آکے سے

کہا تم پہ کیوں اس طرح کا ہے غم — کہا کہتے ہیں تجھ سے دو خواب ہم

ہمیں خواب سے اپنے ہے گا ہراس — اسی غم سے دل ہے ہمارا اداس

قَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّي أَرَانِي أَعْصِرُ خَمْرًا

کہا ایک نے میں نے دیکھا یہ خواب — نچوڑوں ہوں انگور سے میں شراب

وَقَالَ الْآخَرُ إِنِّي أَرَانِي أَحْمِلُ فَوْقَ رَأْسِي خُبْزًا تَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ

کہا دوسرے نے مرا سن کلام — کہ روٹی دھری سر پہ میں نے تمام

پرندے اسے کہاتے ہیں چیر کر — یہ دیکھا ہے خواب اسکی تعبیر کر

یہ آیت کا مطلب ہے تو اسکو جان — اب آگے ہے تفصیل سے کچھ بیان

جو ساقی کی تھی خواب اسکو تمام — کہوں تجھ سے سن تجھ سے ای نیکنام

یہ دیکھا کہ شہ نے بلایا اسے — بلا گھر میں اپنے بٹھایا اسے

گیا باغ میں شہ کے وہاں تین شاخ — نظر آئیں انگور کی بس فراخ

انہیں لیکے بویا زمیں میں تمام — جمیں اس سے شاخیں بہت لاکلام

لگے تین خوشے لیا انکو توڑ — بنائی شراب اس نے انکو نچوڑ

بھرے اسکے شربت سے پھر تین جام — پلائے ملک کو وے تینوں تمام

سنو خواب خباز کا ماجرا — گویا گھر میں وہ شہ کے داخل ہوا

ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ

[illegible]

يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ

[illegible]

کہون تجھے معنی اس آیت کے اب
یہہ دونو سے یوسف نے اُسدم کہا
جو کچھ تمکو کھانیکو آویگا اب
جہان سے وہ آویگا کھانا تمام
کہا اس طرح کا طعام آویگا
کہا جس طرح تھا اُسی ڈھب ہوا
کہا پھر یہہ ساقی نے یوسف بتا

ذرا سُن انہین کرکے اب دلمین غور
کہ اک بات تمکو مین دونون ہون بتا
سنو تجھ سے تفصیل تم اسکی سب
تمھین حال اُسکا کہون لاکلام
تمھارے وہ کھانیکو کام آویگا
کہا تھا جو اُسنے وہی سب ہوا
مجھے کس نے یہہ علم آخر دیا

ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ

یہہ رب نے سکھایا ہے پیرے مجھے
جو کچھ وحی کرتا ہے مجھکو خدا
کہا پھر مین بیزار ہون کفر سے

کہانت سے کہتا نہین مین اسے
اسیطرح کہتا ہون مین تم سے آ
دیا چھوڑ ہے مین نے دل سے اسے

اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ

مین چھوڑا ہے اس قوم کو سر بسر
وے اور آخرت کو نہین مانتے
مین اب دین آبا کا تابع ہوا
نہین ہمکو لائق ذرا مارین دم

نہ لاوین جو ایمان اللہ پر
قیامت کو برحق نہین جانتے
براہیم و اسحاق و یعقوب کا
کرین شرک اللہ کا کچھ بھی ہم

مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ

[illegible]

کہ اُسکے سوا مت عبادت کرو | یہہ ہی دین محکم اسے ملکے لو

وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ٥

بہت لوگ لیکن نہیں جانتے | وہ حکم خدا کو نہیں مانتے
روایت ہے یوں ابن عباس سے | اس آیت کے معنے جو سنے کہے
مطیع اور عاصی کو روز حساب | خداوند دیگا ثواب و عقاب
اسے لوگ ہرگز نہیں جانتے | نہیں اسکے درجے کو پہچانتے
روایت ہے ساقی مسلمان ہوا | ولیکن نہ خباز مومن رہا
مسلمان ہوئے اہل زندانکے | نبی سارے یوسف کو پہچانکے
کہا بعد ایمان کے لائق ہے یوں | کہ اک بات میں اہل زندان کہو
کہو اپنے احوال تم دل کا سب | کہ دو چیز سے تمکو کیا ہے طلب
میرے ساتھہ زندان میں رہتے ہو یا | چھٹنا چاہتے ہو کہو تم ذرا
جو تھے یکہزار انہیں اور چار سو | لگائی دل اپنے کی یوسف سے لو
کہا چار سو نے تیرے ساتھہ ہم | رہیں قید میں کچھ نہیں اسکا غم
ہزار انہیں کہنے لگے ہمکو اب | چھوٹیں قید سے بس یہی ہے طلب
کہا جاؤ نکلو یہاں سے شتاب | کہا یہ نہیں ہے بہتر ہوگا عذاب
پیادے ہیں زندانکے چھوڑینگے جب | پر اک کو کرینگے وے ڈھونڈا اور طلب
کہا میں کروں حق سے ایسی دعا | کہ تمہیں نہ دیکھے کوئی بھی پکڑا نہ جا

فَأَنسَاهُ الشَّيْطَانُ ذِكْرَ رَبِّهِ

اس اپنے ہی عہد سے یہ قائم رہے ترا مرتبہ پھر یہہ دایم رہے
کہا پھر یہہ خباز کو کل کے دن ترا رزق دنیا سے جاویگا چھن
کھینچے گا تو اُٹھتے ہی سولی پہ گل تیری جان سولی پہ جائیگی نکل
ترے سر کو کھانے لگینگے کوّے تمام نہ پہنچے گا تو صبح سے تا بشام
یہہ سنکر کے خباز رونے لگا اک آواز ماری کہ یا حسرتا
لگا کہنے میں نے نہ دیکھا ہے خواب کہا جھوٹھ تجھسے یہہ حال خراب
کہا تو نے دیکھا ہے یا اب نہیں قضا بھی خدا کی پھرے ہے کہیں

قُضِيَ الْأَمْرُ الَّذِي فِيهِ تَسْتَفْتِيَانِ

ہوا حکم جاری اب اس کام میں پڑو تم نہ ناحق کے اوہام میں
جسے پوچھتے ہو سو اب ہو چکا جو ہونا تھا پہلے ہی سب ہو چکا
کہا تم نے سچ یا کہا ہے دروغ اسی طور ہوویگا اُسکا فروغ
ہو فجر جو وقت خباز کو کہا شاہ نے جلد سولی پہ دو
دیا اسکو سولی پہ کوّے تمام دماغ اسکا کھانے لگے صبح شام

وَقَالَ لِلَّذِي ظَنَّ أَنَّهُ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِي عِنْدَ رَبِّكَ

کہا اُسکو جسکا ہوا تھا یقین بچیگا یہہ آفت سے غم کچھ نہیں
کہ جب جائیو اپنے صاحب کے پاس مجھے یاد کریو میں رکھتا ہوں آس
یہہ آیت کا مطلب ہے رکھہ اسکو یاد اب آگے ہے تفصیل اسکی زیاد

کہا دیکھ تو تو زمین کو ذرا / کہ ہو قدرت حق سے تو آشنا
جو دیکھے تو سب وہ زمین پھٹ گئی / وہ آنکھون کے آگے سے سب ہٹ گئی
زمین کے کھلے پردے ساتون تمام / نظر آیا تحت الثریٰ اسکو عام
نظر آیا وان ایک پتھر پڑا / سفید اور شفاف تھا خوب سا
وہین اسکو جبریل نے مارا پر / ہوا آدھا ادھر اور آدھا ادھر
پھٹا جب وہ پتھر تو اک سرخ رنگ / نکل اس سے کیڑا چلا بیدرنگ
لئے منہ مین اک سبز پتا تھا وہ / وہی برگ کھاتا کہ جیتا تھا وہ
کہا تجھسے حق نے کہی ہے یہ بات / کہ قادر ہون مین رازق کائنات
جو کیڑے کو پتھر مین پہنچائیگا / تجھے بھول کس طرح وہ جائیگا
اسے رزق پتھر مین بھولا نتھا / تجھے بھولتا کس طرح مین بھلا
صفی اور خلیل اور ہمارا ذبیح / تو اولاد مین انکے ہیگا صریح
تجھے کس طرح بھولتے ہم بھلا / جو پتھر مین کیڑا نہ بھولا ذرا
ہوا ملتجی اسکی تو جو تجھے / بچانے خدا اور بندہ تجھے
بھلا اور برا اپنا جانے نہین / تجھے اپنے دل سے وہ مانے نہین
بتا کسنے اب تک بچایا تجھے / اور ان بھائیون سے چھڑایا تجھے
کوئیں سے نکالا ہی کسنے بھلا / دیا کسنے تجھکو یہ سب مرتبا
سنا جب کہ یوسف نے تو کا غشا / ندامت کے مارے ہوا آب آب

میرا شاہ سے جا کے احوال کہہ
ہوئی اُسسے قید جز پنج سال
سُنو ایکدن کی عجب واردات
حضر کے مین زندگی کے اک روز تھا
یہہ دیکھا کہ اِک قافلہ شام کا
اور اسمین ہے اک شخص ناقہ سوار
سپہر دل ہی نام اُسکا مشہور ہے
جو ناقے نے یوسفؑ کو دیکھا وہین
فصاحت سے وہ بات کرنے لگی
کہون تجھسے کیا حال یعقوبؑ کا
قد اُسکا ہوا خم ہے مثل کمان
یہہ احوال سُنکر کے یوسفؑ کو غم
وہ آنکھون سے آنسو بہانے لگا
وہ چہرہ جو تھا اُسکا مہتاب وار
نظر آئے آنسو جو کیجے قیاس
سپہر دل اُٹھا ایک لیکر عصا
کیا جب ارادہ کہ مارے عصا

کہ ہون قید مین میرا حال کہہ
ہوتا زیادہ اُسسے کچھ ملال
کہون ایک یوسفؑ کی مین تمسے بات
وہ بیٹھا ہوا سب کو تھا دیکھتا
طرف مصر کے سیدھا وہ آتا چلا
وہ کنعان سے آتا ہی اُلفت شعار
اور اُس اونٹنی پر وہ سرور ہے
گئی بیٹھہ تسلیم کر بر زمین
کہ یوسفؑ مین کنعان سے آئی ابھی
کہ غم سے ترے اُسپہ کیا کیا ہوا
فقط پوست باقی ہے یا استخوان
ہوا سخت یعقوبؑ کا اور الم
بہت دل مین غم اپنے کھانے لگا
ستارے لگے جھڑنے وان بیشمار
ستارے ہے مہتاب کے آس پاس
کہ دے اونٹنی کو وہان سے اُٹھا
زمین مین وہ زانو تلک دھس گیا

کہا میں ہوں جبریل روح الامین ‏ فلک پر سے آیا ہوں زیر زمین

کہا میں نہایت خطاوار ہوں ‏ خدائی برین کا گنہگار ہوں

مقرب ہے تو خاص درگاہ کا ‏ امین اور مرسل ہے اللہ کا

میرے پاس آنیکا کیا ہے سبب ‏ کہا تجھسے راضی ہوا تیرا رب

تجھے رب تیرا بولتا ہے سلام ‏ لکھا صالحون مین تیرا آج نام

کہا پھر یہہ یوسف نے روح الامین ‏ تو کرتا ہی ہر روز سیر زمین

بتا زندہ یعقوب ہے یا نہین ‏ نشان اُسکا تجھکو ملا ہی کہین

کہا زندہ ہی غم مین ہے مبتلا ‏ خدا نے اُسے صبر ہے کچھ دیا

کہا میری غربت کا کہہ اُس سے حال ‏ کہ ہے ہجر مین رنج اُسکو کمال

کہا حکم اللہ کا یہہ نہین ‏ کہ تیری خبر اُسکو پہنچے کہین

تیرے غم مین اُسکو کیا مبتلا ‏ تیرے سر پہ زندانکی ڈالی بلا

کہ تا صبر کا تمکو درجہ ملے ‏ طرح گل کے پھر دل تمھارا کھلے

زمانہ ہوا رنج کا اب تمام ‏ چھٹے ہے تو زندان سے اب صبح دم

کسیکام کو جب کہ کرتا ہی رب ‏ اُٹھاتا ہی اُسکے لئے اک سبب

ہوا سات برسونکا جب انقضا ‏ رہا جس مین یوسف بغم مبتلا

کہا یا الٰہی مین ہون اب غریب ‏ کبھو مجھکو ہوویگا جنت نصیب

کیا جبکہ یوسف نے اتنا خروش ‏ ہوا پھر تو دریائی رحمت کا جوش

یا ایہا الملأ افتونی فی رؤیای ان کنتم للرؤیا تعبرون

قالوا اضغاث احلام وما نحن بتاویل الاحلام بعالمین

جو دُبلی تھین گائین وے دانتون پر آ
گئی انکو سینگون تلک سب نگل
نہ کچھ گوشت کھانیسے زیادہ ہوا
وے داخل ہوئین شہر مین آنکر
وہ کرتی تھین ہر وقت آواز سخت
نکل مصر سے پھر جدی ہو گئین
گئین تین انہین سے مشرق کو چل
اور اک جو رہی وہ ہوا ہو گئی
اور اک سات خوشے ہین تازہ تمام
نہین ایسی سبزی مین دیکھی کہین
نمود انکین دانے ہوئے ہین تمام
اُگے ہین پھر اتنے ہی گنتی مین سات
گئین خشک تازونکو سارے لپٹ
رطوبت جو تھی انکی سب جذب کی
کیا خشک سب نے رطوبت کو پر
اور اک مین نے دیکھا یہ نازک جوان
مین دیکھی نہین ایسی صورت حسین

لیا موٹیون کو اُنہون نے اٹھا
بدن انکا ویسا ہی تھا بی خلل
بدن پر وہی پوست سب خشک تھا
پھرین تھین وے دوڑی ہوئی گھر بگھر
نہایت ہی تھی صوت انکی کرخت
کہین کوئی تھی اور کوئی کہین
گئین تین مغرب کی جانب نکل
یکایک سوے آسمان ہو گئی
نہایت ہی سبز اور شاداب عام
کہین ایسی سبزی جہان مین نہین
نہایت ہی خوش رنگ سرسبز عام
کہین سب کے سب خشک ای نیکذات
لیا چوس انکو گئین سب سمٹ
ہوئے خشک گویا رطوبت نہ تھی
نہ آتی تھی انمین تراوت نظر
نہایت ہی خوش شکل اور خوش بیان
ہوا دل پہ حسن اسکا نقش نگین

کہا پھر یہ ساقی نے جا شاہ سے ۔ کہ گر حکم ہووے کی درگاہ سے

وَقَالَ الَّذِی نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ أُمَّةٍ أَنَا أُنَبِّئُكُم بِتَأْوِيلِهِ فَأَرْسِلُونِ

کہا جسنے پائی تھی دو میں نجات ۔ کیا یاد گزرے برس جب کہ سات

کہ میں تمکو دیتا ہوں اسکی خبر ۔ میں تعبیر اسکی کہوں سربسر

مجھے بھیج دو تم جو زندان کو ۔ تو تعبیر کا حال پھر تم سنو

کہا شہ سے رو کر کے ہے اک غلام ۔ وہ ہے قید میں شاہ کی لاکلام

کہیگا وہ تعبیر اس خواب کی ۔ ہو تسکین تب جان بیتاب کی

میں آنکھے دنوں سے گیا اسکو بھول ۔ نہیں تو نہوتا دل شہ ملول

کہا شہ نے کا ہے کے جانا غلام ۔ کہ عالم ہے تعبیر رویا کا تام

کہا اسنے ناز کا سارا حال ۔ اور اسپر جو گذرا تھا سارا وبال

کہا شہ نے جا پوچھ اس خواب کو ۔ کہ تسکین ہو اس جان بیتاب کو

کہا مجھکو آتی ہے اس سے حیا ۔ کہ بھولا میں جو کچھ کہ اسنے کہا

کہا ست حیا کر تو اب جلد جا ۔ کہ ہوتا وہی ہے جو کچھ ہو لکھا

نجھے اسپہ ہرگز ملامت نہیں ۔ تری اور اسکی ندامت نہیں

گیا پھر تو ساقی وہاں دوڑتا ۔ وہ لے منہہ پہ کی آستین اڑھیا

جو یوسف نے دیکھا اسے یوں کہا ۔ کہ تو آستین اپنے منہہ سے اٹھا

بھلائی تھی اللہ نے تجھکو بات ۔ خطا کچھ نہیں تیری ای نیکذات

سبھی کو وہ تھی یاد اور شاہ کو
ہنر اُسکی تھی بر دل آگاہ کو

وے لے اب گئے بھول سب کے تئین
کہا کو خبر اُسکی اصلا نہین

کہا پھر یہہ یوسف نے مجھکو تمام
وہ ہے خوب معلوم سب لا کلام

کہا جو کہ دیکھا تھا سب شاہ نے
دیا علم تھا اسکو اللہ نے

پھر آکر کے ساقی نے شہ سے کہا
سُنا تھا جو یوسف سے سب ماجرا

ہنسا شاہ سُنکر کہا یہہ عجب
جو دیکھا تھا مین کہدیا اُسنے سب

تو اب پوچھ تعبیر اس خواب کی
کہ تا سکین ہو جان بیتاب کی

يُوسُفُ أَيُّهَا الصِّدِّيقُ أَفْتِنَا فِي سَبْعِ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعِ سُنْبُلَاتٍ خُضْرٍ وَأُخَرَ يَابِسَاتٍ لَعَلِّي أَرْجِعُ إِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُونَ

کہا تو یہہ یوسف بر اراست گو
ہمین سات گایون فربی کہو

کہ موٹی کو کھاتے ہین دبلی تمام
اور اک سات خوشے ہین سبز عام

ہین آگے سوکھے سوا اُنسے لپٹ
کیا خشک نے سارے تازونکو چٹ

کہون جاکے لوگون سے مین اسکا حال
وے شاید کہ سمجھین یہہ تیرا خیال

مراد اس جگہہ ناس سے شہ کو جان
اور اُسکے سب اصحاب و یارونکو مان

کہا عالمون نے کسی سے کہا
ہنسی سے کہ جن نے مجھے یون کہا

کہا کچھ نہین اسکے البتہ سچ
کہا جو کہ کہتا ہے ہوتا ہے سچ

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ

پھر اتیسرے بار ساقی سناب | دیا جو کہ یوسف نے اسکو جواب

قَالَ تَزْرَعُونَ سَبْعَ سِنِينَ دَأَبًا فَمَا حَصَدْتُمْ فَذَرُوهُ فِي سُنبُلِهِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّا تَأْكُلُونَ ۝ ثُمَّ يَأْتِي مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَأْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّا تُحْصِنُونَ ۝

کہا پھر یہ یوسف نے تم سات سال | کرو کھیتی بونیکا دل مین خیال

بطور اپنی عادت کے بونا مین | زراعت کرو پے بہ پے بالیقین

جو کاٹو تو خوشہ مین چھوڑو اسے | نہ دانہ نکالو نہ توڑو اسے

مگر اسمین تھوڑا جو کھاؤ گے تم | اسے کاٹ کر کام لاؤ گے تم

پھر آوینگے بعد اسکے سب سال سخت | برس سات ہونگے دلو پر کرخت

جو پہلا ذخیرہ ہوا ان سال مین | اسے کھاؤ گے تم برے حال مین

ذخیرہ وہ ہوگا انہین کے لئے | کہ خلقت سے کھا کے آخر بچے

مگر اسمین تھوڑا جو باقی رہے | ذخیرہ تمھارا ابھی اچھا رہے

ثُمَّ يَأْتِي مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ عَامٌ فِيهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيهِ يَعْصِرُونَ ۝

پھر اس بعد آویگا اک سال اور | کہ ہو اسمین لوگو پہ بارش کا طور

اسی سال مین ہووے سب کو نجات | کہا بعض نے ایسا ہی یکذات

کہا ہی جو قرآن مین یعصرون | مین قول اسمین بعضونکا تمسے کہون

تلونسے نچوڑینگے سب تیل کو | وہ زیتون سے روغن زیت ہو

قال ما خطبکن اذ راودتن یوسف عن نفسه قلن حاش لله ما علمنا علیه من سوء

فلما جاءه الرسول قال ارجع الی ربک فاسئله ما بال النسوة اللاتی قطعن ایدیهن

پھر آیا جو پاس انکے شہ کا رسول — کہا اسنے پھر جا میں ہون ملول
کہ اپنے ملک سے یہ جا کر سوال — کہ کیا مصر کی عورتون کا ہے حال
جنہون نے کہ کاٹے تھے ہاتھ اپنے آ — کہینگے وہ شاہ سے ماجرا
طلب کر کے شہ ہر ایک سے سوال — کہ یوسف پہ گذرا ہے کس طرح حال
کیا اس لئے تھا جو یوسف نے کام — اٹھے شاہ کے دل سے تا شک تمام
وہ یوسف کی جانب سے تھا بدگمان — تجسس میں تھا آشکار اور نہان
کیا صبر یوسف نے جور و زچند — نبی کو ہمارے نہ آیا پسند
نبی نے بہت سا تعجب کیا — کہ یوسف کو قاصد نے جدم کہا
کہ چل شاہ کرتا ہے اب تجھکو یاد — بر آوینگی سب تیری دلکی مراد
کیا صبر یوسف نے اور یون کہا — کہ ہٹ کر کے الٹا تو شہ پاس جا
اگر مجھ پہ ہوتی یہی واردات — نکرتا میں تاخیر کی کوئی بات
میں جلدی سے کہنے کو کرتا قبول — نہ جاتا کبھی پھر کے وہان سے رسول

ان ربی بکیدهن علیم

کہ تحقیق قید انکا جانے ہے رب — وہ دانا ہے جانے ہے جو کچھ ہے سب
سنا جبکہ یوسف کے پیغام کو — ملک نے کہا اسگھڑی شاد ہو
کہ آوین وے سب عورتین مصر کی — زلیخا بھی اور دائی جتنی یہ تھی

قالت امرات العزیز الآن حصحص الحق انا راودته عن نفسه وانه لمن الصادقین

ذلک لیعلم انی لم اخنه بالغیب وان الله لا یهدی کید الخائنین

خیانت ذرا مجھ مین ہوتی اگر	فضیحت مین ہوتا یہہ باور تو کر
کہا ابن عباس نے یہہ کلام	کہ یوسف نے جبدم کہا یہہ پیام
تو حاضر تھا اسوقت روح الامین	فلک پر سے آیا تھا زیر زمین
کہا اسنے یوسف نہین جانتا	زلیخا پہ تو نے کیا قصد کیا
بتا یہہ خیانت ہوئی یا نہین	کہا پھر یہہ یوسف نے روح الامین

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفۡسِیۡ اِنَّ النَّفۡسَ لَاَمَّارَۃٌۢ بِالسُّوۡٓءِ

نہین پاک کرتا ہون مین آپکو	کہ مجھسے کسی ڈھب برائی نہو
کہ تحقیق ہے نفس امارہ بد	بھرا ہے بدی سے زیادہ ز حد

اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیۡ

مگر جسپہ رحمت کرے میرا رب	بچاوے بدی سے اُسے بے سبب

اِنَّ رَبِّیۡ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ

کہ تحقیق ہیگا میرا رب غفور	رحیم اور کریم ہے اُسکا ظہور
ہوا شاہ پر جب یہہ روشن تمام	کہ یوسف کا ہے سب امانت کا کام

وَقَالَ الۡمَلِكُ ائۡتُوۡنِیۡ بِهٖۤ اَسۡتَخۡلِصۡهُ لِنَفۡسِیۡ

کہا شاہ نے لاؤ مجھ پاس اُسے	کسطرح سے اب ہو وہ پاس اُسکے
کرون اسکو خالص مین اپنے لئے	کہ کام اُسنے وقت کے کیا کیا کئے
پہنایا تھا یوسف کو دیبا حریر	کھنچی اُسپہ ہر جا سنہری لکیر

زلیخا نے خدام بھیجے کئی | کہ جا راہ میں آگے بچھائیں سبھی
زمین کو معطر وہ سب دور سے | کریں عنبر و مشک کافور سے
خوشی سے ہوئے تین دن ایکدم | ہوئے تین دن ایک سا جشن کم
جب آیا وہ دربار میں شاہ کے | ستارے ہوئے گرد اس ماہ کے
خدا سے طلب خیر کی اسنے کی | بدی سے پناہ اسنے چاہی تھی
اٹھا شاہ تعظیم کو دیکھ کر | ہوا جب کہ وہ ماہ سا جلوہ گر
لیا اسکو چھاتی سے اپنے لگا | اور آنکھوں میں آنکھوں کے بوسہ دیا
رکھا سر پہ تاج شہان اپنے ہاتھ | بٹھایا اسے تخت پر اپنے ساتھ
نہایت ہی اکرام و تکریم کی | بہت اسنے یوسف کی تعظیم کی
وہ تخت اسکا تھا تیس گز کا جو طول | اور عرض اسکا دس گز کا اسا وہ بھول
بچھا اسپہ اک لخت قالین کا فرش | زمین سے چمک جسکی ہوتا بعرش
وہ تھا فرش اوپر تلے تیس تو | لگے اسپہ موتی ہر اک طرف سو
نشست آکے یوسف کی اسپر ہوئی | نظر شاہ نے یوسف کے چہرہ پہ کی
نظر آیا چہرہ وہ آئینہ سان | بہت صاف و شفاف تھا بیگمان
رخ اسکا تھا آئینہ سان لاکلام | نظر آئی سب شے کی صورت تمام
چمکتا بدن تھا لصد تاب تھا | جگہہ سائے کے نور مہتاب تھا
کہا بادشہ نے جو ہوتا روا | تو سجدہ میں یوسف کو کرتا سدا

فلما کلمه قال انک الیوم لدینا مکین امین

قال اجعلنی علی خزائن الارض انی حفیظ علیم

نکالا جو یوسفؑ کو زندان سے
ملک نے وہ حال پریشان سے
کیا اسپہ الطاف و انعام خوب
بنایا کام اسکا سبھی کام خوب
اسیطرح زندان سے دنیا کے جب
نکالے ہے مومن کیتین انکا رب
کرے اسپہ انعام و اکرام تب
قیامت مین دیگا اسکو انعام خوب
کیا تھا جو یوسفؑ نے شہ سے سوال

[illegible]

اسی وقت ہوتا وہ مالک تمام — زمین مصر کی ہوتی یوسفؑ کے نام

برس دن کی تاخیر تھی اس سبب — کرشہ سے کیا آپ جاکر طلب

گیا جب کہ یکسال اسپر گذر — بلاشہ نے یوسفؑ کو تب اپنے گھر

دیا تاج و شمشیر اور اپنا تخت — کہ سونیکا تھا اسکا اسباب و رخت

اور اک سائبان اسپہ لچو کا کام — مکلل تھا یاقوت و دُر مین تمام

بٹھایا ملک نے اُسے تخت پر — دیا سونپ اُسے اپنا سب کرّ و فر

ہوا آپ معزول اور اپنی جا — خوشی دل سے یوسفؑ کو قایم کیا

اُسی شب مین پائی ملک نے وفات — نگذری سلامت ملک پر وہ رات

ہوا مصر پر حکم یوسفؑ کا سب — ہوئی اسپہ بیحد عنایات رب

نہ یوسفؑ نے کنعان کو چاہا عجب — زمین مصر کی کی ملک سے طلب

سبب یہ کہ کھانا بہت تھا تمام — بڑی حشمت و مُلک و عزتکا کام

اسی جاپہ یوسفؑ کو حاصل ہوا — وہ کنعان مین اک لخت مفلس رہا

اسیطرح مومن کی نکلے ہے جان — خدا کی جو رحمت کے دیکھے نشان

وہ دنیا کا مٹنا نہیں مانتا — وہ دنیا کو سمجھے ہے دار الفنا

مگر ہاں کہ کافر کو ہووے عذاب — وہ دیکھے ہے جب حال بالکل خراب

تو کہتا ہے دنیا مین یارب مجھے — ذرا بھیجدے جلد تو اب مجھے

کہ جاکر عبادت مین تیری کرون — بہت تجھسے دنیا مین جاکر ڈرون

[illegible]

گئے جب کہ بیتے وہ خوشی کے برس
گرانی کے سال آئے وہاں اور بس

ہوا بھوکھ سے مصر پر کا یہہ حال
کہ ہر ایک ہوش میں شکل ہلال

لگی سال کے پہلے جو نیم شب
ہوئی بھوکھ سب مصر یونکو غضب

اسی نیم شب میں ہوئے مست خر
لگے چیخنے بھوکھ سے گھر بگھر

اُٹھی بھوکھ کی ایک کلیجہ میں ہوک
پکارے تھا ہر ایک یہی بھوک بھوک

ہوا قحط اس طرح کا وہاں نمود
ہر ایک گھر کا توڑے تھا سب تار پود

کسی نے نہ یہہ قحط دیکھا سنا
فلک نے بھی وہ دیکھکر سر دھنا

روایت ہے اس سال میں غصہ ہو
دیا حق نے یوں حکم جبرئیل کو

ہیں ارزق کھانے میں بندے تمام
کئے جرم جانے میں تقصیر مدام

تو ہر ایک کے جا گھر میں آواز دے
کہ بھوکھ اور قحط یہہ تم پر پڑے

رہے یہہ بلا تم پر اب سات سال
کہ ہو بھوکھ سے تمکو رنج وملال

سو جبرئیل نے دی ہر ایک گھر ندا
کہ حق نے یہہ تم پر مسلط کیا

گیا وہاں سے جبرئیل نے جب رجوع
لگی کہنے خلقت کہ الجوع الجوع

روایت ہے یعنی سُن اے باتمیز
کہ بیٹھا جو کھانے کو گھر میں عزیز

جو موجود تھا گھر میں سب کھا گیا
وہ اسپر بھی پھر سخت بھوکا رہا

بلا کرکے یوسف کو تب اپنے پاس
کہا اسکی قصہ یہہ ہوکر اداس

روایت ہے جبرئیل کی وہ ندا
سُنی پہلے یوسف نے سب سے سوا

برس سات تک علیہم تھا نے ہوا
ہوئی قحط کی جب کہ سختی کمال
تھے یوسفؑ سے سب کرتے کھانا طلب
جو پہلا برس تھا تو اسمین تمام
نہ سونا نہ چاندی رہی مصر مین
خزانے مین یوسفؑ کے آیا تمام
لگا جب کہ اسکو برس دوسرا
جواہر تھا یا خز و دیبا حریر
سو اسی گئے تیسرے سال مین
جہانتک کہ تھین باندیان اور غلام
زمین اور رہنے کے جتنے تھے گھر
چھٹے سال مین اپنی اولاد کو
پھر اس سال ہفتم مین ہر ایک آ
کہ بیچے مین جا تو انکو اپنے تمام
خریدا انہین سب کو دیکر کے تاج
ندا آئی یوسفؑ کو اک غیب سے
کیا تیرا رب مصریون کو غلام

زمین سخت تھی اسمین جون توا
ہوئی بھوک سے خلق سب پائمال
وہ بیچے تھا غلہ کو ہر روز و شب
لیا بدلے غلہ کے نقدی کو عام
کہ تا اور غلہ دے یوسفؑ سے لین
کہین مصر مین تھا نہ نقدی کا نام
جواہر کے بدلے مین غلہ دیا
لگے بیچنے سب امیر و کبیر
ہوئی جب تو خلقت برے حال مین
بکے سال چوتھے مین وے سب تمام
بکے پانچوین سال مین سر بسر
لگے بیچنے سارے غمناک ہو
بتصریح یوسفؑ سے یون جا کہا
ہوئے آج سے ہم تمھارے غلام
خلافت کا سر پر رکھا اپنے تاج
غلام اپنا سمجھے تھے مصری مجھے
ترے عبد مصری ہوئے سب تمام

الْأَرْضِ يَتَبَوَّأُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَاءُ ۚ نُصِيبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَشَاءُ ۖ وَلَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ

اور ایسا ہی یوسفؑ کو مالک کیا
زمین پر اسے حکم ہم نے دیا

جسے چاہے اسمین انعام دے
زمین جس جگہ چاہے وہ قایم رکھے

جسے چاہین دیوین بزرگی بڑی
لگا دیوین رحمت کی اسپر جھڑی

کہ ہم اجر محسن کا کھوتے نہین
ثواب اسکا ہرگز نجاوے کہین

کہا حق نے یوسفؑ کو محسن سبب
یہین اسکا پاؤن تھین تھا تعجب

کبھی وہ اکیلا نہ کھاتا طعام
ہوا اُسن اسواسطے اسکا نام

کہا بعض نے تھا وہ مہمان پرست
بغیر اسکے ہرگز نہ دہوتا تھا دست

نبیؐ نے کہا جو کہ ایسا ہزار
گیا اسکے گھر مہمان ایکبار

نظر اسنے کی منہہ پہ مہمان کے
پھر وہ روز تک اسکے تن کو لگے

کسیکے جو مہمان آتا ہے گھر
فلک سے رزق اسکا آوے اُتر

نہ کھاتا ہے رزق الخانہ کا آ
خدا رزق دیتا ہے اسکا جدا

پھر اس گھر سے مہمان جاتا ہے جب
گنہ اسکے بخشے خدا سب کے سب

خدا واسطے جو کھلاوے طعام
نبیؐ نے کہا ایک بار اذن عام

گنہ اسکے بخشے گئے سب کے سب
گویا پیٹ سے ماکے نکلا ہے اب

جو مہمانکو کوئی کھانے کو دے
تو ہر لقمہ پر اُسکو کوئی ملے

نہ دیکھے وہ جنت کو جبتک تمام
مریگا نہین شس تو ہی نیکنام

کبھی اُسسے دریا مکدّر نہو / کدورت اُسسے کچھ متصوّر نہو

اسیطرح رحمت خدا کی تو جان / کہ دریائے بے انتہا اُسکو مان

گنہ تیری اُمت کے ہین جسقدر / میری چونچ مین گل ہے یہہ جسقدر

وہ رحمان ہے اور غفور رحیم / یہہ بندے گنہگار گو ہین عظیم

گنہ اُنکے حق کے صفت سے اُپر / نہ غالب کبھی ہیہہ باور تو کر

اسی قحط سالی مین جب عزیز / ہوا تخت ہمارا رہے عزیز

کیا اختیار اُسنے دار البقا / رہا تختِ شاہی پہ یوسف بجا

یہانتک کہ تھے ملک مین بادشاہ / اطاعت کی رکھتے تھے یوسف سے راہ

ہوئے سارے سرکش ذلیل اور خوار / ہوا مصر مین اُسکا کُل اقتدار

کیا سب نے یوسف سے ایمان طلب / یہانتک کہ تھے لائے ایمان سب

کیا پھر عدالت کا بازار گرم / تجارت کا شہرونکا تھا کار گرم

نچھوڑا کسی جا کو اُسنے خراب / جہان روشنی مین ہوا آفتاب

قصۂ زلیخا

روایت ہے دل مین زلیخا کے ڈر / ہوا یہہ کہ ڈالے مجھے قتل کر

وہ یوسف کو کرتی تھی اپنا جو رام / اسی سے ہوئی تھی وہ بدنام تمام

گئی بھاگ وہ مصر سے جان سے / عدو شاہ کو اپنا پہچان کے

ہوا قحط جو یہہ کئی سال کا / لیا سب نے غلہ زر و مال کا

کمر اپنی رسی سے تھی باندھتی — وہ رستے مین یوسف کے آبیٹھتی

ندا کرتی یوسف کو رو رو کے وہ — لہو سے منہہ اپنے کو دھو دھو کے وہ

زبس ہووے تھا خلق کا اژدہام — نہ سنتا تھا یوسف کچھ اسکا کلام

کوئی اسکا ہرگز نہ کہتا تھا حال — کہ ہیگی زلیخا کر اسکو خیال

زلیخا یہہ دائی سے کہتی مدام — کہ جسجا پہ ہو خاک اڑتی تمام

مجھے خاک مین دیجیو تو بٹھا — طرف سے جو یوسف کے آوے ہوا

پڑے میرے اوپر وہ مشک کی خاک — ہوا کے سبب ہو یہہ دل فرحناک

غبار اسکے لشکر کا آنکھوں مین جا — خدا کی ہے قدرت یہہ دیکھو ذرا

غلامونکی سر پر ہے شاہی کا تاج — جو تھے شاہ انکے گیا گھر سے راج

سواری جو یوسف کی جاتی گذر — پھر آتی وہ گھر اپنے باچشم تر

بتونسے یہہ احوال کہتی تمام — کہ میرا کسی نے سب کرو دیا کام

اسیطرح اسپر کٹے چند سال — لگی اسکا ہونے بہت تنگ حال

کہا ایکدن بت سے ہو تنگدل — کہ تجھکو نہین رحم ای سنگدل

تجھی عجز پر میرے تو نے نظر — میرا کھویا سب مال اور ملک و زر

دیا اسکو جو تھا وہ میرا غلام — کیا یہہ بہت ہی برا تو نے کام

عبادت مین یوسف کی رہتی اگر — کیا کرتی ملتا میرا مال و زر

یہہ کہہ کر کے اُس بت کو توڑا تمام — خدا سے لگی کرنے رو کر کلام

وہ طاعت ہے اور صبر ہو جس سے شاہ
گدا جس سے ہو وے وہ شہوت گناہ

ہوئی معصیت سے میں اپنی تباہ
ہوا صبر و طاعت سے تو بادشاہ

زلیخا ہوں میں تری خدمت گذار
کیا جان و تن ترے اوپر نثار

خریدا تجھے دیکے میں مال و زر
تجھے میری اب تک نہیں کچھ خبر

کیا واسطے ترے تاج و براج
ترے سر پہ شاہی کا ہے آج تاج

لگی تجھسے تھی میری سب دل کی لو
پہنائی تجھے دیکے میں پوشاک سو

کئے فرش قالین ترے لئے
تجھے کیسے آرام میں نے دئے

یہہ سنتے ہی یوسفؑ کو حسرت ہوئی
بہت دیکھکر دل میں عبرت ہوئی

کہا ترا کیدھر گیا وہ جمال
کہا ترے غم سے ہوا یا نہال

کہا ترا قد کیوں ہوا جوں کمان
کہا تیرے غم کی ہوئی میں نشان

کہا کیا ہوئے تیرے سنبل سے بال
کہا میرے تن کے ہوئے سب وبال

کیا رحم یوسفؑ نے اسکے اوپر
کہا اسکو لیجاؤ اب میرے گھر

پھر آیا جو کر سیر گھر کو شتاب
لگا کرنے خلقت پہ پھر احتساب

زلیخا کو دل سے گیا اپنے بھول
رہی اسکے وہ غم میں ہر دم ملول

کہا پھر جبریلؑ نے آکے یوں
کہ عقلات زلیخا سے کی تونے کیوں

اٹھا یوسفؑ آ بیٹھا کرسی پر آ
زلیخا کو پاس اپنے حاضر کیا

کہا اپنی حاجت کو تو ہم سے بول
کہ عقدہ ترا جو ہے دیتا ہوں کھول

[illegible]

لیا سنکے یوسف نے سر کو جھکا — پھر آ کر کے جبریل نے یون کہا

کہ کہتا ہی اس طور سے تیرا رب — زلیخا تھی بوڑھی جوان ہے یہہ اب

دیا اُسکو پہلا سا حُسن و جمال — تھی کافر ہوئی مومنہ باکمال

یہہ سب واسطے تیرے ہم نے کیا — پھر انکار کی اُس سے ہے وجہ کیا

یہہ کہہ کرکے جبریل پھر پاس آ — زلیخا کو بازو سے اپنے مَلا

ہوا اور بھی حُسن اُسکا دوچند — فروزان ہوئی مہ سے بھی چار چند

ہوئی حُسن و صورت مین جنت کی حور — کھلا اُسکے چہرے پہ اسطرح نور

نہ آنکھون سے دیکھا نہ کانون سُنا — اُسے دیکھ حورون نے سر کو دھنا

جو دیکھی تو ہے ناشگفتہ کلی — تو یوسف کو ہونے لگی بیکلی

اُسے دیکھ دل سے گئی اسکے تاب — لگا ہونے سینہ مین دل آب آب

ہوا آتش عشق سے بیقرار — لگا اُڑنے دل اُسکا سیماب وار

ہوئی شمع روشن پھر اُس نور کی — جو تھی تیرگی دور اُس سے ہوئی

پھر اِک روز روح الامین نے مباح — کیا آکے دونو کا عقد نکاح

ہوا دل کو جسوقت اُسکی قرار — زلیخا نے اِک گھر کیا اختیار

کئے بست سب اسکے دروازے بند — عبادت اُسے حق کی آئی پسند

اُسی گھر مین تھی جب ہوئی نیم شب — ہوئی دل مین یوسف کی اُسکی طلب

گیا جا کے اُس در پہ آواز دی — زلیخا نے اودھر توجہ نہ کی

[illegible]

نظر مجھ کو کرنی تھی تب حلال — کہ میں دیکھتا تیرا حسن و جمال
مگر مجھ کو اس بات کی ہے یہ فکر — کہ تو کس طرح سے رہی ایسی بکر
اور اک یہ کہ تھا زوج تیرا عزیز — رکھے تھا وہ تجھ کو نہایت عزیز
نہایت سے کی تو نے مجھ پر نگاہ — تعجب ہے اس بات کا مجھ کو آہ
کہا اس نے یوسف ملامت نکر — ترا حسن تھا اس طرح جلوہ گر
کہ جو کوئی دیکھے وہی غش کرے — تجھے جو کہ دیکھے وہ غش غش کرے
جوانی تھی مجھ پر وہ عین شباب — میرا دل گیا تجھ پہ اس دم شتاب
قسم ہے مجھے ایزد پاک کی — کہ جس نے مجھے عقل و ادراک دی
بلوغت سے گذرے تھے چھبیس سال — عزیز اتنا رکھتا تھا مجھ کو نہال
ولے پاس میرے نہ آیا کبھی — نہیں ہاتھ مجھ کو لگایا کبھی
رہی ہوں نہیں اب تلک اس طرح فرد — سمجھتا نہیں عورت ہے وہ یا کہ مرد
سوا تیرے دیکھا نہیں غیر کو — نہیں گھر سے باہر گئی سیر کو
کیا پھر زلیخا نے شکر الٰہ — کہ سرزد نہ مجھ سے ہوا کچھ گناہ
محبت میں تیری میں روتی رہی — سدا جان کو اپنے کھوتی رہی
ترا دین میں نے کیا اختیار — ہوا مجھ سے راضی خداوندگار
زلیخا نے یوسف سے پھر یوں کہا — کہ میں کون ہوں مجھ کو اب تو بتا
کہا تو بتا میں نہیں جانتی — نہیں اس حقیقت کو پہچانتی

پلٹ کر جو آتے تھے پھر شام کو ‌ ‌ ‌ بیان کرتے یوسف کے اکرام کو

وہ یعقوب کے تھا جو رہنے کا گھر ‌ ‌ ‌ تلے اُسکے تھا قافلوں کا گذر

وہاں کہتے جو مصر کا ہے عزیز ‌ ‌ ‌ رکھے ہی بہت میہمانکو عزیز

نہایت کریم اور نہایت رحیم ‌ ‌ ‌ نہایت عقیل اور عجائب فہیم

وہ سیرت میں نیک اور حسین و خلیق ‌ ‌ ‌ وہ ہی عدل و انصاف میں بس لیق

یہہ سُنکے یعقوب علیہ السلام ‌ ‌ ‌ تفکر میں رہتے تھے ہر صبح و شام

کہ یارب یہہ ہے کون نیکو خصال ‌ ‌ ‌ ہے بیشک کوئی عارف با کمال

سراپا ہے یہہ خصلت انبیا ‌ ‌ ‌ نہ معلوم تھا یہہ یوسف میرا

بہت دل میں آتے وہ کرتا قیاس ‌ ‌ ‌ کہ ہوتی اگر مجھکو قوت کی آس

تو اب مصر کی جا کے کرتا میں سیر ‌ ‌ ‌ کہ ملنے میں ہوتی بہت اسکی خیر

مگر اس سے یوسف کی ملتی خبر ‌ ‌ ‌ کہ رکھتا ہے وہ مفلسوں پر نظر

بجانے تھا یوسف ہے اُسجا مقیم ‌ ‌ ‌ ملا مصر کا اُسکو ملک عظیم

ہمیشہ یہہ کرتا تھا یوسف دعا ‌ ‌ ‌ کہ یارب بر آوے میرا مدعا

نہیں تیرے وعدہ میں ہرگز خلاف ‌ ‌ ‌ ملا دے مجھے باپ سے میرے صاف

روایت ہے غلہ وہ بکتا تھا جب ‌ ‌ ‌ تو یوسف وہاں بیٹھتا اس سبب

کہ غلہ کو دیتا تھا خود ناپ کر ‌ ‌ ‌ وہ کیل اپنے ہاتو سے دیتا تھا بھر

ہر اک جب کہ غلہ کو لیتا خرید ‌ ‌ ‌ تو پھر اُسپہ کرتا تھا بخشش مزید

وے کرتے ہین سب اُسکا مجھسے بیان ۔ جو جاؤ تو ہی مجھسے کہنا لب گمان

کہو جا کے تم اُس سے میرا سلام ۔ تو بخشش کرے تم پہ وہ نیکنام

کہا ہم ہین ننگے ہین حقیر ۔ نہین مال رکھتے ہین سب ہین فقیر

نہین کوئی تحفہ کہ دین اُسکو جا ۔ کہ ہین مارتے ہم اب فقر اور گدا

جو جانتے ہین دیتے ہین یاقوت و در ۔ کرین لیکے شاہ اُن سے پر

ہمارے نہین پاس اب کوئی شی ۔ کہا خود وہ دیتا ہے جو کچھ کہے

وہ لیتا ہے تھوڑا اور دیتی بہت ۔ فقیرون سے ہرگز نہ لے ہے بہت

کہا ہمکو آتی ہے اُس سے حیا ۔ کہ دین اُسکو ہم کھوٹے درہم کو جا

ہزار اتنو درھم ہین اور چار سو ۔ جو دینار اُنکے کرین ہو دین تو

پٹاوے اگر درہمونکو تمام ۔ بتا پھر کرین کون آگے کام

کہا کہیو تم اُس سے اپنا نسب ۔ کہ اولاد یعقوب سے ہم ہین سب

کہا گر نسب بھی نہو وہان قبول ۔ کہا دل مین تم بھی نہو نا ملول

یہہ کہنا کہ ہم ہین فقیر و غریب ۔ لے آئے ہین یہانتک ہمارے نصیب

ہمین اپنا صدقہ تو کہنا نیکو دے ۔ خدا واسطے تو خبر سب کی لے

اور آداب کو سارے رکھیو نگاہ ۔ کہ جسطرح ہوتا ہے آداب شاہ

کہ دریا کا اور تشنہ کا ایک حال ہے ۔ کہ اِک دم کی صحبت بھی جنجال ہے

کہا ہم نہین جانتے کچھ ادب ۔ کہ تشنہ پاس ہم مین گیا کوئی کب

رکھا اُسنے یامین کو اپنے پاس — کہ ہوتا تھا یعقوب اُس بن اُداس

یہاں مصر میں کرکے یوسف نے غور — عجب طرح کا اک نکالا تھا طور

مسافر کے رہنے کو پاکیزہ جائے — بنائی تھی ہر طرف مہمان سرائے

مقرر ہر اک جا پہ حاجب کیا — نگہبان اُسے اُسکا کہ کر دیا

کئے اُسکے تابع میں پانصد سوار — کہ پھرتے رہیں گرد لیل و نہار

جو آتا کوئی قافلہ اُس طرف — تو حاجب بٹھاتا وہیں باندہ صف

تمام اُنکا دریافت کرتا وہ حال — کہ کیسی بضاعت ہے کیسے ہے مال

قلم بند کرتا سب احوال کو — کتابت میں لاتا وہ سب حال کو

صفت مرد کی اور ملک اور ذات — کتابت میں لاتا وہ سارے صفات

وہ لکھکر کے سب قوم اور خاندان — اُسے طرف یوسف کے کرتا رواں

اگر حکم ہوتا کہ لاؤں یہاں — اُسے کرتا حاجب اُدھر کو رواں

اگر حکم دیتا کہ سب جائیں ہٹ — ہٹاتا تھا حاجب اسیوقت جھٹ

یہہ تھا بھائیوں کے لئے سب عمل — کہ عقدہ کسیطرح ہووے یہہ حل

خبر اُنکے آنے کی یوسف کو تھی — کہ دیدی امین جبرئیل نے تھی کبھی

کہ آوینگے بھائی ترے تیرے پاس — اسی قحط میں پست ہو دلمیں اُداس

جب ابنائے یعقوب علیہ السلام — ہوئے مصر کی حد میں داخل تمام

جو حاجب نے دیکھا تعجب کیا — کہ آئے یہہ کوئی بزرگ اولیا

چمکتے ہیں چہرے یہہ جون آفتاب — نہ دیکھے وہ جسکے ہوا آگے حجاب

بتاؤ کدھر کا ارادہ کیا — ادھر تمکو آنیکی حاجت ہی کیا

کہا شاہ سے مصر کے کام ہے — کہ اسکا بڑا ملک مین نام ہے

کہا کچھ بضاعت بھی رکھتے ہو تم — یہہ سنتے ہی انکے ہوئے ہوش گم

سبھی سنکے سر کو تلے کر گئے — اور آنکھون مین آنسو وہین بھر گئے

کہا اپنی پونجی فقط جان ہے — سو یہہ بھی کوئی دنکی مہمان ہے

اسیطرح آکر کے منکر نکیر — وہ ہو قبر مین عبد کے دستگیر

یہہ پوچھینگے پونجی بھی لایا ہے تو — دیا خالی ہاتھون سے آیا ہے تو

نبی اور دین اسکا پوچھین شتاب — کہین کیا ہے قبلہ ترا دے جواب

جواب اسکا دیویگا تو سب صحیح — نہین پھر تو احوال ہووے قبیح

کہا پھیر حاجب نے کیجے نزول — نہو نا ذرا دل مین اپنے ملول

لکھا پھیر یوسف کو نامہ شتاب — یہہ نامیکا مضمون تھا انتخاب

یہہ نامہ ہے اسکو کہ ہے وہ شریف — نہایت نظیف اور نہایت لطیف

عقیل اور زاہد اور متقی — محب سعید اور عدو شقی

کرے حکم جاری خدا کے تمام — کرے راہ نیکی پہ خلقت کو عام

کیا بت پرستونکو اسنے خراب — جو ہے حکم حق کا کرے وہ شتاب

پھر اس بعد تو جان لے اے عزیز — بڑی دی ہے تجھکو خدا نے تمیز

کہا میرے بھائی یہہ آئے ہیں سب — اُنہیں کی مجھے روز و شب تھی طلب

انھوں ہی نے کوئیں ڈالا مجھے — میرے گھر سے آخر نکالا مجھے

کہا پھر تو روتا ہی کیوں اے عزیز — کہ بھائی تھے تیرے بڑے بے تمیز

کہا مجھکو دو باتکا اب ہے غم — گنہ اُن سے صادر ہُوا اور ستم

سبب میرے عاصی ہوئے ہیں یہ سب — بڑا دوسرا فقر کا یہہ غضب

تعجب میں سُنکر رہا تب وزیر — کہ یوسف کرامت میں ہے بے نظیر

کہا کیا کریگا تو اب انکے ساتھ — کہ آکر پڑے ہیں یہہ سب تیرے ہاتھ

کہا ہیں وے میرے قریب اور حبیب — کرون وہ جو کرتا ہے اپنا قریب

لکھا پھر حاجب کو یوں اُنّے خط — وے مہمان ہیں رکھیو نہیں اس نمط

کہ کھانیکو اچھا کھلانا اُنہیں — بہت سرد پانی پلانا اُنہیں

سبھی نعمتیں اور میوے تمام — کھلانا اُنہیں خوب ہی صُبح شام

رہی تین دن تک ضیافت کمال — نہ آوے کسیطرح اُن پر ملال

بہت اُنکو پاکیزہ دینا لباس — کہ دل میں نہوں اپنے اصلا اُداس

جو تھیں چوکیاں ہر طرف میں مُقیم — کیا سبکو موقوف بخوف و بیم

اسیواسطے سب کیا تھا یہہ کام — وے آئے تو حاجب اُٹھائے تمام

اسیطرح مرجائے انسان جب — زمین آسمان جائینگے سب کے سب

نہ سُورج ہے آسمان پر نہ چاند — ہر اِک کا قیامت کو ہو نور ماند

یہہ تھی جاہلیت مین اک رسم عام
برس دس کی لڑکی جو ہوتی تمام

ئی اسکو پوشاک دیتے پہنا
تو اک جنگل مین گھر اکھدا

اسمین تا لیتے اسکو نیچ سب
یہہ تھا انکے اوپر خدا کا غضب

وہ کہتی وہان الامان الامان
اسمین تو بیٹے خاک سے سب وہان

وہ جسوقت ہر اک کے نامہ کھولین
ہر اک ہاتھ مین اسکے نامہ کو دین

بیان اسکا یہہ ہے کہ انسان سب
ورے اسکا نامہ لپیٹین ہین جب

گلے مین اسے باندھتے وہین لا
پڑھیگا وہ اسکو قیامت مین آ

کہینگے عمل دیکھ بد آہ آہ
خدایا فضیحت ہوئی اور تباہ

کہینگے پڑھو اپنی اپنی کتاب
گناہون سے ہوگا عالم خراب

کہ جسوقت چیر اگیا آسمان
جہنم کو دیکھوگے تم بیگمان

وہ جسوقت جنت بھی نزدیک ہو
جو ہین جنتی اونکے ہو روبرو

ہر اک شخص جانیگا اپنا کیا
برائی کی پاویگا پوری سزا

جو ہین جنتی جاوینگے اپنی راہ
گنہگار ہونگے بحال تباہ

جہنم کو جاوینگے سب غول غول
نہ سمجھو تم اسباتکو کچھ فضول

اجل ہے قریب اور سفر ہے طویل
ہے زاد اور راحلہ بہی قلیل

وے گذرینگے پل پر جو باریک ہے
نہایت ہی وہ راہ تاریک ہے

کریگا بدا اس جگہہ جبرئیل
کہ حاکم وہان کا ہے رب الجلیل

کیا اسطرح تکریم کی — نہ کچھ انکی توقیر و تعظیم کی

سفر یوں کے گھر مین اتارے انہین — نہین جانتا مین کہ یہہ کون ہین

کہا اُسکا جو کچھ کہ انجام کر — کہا جس طرح تجھکو وہ کام کر

کیا گھر مین جا اُسنے دیبا کا فرش — بہت اُس مکان مین وہ زیبا تھا فرش

تکلف بہت حد زیادہ کیا — ہوا حکم جس طرح تھا وہ کیا

لگائے ہر اِک طرف کھانے خوان — اور اِک طرف قسام تھے وہان

پھر انکو گیا لیکے گھر مین شتاب — کہا کھائیے ورنہ کیجے حجاب

رکھے تھا طرف انکے یوسفؑ نظر — تقید تھا قفلی زبا نہین ۔ ۔ مگر

سبھی خادمونکو کہ لاؤ طعام — دھرو انکے آگے وہ چن چن طعام

نہین جانتے تھے وہ بھائی ذرا — کہ یوسفؑ غلامونسے کہتا ہے کیا

بڑی تھی جو ہیبت دلو نمین تمام — نکرتے تھے ہرگز کسیسے کلام

نکرتے تھے یوسفؑ کی جانب نظر — کہ بیٹھا تھا دل مین بہت انکے ڈر

ہوئے جبکہ سب پھر اسی طور سے — وہ کھانیکو لائے بڑی غور سے

ہر اِک جا پہ تھی روشنی شمع عام — معطّر بخورات سے گھر تمام

پھر اولاد یعقوبؑ کی کی نظر — کہ مہمان ہین اور بھی بیشتر

ولیکن ہر اِک کو فقط قرص نان — ملا شہ کی درگاہ سے بیگمان

سبب یہہ کہ تھا قحط کا بسکہ سال — طعام ایک ہوکے کا بیقیل و قال

فراہیم تھا انمین چھوٹیکا نام — تجھے منشا مشتری سے لا کلام

کہا اسنے منشا کو رکھہ سر تاج — زری کا تو اک ٹیکا لے مجھسے آج

دوشالہ بھی لو مجھسے شاہانہ تم — ولیکن کرو آج یہہ کام تم

کہ پیمانہ تم ہاتھ مین آج لو — اور غلے سے بار ان کے تم پر کرو

کہا اسنے بابا سے کہہ انکا حال — کہ انسے ہی کیون تجھکو الفت کمال

کہا مین یہہ سب جان لے تیرے غم — انہین کا میرے دل مین رہتا ہے غم

کہا وے ہین یہہ جنکو آئی نہ چاہ — کنوئے بیچ ڈالا مجھے کر تباہ

دیا بیچ پھر تجھکو مالک کے ہاتھ — یہان خوب کرنا سلوک انکے ساتھ

کہا دیکھہ باطن کی تو انکی چاہ — تجھے مصر کا کر دیا بادشاہ

انہون نے کیا نیک یا مجھسے بد — ہوا حق مین میرے وہ احسن بہ حد

ولیکن تو ایسا نہ کیجو کلام — نہ کہیو کہ مین کون کیا میرا نام

بجز حکم حق کے نہین بولنا — تجھے اب تئین لب نہین کھولنا

جو پوچھے تو کہیو ہماری زبان — سمجھتا نہین ہون مین قبطی لسان

جو کچھ ہو سکے کیجو خدمت تمام — وے لے انسے کرنا نہ ہرگز کلام

وَجَاۤءَ اِخْوَةُ یُوسُفَ فَدَخَلُوا عَلَیْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهُ مُنْكِرُونَ ع

وے آئے جو یوسف کے بھائی تمام — ہوئے اسپہ داخل سب بلا کلام

لیا انکو یوسف نے پہچان پر — رہے اسسے انجان وے سر بسر

سلام اُسنے تمکو کہا ہے بہت
نحیف اور ضعیف ہو رہا ہے بہت

کہا تمکو بھیجا ہے کیون باپ نے
کہا یہہ جو احسان کیا آپ نے

تیرے جود و احسانکی پہنچی خبر
ہوئی سارے کنعان مین یہہ مشتہر

ہوئے قحط سے ہم نہایت ہی تنگ
اڑا غم سے چہرونکا ہم سب کے رنگ

کہا ہمکو جاؤ تم اُس شاہ پاس
تمھاری وہان سب بر آویگی آس

سُنا جب کہ یوسف نے یہہ ماجرا
تب آنسو سے آنکھین گئین ڈبڈبا

کہا تم ہو اب کتنے بھائی تمام
کہا باپکے ہم تھے بارہ غلام

ہوئے ہین ترے پاس ہم جمع دس
رہا ایک بیٹا باپ پاس اور بس

کہا بارھوان کیا ہوا سچ کہو
خبر بارھوین کی بھلا مجھکو دو

کہا اُسکو بھیڑیئے کھایا تمام
جہان مین نہ باقی رہا اُسکا نام

کہا تم مین ہر اک ہے الب کرخت
کرے شیر پر بھی جو آواز سخت

تو ہو خوف سے جان اُسکی بتنگ
بظاہر یہہ معلوم ہوتا ہے رنگ

ہر اک تم مین ایسے گرجی دھرے
کہ بھیڑیئے کو وہ چیر کر دو کرے

ہر اک تم مین ایسے بولے اگر
گرے عورت حاملکا لسر

ہر اک تم مین گر ہو شجر یا پہاڑ
کرے زور تو جڑ سے ڈالے اُکھاڑ

کہا جب کہ آئی ہے اللہ قضا
نہین بنتی قوت کرے اسمین کیا

گئے اُسکو لیکر کے جنگل مین ہم
موا وہ ہمارے نہ باقی تھے دم

تمھاری خبر اسی پوچھیگا سب — کہ پھر بیٹے کہا یا تیرا بھائی کب
دیا حکم پھر انکی پونجی کو لین — اور انکو طعام اسکے بدلے مین دین
دیا روبرو اپنے غلہ کو پھر — کہا جاؤ بھائی کو لاؤ ادھر

وَلَمَّا جَهَّزَهُم بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُونِي بِأَخٍ لَّكُم مِّنْ أَبِيكُمْ

کیا جب کہ تیار انکے لئے — سفر کے سب اسباب انکو دئے
کہا لاؤ بھائی کو تم آپ سے — تمھارے جو پیدا ہوا باپ سے

أَلَا تَرَوْنَ أَنِّي أُوفِي الْكَيْلَ وَأَنَا خَيْرُ الْمُنزِلِينَ ۝

بھلا کیا نہین دیکھتے تم کہ مین — یہہ بھر کر کے دیتا ہون ماپ تمھارے
کہ بہتر مین مہمان نوازونکا ہون — تواضع بہت مہمانکی کرون
تحایف کا منہہ پر نہ لایا وہ ذکر — کہ تھی عاقبت کی اسے اپنی فکر
رکھو جتنا احسان کم ہو ثواب — قیامت مین ہوویگا اسکا حساب

فَإِن لَّمْ تَأْتُونِي بِهِ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِندِي وَلَا تَقْرَبُونِ ۝

اگر تم نہ لاؤ گے اسکو یہان — تو پھر پاس مجھہ پاس تمکو کہان
نہ آنا مرے شہر مین پھر تم — یہہ جانو کہ غلہ ہوا تم سے گم

قَالُوا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ أَبَاهُ وَإِنَّا لَفَاعِلُونَ ۝

کہا باپ سے ہم کرین گے طلب — کہ بھیجے اسے رو رو دینگے بھائی
کرینگے ہم اس کام کو بالضرور — نہ آویگا اس باتمین کچھہ قصور

روایت ہی یہہ قافلہ جب چلا — اُنہیں رہ مین ابلیس آکر ملا

کیا یہہ ارادہ کہ یوسفؑ کا نور — کرے اُنکے دل سے کسی ڈھب سے دور

کیا اُسنے سب قوم کو اپنے جمع — وہ آیا پتنگو نمین مانند شمع

کہا اُنکو گمراہ گر تم کرو — جو چاہو سو انعام پھر مجھسے لو

بگاڑے وے اولاد یعقوبؑ کو — کہ پھر و بشارت تمھین میسے سنو

خدا نے کیا اُنپہ اُسدم کرم — فرشتے کے اُنپہ آئے قدم

فرشتے نے اُنپہ اُسوقت آ — وہ ابلیس اور لشکر ابلیس کا

اُٹھا سب کو بازو پہ اپنے لیا — جبل قاف میں پٹک اُنکو دیا

کہا پھر اولاد یعقوبؑ کو — کہ جلدی تم اب اسجگہ سے چلو

کہا کسنے ہمکو ابھی کی ندا — کہا تھا یہہ ابلیس کا قافلا

کہا شکر اللہ کا سب نے مل — بچے اُس سے خوش ہوگیا اُنکا دل

کیا پھر فرشتے نے اُنسے کلام — کہ سمجھو ذرا یہہ نصیحت ہے عام

کہین پھر بھی شیطان کے تابع نہو — ذرا اُسکے ہر وقت بچتے رہو

جب آئے لیکے یوسف باپ پاس — دیا بوسہ تب اُسکے پھر آس پاس

کیا باپ کو پھر نہٹ کر سلام — جو پوچھا تو کرنے لگے یہہ کلام

کہا باپ سے کیا کہین ہم عزیز — نہایت ہی دانا ہے اور باتمیز

نہین ایسا حاکم ہے دیکھا کہین — جہا نمین کوئی ایسا عالم نہین

قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ

کہا کیا کیوں تمکو ایسا امین — کیا اسکے بھائی پہ جیسا امین
امین جیسے یوسف پہ پہلے کیا — کروں اب امین تمکو بامین کا
اسیطرح یوسف کو کہتے تھے تم — سو یوسف ہوا ہاتھ سے میرے گم

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

خدا تم سے بہتر نگہبان ہے — رحیموں سے زیادہ وہ رحمان ہے
کہا کعب احبار نے جب کہا — یہہ یعقوب نے حق نے دی یہہ ندا
جلال اور عزت کی اپنی قسم — ملاؤنگا دونوں کو تجھسے بہم

وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا

جب اسباب سب اپنا کھولا انہی — وہ پونجی نظر آئی انکو بھری
کہا سب نے ای باپ ٹک کیجو غور — نہیں مانگتے تجھسے کچھ چیز اور
یہہ پونجی ہماری ہمیں دی پھرا — بھلا ہمکو تو اور کہتا ہے کیا
مراد اس سے ہی راست کہتے ہیں ہم — کہ ہی شاہ کا ہم پہ غالب کرم
دیا پاس اپنے سے ہمکو طعام — دئیے پھیر ہمکو وہ جتنے تھے دام

وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ

قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ

فَلَمَّا آتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُولُ وَكِيلٌ

دیا باپ کو جب کہ عہد اور قسم
کہا پھر یہہ یعقوب نے کیا ہی غم

جو کہتے ہیں ہم اسکا ہے حق وکیل
نہیں اور درکار ہمکو کفیل

چلے مصر کو پھر وے بیٹا رہو
لیا اپنے ہمراہ با مین کو

چلے تھے یعقوب بھی چند گام
کرانی وصیت کرے وہ تمام

وَقَالَ يَا بَنِيَّ لَا تَدْخُلُوا مِنْ بَابٍ وَاحِدٍ وَادْخُلُوا مِنْ أَبْوَابٍ مُتَفَرِّقَةٍ

کہا میرے بیٹو نصیحت سنو
تم اک در سے داخل نہ کیجیے ہو

پر اک ہو کے داخل جدے باب سے
بہت خوب جانا ہے ابواب سے

سنا میں نے ہیں مصر کے پانچ باب
سبھی ہر باب سے تمکو جانا صواب

سنو اسکو یعقوب نے انکو کیوں
کہا ایک ہی در سے داخل نہوں

سبب یہہ کہ انکو نہ لگ جا نظر
کہ تھے سب حسین اور بہت خوب تر

سے نظر حق ہے اور عین کو حق تو جان
نبی کا ہے فرمودہ تو اسکو مان

وَمَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ

نہیں کر سکوں دور تم سے ذرا
ہو آوے خدا کی طرف سے بلا

کسیکا نہیں حکم غیر از خدا
ہٹا دے وہی چاہے اپنی قضا

نبی نے کہا جو قضا ہے سو ہو
رہے کوئی خوش یا کہ ناراض ہو

روایت ہے تھا اک مکان خراب
تھا اسمین بالکل طعام و شراب

ولکن اکثر الناس لا یعلمون

کہا پھر یعقوبؑ نے یہہ کلام	علیہ الصلوٰۃ و علیہ السلام

عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَعَلَیْہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ ه

اُسی پر توکل کیا میں نے اب	کریں یہہ جو صاحب توکل ہیں سب

وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَیْثُ اَمَرَھُمْ اَبُوْھُمْ مَا کَانَ یُغْنِیْ عَنْھُمْ مِّنَ اللّٰہِ مِنْ شَیْءٍ

ہوئے جبکہ داخل وے جا مصر مین	کہا جس طرح باپ نے تھا اُنہین
نتھا اُنسے یہہ کہ ہٹا وے قضا	بچاوے جو پہنچے خدا سے بلا
مگر یہہ کہ تسکین دلکی ہوئی	تسلی وہ یعقوبؑ کی اُسمین تھی

اِلَّا حَاجَۃً فِیْ نَفْسِ یَعْقُوْبَ قَضٰھَا

مگر دل مین یعقوبؑ کے تھی جو بات	ادا کر گیا اُسکو وہ نیک ذات
کیا منع سب ملکے داخل نہون	کہ تا وے نظر بد سے گھایل نہون
سبب یہہ کہ تھی اُسکو شفقت کمال	بچانا کہ آجاوے اُنپر وبال
نہین تو قضا حق کی ٹلتی نہین	کوئی اُسمین تدبیر چلتی نہین

وَاِنَّہٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰہُ

مقرر تھا وہ عالم باخبر	بہت علم و دانش پہ تھا نظر
سبب یہہ کہ ہمنے سکھایا اُسے	یقین اور ادب سب بتایا اُسے
اسیواسطے بس یہہ بولا وہ ہے	کہ ما اغنی عنکم من اللہ من شیء

چلا جلد پوشیدہ وہاں سے شتاب | کیا اپنی چادر سے منہہ پر نقاب
در شہر سے جب کہ خارج ہوا | تو دیکھا کہ یامین ہے اسجا کھڑا
کھڑا ہی وہ اسجا پہ حیران سا | تحیر سے ہر اک کو ہی ہے دیکھتا
گیا دو سے ہر دور سے یوسف شتاب | چھپا اپنے چہرے کو ہو در نقاب
وہ باہر کی جانب سے آیا وہاں | کھڑا تھا وہ یامین حیران جہاں
نمایاں ہوا دور سے ایسے ڈھب | کہ داخل گویا مصر میں ہے اب
قریب اسکے پہنچا جو یوسف امام | کیا اپنے بھائی کے اوپر سلام
پھر عبری زبانمین کیا یہہ سوال | کدھر سے تم آئے ہو کیا ہی خیال
کہا شام سے مین تو آیا یہان | نہین ہون مین واقف یہانکی زبان
تو ہی کون سمجھے جو میرا کلام | نہین جانتا کوئی جز اہل شام
کہا مین سمجھتا ہون عبری زبان | ترے ملک مین مین رہا کئی زماں
کہا پھر یہہ یوسف نے ہی کیا سبب | کہ اسطرح ہو جو آیا تو اب
کہا گھر ہوا ہی ہمارا تباہ | ہمارے ہی آنکھون مین عالم سیاہ
گئی برکت اس گھر کی اور اسکا نور | ہوا جب سے ہی یوسف اس گھر سے دور
میرا بھائی بیٹا تھا یعقوب کا | اور نام اسکا یوسف تھا مجھ سے بڑا
کہا بعد اسکے ہے اب کیسا حال | کہا رنج و شدت ہی سب پر کا
یہہ کہہ کر کہا اسنے یا حسرتا | مصیبت ہوئی سخت وا حسرتا

یہ کہہ کرکے داخل ہوا گھر میں وہ
تھے سب سے السلام گیا گھر میں وہ

ملا پھر یامین ان سب سے آ
نہایت ہی شادی و فرحت میں تھا

کہا بھائیوں نے کہ تجھکو کبھی
نہیں ہم نے دیکھا ہے ایسا خوشی

کہا اک ملا مجھکو ناقہ سوار
تمھارا ہی میں تھا کرتا انتظار

لگا بولنے مجھسے عبری زبان
ہوا اسکے دل خوش میرا نا کہان

مجھے ایک شب کی دی تھی جو چیز
کہ ہر اک کی آنکھوں میں ہووے عزیز

کہا تب یہودا نے مجھکو دکھا
تجھے کون سی چیز دے کے گیا

دیا اسنے کنگن کو بازو سے کھول
تعجب کیا سب نے دیکھ اسکا مول

کہا پھر یہودا نے یہ بھی زجاج
میرے باندھ دے اسکو بازو پہ آج

کہ لڑکا ہے تو اسکو دیوے کہیں
گئی چیز جب پھر وہ ملتی نہیں

لیا اسنے بازو پہ اپنے لگا
کہا پھر شمعون نے مجھکو دکھا

جو دیکھا تو بازو سے جاتا رہا
لگا کرنے واحسرتا حسرتا

دو آیا تھا بازو پہ یامین کی
خوشی اسنے وہ جان غمگین کی کی

وہ بولا کہ ہے میرے بازو پہ اب
اُسے اور جا پر کر دست طلب

دیا پھر شمعون کو اسنے آ
اُسی وقت اُس پاس گم ہو گیا

بزور اسکو لیتے تھے سب چھین کے
وہ آتا تھا بازو پہ یامین کے

لے سکا چلا کچھ نہ کنگن سے بس
ہوئے تھک کے لاچار وہ سب دس

کہ حال اسکا اپنا ہمین آیا یاد
ہوئی اس لئے ہم کو کلفت زیاد

نہین ہم کو کھانیکی کچھ آرزو
نہ کھانا مین سے کھانا یہان ہم کبھو

کہا اسنے تجھ سے اب اُٹھ جاو تم
کسی اور گھر بیچ جاو کھاو تم

دیا حکم پھر خاص گھر مین کہ اب
رکھین جا کے ویسے خوان کھانیکے سب

خدا نے بھلایا انہین سب وہ حال
فرو انکے دل سے ہوا یہہ ملال

کہا پھر یوسف نے اب جتنے ہو
تم اک خوان پر بھائی دو دو رہو

جو دو ایک ماں سے ہو اک خوان پر
وہ کھانیکو کھاوین یہان بیٹھ کر

وے دو دو گئے بیٹھ خوانون پر آ
خوشی سے ہر اک کا تھا چہرہ کھلا

مگر ایک یامین بیٹھا رہا
اکیلا وہ غم کھا کے روتا رہا

کہا پھر ملک نے تو روتا ہے کیون
غم و درد سے جان کھوتا ہے کیون

کہا بھائی اپنے کو روتا ہون مین
غمین دل مین یوسف سے ہوتا ہون مین

جو ہوتا وہ مین بیٹھتا اسکے ساتھ
کرون کیا نہین زندگی میرے ہاتھ

کہا ازین ہے کوئی بھائی ترا
کہ ہو ایک ماسے تب اسنے کہا

کہا ماسے میری اور کوئی نہین
مگر ایک یوسف تھا سو وہ نہین

کہا کیا ہوا اسکا کیا حال تھا
کہا مین نہین جانتا کیا ہوا

گئے بھائی لے اسکو جنگل مین سب
کہا آ کے ہم کو ہوا یہہ غضب

کہ یوسف کو بھیڑئے نے آ کھا لیا
اکیلا کو اُس دشت مین آ لیا

ہوا اور دو غم سے نہایت نڈھال
ہوا سخت ہی تنگ وہان اسکا حال

قریب اسکے تھا جائے جی بھی نکل
اسیوقت منشا کے سارا خلل

وہ لے آکے جبریل نے یون کہا
کہ ہے تجھکو یوسف یہہ حکم خدا

کہ صورت دکھا اپنی یامین کو
نہین تو کوئی دم مین مرتا ہے وہ

کوئی دم مین جاتی ہے اب اسکی جان
تو اس بھائی کو پھیر پاوے کہان

اٹھا وہان سے پھر جلد یوسف شتاب
گیا بیٹھ خلوت مین با اضطراب

ولد اپنے منشا کو اسنے کہا
کہ عم اپنے یامین پاس اب تو جا

مقابل مین جا بیٹھیو اسکے تو
جو پوچھے تو یہہ کیجیو گفتگو

تو اب بولیو اس سے عبری زبان
یہہ کہیو مین یوسف کا بیٹا ہون جان

خدا نے مجھے حکم اب یون دیا
کہ یامین پہ ہو ذرا چشم وا

گیا وہان سے منشا وہ پہنچا وہان
کہ تھا جس جگہہ اسکے غم کا مکان

گیا سامنے بیٹھ جون آفتاب
نتھا ذرہ یامین کا بھی حجاب

سراسر لباس اسکا زربفت تھا
جڑے اسمین یاقوت بی انتہا

اسے دیکھ کر سخت حیران ہوا
کہ اک اور اب غم کا سامان ہوا

کبھی شکل دیوار پر تھی نظر
کبھی اسکو دیکھے تھا وہ سانس بھر

نتھا فرق دونو مین بے کچھ حجاب
گویا نکلے اک شب مین دو ماہتاب

نہ زیادہ نہ کم انمین ہے کوئی شی
گویا ایک خورشید کا نور ہے

مسافر جو آتا ہے اس راہ کو — کرے اس سے بھی جا بجا گفتگو
یہہ سنکر کے رو یا وہ آواز سے — ہوا با برا اپنے وہ انداز سے
کہا پھر تری زوجہ ہے یا نہین — کہا ہے ولے ہین کہین وہ کہان
کہا اس سے اولاد ہے تیری کچھ — ذرا اسکا احوال کہہ مجھسے کچھ
کہا تین بیٹے کہا کیا ہے نام — اب احوال کہہ انکا مجھسے تمام
کہا ایک کا نام وہم ہے تو جان — اور اس دوسرے کا ہے یوسف تو مان
کہا ذئب ہے یہہ تیسرے کا ہے نام — اسطرح رکھے ہین تینو کے نام
کہا تو نے یہہ نام کیسے رکھے — کہا جیسے یاد آئے ویسے رکھے
تولد میرے گھر مین جبکہ ہوا — تھا اس گھڑی دل اُپر غم ہوا
رہا تھا لہو تیرے کرتے پہ جم — رکھا اسلئے نام اسکا مین دم
یہہ بھیڑیکا یاد آیا مجھکو عجب — رکھا دوسرے کا مین تب نام ذئب
کہا یاد تجھکو مین یوسف کے بار — کہا مین نے اسکو بھی یوسف پکار
کہا بھائیون پاس چل اب چلین — ذرا چل کے انکی خبر آج لین
کہا بعد چالیس برس کے ملا — تو ہم سے پھر اب کیون کرے ہے جدا
کہا تجھکو رکھونگا مین اپنے پاس — نہو دل مین ہرگز تو اپنے اداس
سوا اسکی ہے تدبیر اک مین نے کی — ولے اس سے غمگین نہو تیرا جی
کہ پوشیدہ غلہ کے پیمانہ کو — رکھونگا ترے بار مین حیلہ کو

قَالُوا وَأَقْبَلُوا عَلَيْهِم مَّاذَا تَفْقِدُونَ

قَالُوا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَن جَاءَ بِهِ حِمْلُ بَعِيرٍ وَأَنَا بِهِ زَعِيمٌ

لگے کہنے پھر یوسف کے غلام / سب نے اونٹوں کے بٹھائے تمام
کہا پھر غلاموں سے سن لو یہ آج / کہ دیتے ہو بھر بھر کے تم جس سے ناج
وہ اسباب یامین میں جا دھرو / کسیکو خبر اسکی ہرگز نہو

فَلَمَّا جَهَّزَهُم بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِي رَحْلِ أَخِيهِ

کہا جب کہ تیار سامان سب / دیا انکو کرتے تھے جو کچھ طلب
تھا جسمیں یہ اسباب یامین کا / رکھا اسمیں پانی کے برتن کو جا
کہی ابن عباسؓ نے یہ کلام / زبرجد کا تھا وہ پیالہ تمام
روایت ہی تھا سرخ یاقوت کا / وہ یوسفؑ کے پانی کے پینے کا تھا
عزیز اسکو رکھتا تھا ہر دم عزیز / عزیز اسسے زیادہ نتھی کوئی چیز
اسیواسطے کہیں اسکو کہا / عوض اسکے بھائی کو اسنے لیا
ہوئے مصر سے جب کہ آگے رواں / کہا اک مصاحب کو ہو تو دواں
کئی سو تو لے ساتھ اپنے سوار / دیا تجھکو اس بات کا اختیار
یہ جاتا ہی جو قافلہ شام کا / انہیں گھیر کر پھر میرے پاس لا
کہ پینے کا برتن میرے لے گئے / یہ سب مجھکو آکر دغا دے گئے
نکل آوے جس پاس پیالہ میرا / وہ ہے چور ہرگز یہاں سے نہ جا
ہوا حکم سنکر یہ جلدی سوار / دیا سب کو اونٹوں سے انکے اتار

ثُمَّ أَذَّنَ مُؤَذِّنٌ أَيَّتُهَا الْعِيرُ إِنَّكُمْ لَسَارِقُونَ ۝

قَالُوا تَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتُم مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْأَرْضِ وَمَا كُنَّا سَارِقِينَ

قَالُوۡا فَمَا جَزَآؤُہٗ اِنۡ کُنۡتُمۡ کٰذِبِیۡنَ ہ

کہا اُن سے شہر کے لوگون نے آ ... بتاؤ کہ کیا چور کی ہے سزا

اگر سارے تم اسمین جھوٹے ہوئے ... سزا اُسکی کیا پھیر تم کو ملے

قَالُوۡا جَزَآؤُہٗ مَنۡ وُّجِدَ فِیۡ رَحۡلِہٖ فَہُوَ جَزَآؤُہٗ

کہا جسکے اسباب مین جام ہو ... وہی ہے عوض اُسکی ہم سے سنو

اُسے اپنا کر لیجیو تم غلام ... کہ آئندہ ایسا کرے پھر نہ کام

یہہ تھی اُس زمانہ مین اِک رسم عام ... کہ کرتے تھے وہان چوٹے کو غلام

ہمین حکم ہے ہاتھہ کو کاٹ لین ... انہین حکم تھا عبد اپنا کرین

کَذٰلِکَ نَجۡزِی الظّٰلِمِیۡنَ ہ

اسیطرح ہم ظالمونکو سزا ... دیا کرتے ہین بوجھہ لو تم ذرا

یہی شرع یعقوب مین حکم تھا ... کہ جسپر وہ ثابت ہو چوری ذرا

برس روز تک چور ہوے غلام ... کرے اپنے مولا کی خدمت تمام

اُنہون نے یہی حکم جاری کیا ... وگرنہ روبہ تھا یہہ مصر کا

کہ جو کوئی کرتا تھا چوری وہان ... وہ ضامن ہوا مثل کا بے گمان

بِنا کی منادی نے یون بر ملا ... کہ اُلٹا پھرے مصر کو قافلا

ہٹے سب کے سب آئے وشتے نے گھر ... بَلا سے وہ چور یکے تھے بے خبر

کہا اُنکو یوسف نے اتنا کرم ... کیا تم پہ ہم نے بہت سا بھرم

کہا بھائی نے اسکے جو گم ہو گیا | کچھ اسباب پہلے چرایا بھی تھا
کہا انکو یوسف نے اسکا بیان | چرایا تھا کیا تم کرو سب عیان
کہا ایک سونیکا بت تھا تمام | وہ خالہ کے پاس اسکے رہتا مدام
کہا بعض نے اسکی نانی کا تھا | عبادت وہ کرتی تھی اسکو سدا
کم آتا تھا آنکھوں سے اسکو نظر | لیا ساتھ اسنے اس بت کو مگر
یہہ یوسف کے ماں نے کہا جلد جا | تو لے بت کو آگے سے اسکے اٹھا
تو لڑکا ہے ہرگز نہو تیرا نام | کیا پھیر یوسف نے پورا یہہ کام
ہوئی جب فراغت عبادت سے تب | کیا اسکی نانی نے بت کو طلب
لگی ڈھونڈھنے اپنے معبود کو | ولیکن نہ پہنچی وہ مقصود کو
دیا اسکے بھائی نے اسکو اڑا | کہیں اسکا پایا نہ ہرگز پتا
ہنسا سنکے یوسف پھر آیا بر | روایت ہے اک اور بھی غور کر
کہ نانی کے بت کو وہیں توڑ کر | دیا پھینک یوسف نے ادھر ادھر

فَاَسَرَّهَا يُوسُفُ فِي نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ

چھپایا اسے اور نہ ظاہر کیا | رکھا اپنے دل میں ظاہر کیا
نہ یوسف نے یہہ بھید انسے کہا | رکھا اسکو دل ہی میں اپنے چھپا

قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا

کہا چوری کرنے میں تم سب ہو برا | بھرا ہے دلوں میں تمہارے حسد

قال معاذ اللہ ان ناخذ الا من وجدنا متاعنا عندہ

مگر تو بسپاس بابا کے حال | سوا اُسکے تھا اور کیا احتمال

اِنَّا اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ۵ ع

گر اس جرم میں ہم کرین تم کو اوار | تو تحقیق ہو ظالموں میں شمار

فَلَمَّا اسْتَيْئَسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا

ہوئے جبکہ مایوس اس کام سے | وے درگاہ سے شاہ کے سب اٹھے

جدے ہو کے کرنے لگے مشورت | یہہ کہتے تھے بے اسکے اب جاؤ مت

کہ یہہ سمجھ کے اب باپ پاس | کہ یعقوب ہوگا نہایت اداس

قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ

بڑے بھائی نے سب سے پھرلوں کہا | کہ بابا نے تھا عہد تم سے لیا

خدا کا یہی عہد قول اور قسم | بغیر اسکے جانا بہت ہے ستم

وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ

اور پہلے سے وہ زیادتی تم نے کی | جو یوسف کو ایذا بہت تم نے دی

کیا آخر یوسف کو سب نے تم نے گم | جواب اسکا اب جاکے کیا دوگے تم

لگے کرنے آپس میں یہہ گفتگو | کہ اب کیجے اس بات کی جستجو

کرین شاہ سے مل کے ہم سب قتال | لڑائی سے لین اسکا سب مال و مال

کہا سنکے اسوقت روبیل نے | کہ ہم مین سپاہی سبھو مین جنے

امیر اور وزیرون کو سب کی تمام | اکیلا مین کرونگا ان سبکا کام

گئے اور بھائی تو بازار کو
ہوا سامھنے شاہ کے وہ کھڑا
کہا العزیز نے سن اس بات کو
نہین اک کرون سخت آواز عام
مرے ساری خلقت ابھی ہول کھا
یہہ کہہ کرکے تیار ہونے لگا
کہا اپنے بیٹے کو یوسف نے تب
یہودا کے پیچھے سے لڑکے نے آ
فرو ہو گیا اُسکا غصہ تمام
یہودا نے دیکھا جو ادھر اُدھر
مگر ایک لڑکا ہی خورد سال
پکڑ اُسکو اُسنے ملا پیار و
تجھے آتی ہے تو بتا کون ہے
دیا کچھ نہ لڑکے نے اُسکا جواب
سنی بھائیون نے یہہ اُسکی صدا
لگے کہنے کیا ہو گیا تھا سبب
کہا اسنے یہہ آل یعقوب سے

یہودا گیا شاہ کے دربار کو
خفا ہوکے یوسف سے کہنے لگا
ابھی لاکے یامین کو ہم کو دو
کہ بچے گرین حاملہ کے تمام
تماشا تجھے اب دکھاؤن ذرا
لہو مین وہ تلوار دھونے لگا
کہا ہاتھ اپنا رکھیو پشت پر اب
جو ہین پیٹھ پر ہاتھ اُسکے رکھا
رہا تن مین اُسکے نہ قوت کا نام
نہ آیا کوئی اور اُسکے نظر
کھڑا ہے وہان وہ جو صاحب جمال
کہا آل یعقوب کی تجھسے بو
کہ تجھسے پیاری نہین کوئی شے
تحیر یہودا کو تھا بیحساب
چلے وہان سے اور اُسکے سب پاس آ
کہ آیا نہین تجھکو اتنا غضب
وہ لے ظاہر اُسسے نہین کوئی شے

حَتّٰی یَأْذَنَ لِیْٓ اَبِیْٓ

یہاں تک کہ دے اذن مجھکو باپ ۔ بلاوے مجھے پاس اپنے وہ آپ

اَوْ یَحْکُمَ اللّٰہُ لِیْ

و یا حکم اللہ مجھکو کرے ۔ تو اُس وقت بلدہ یہاں سے ٹلے

وَھُوَ خَیْرُ الْحٰکِمِیْنَ ہ

وہی ہے بڑا حکم الحاکمین ۔ اور بندہ ونہی ارحم الراحمین

اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓی اَبِیْکُمْ فَقُوْلُوْا یٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَکَ سَرَقَ

چلو جاؤ تم سب طرف باپ کے ۔ کہو جاکے یہہ بات تم باپ سے

کہ چوری تیرے ابن نے جاکے کی ۔ ملک کی کچھہ اک چیز ہے اُسنے لی

سنو ابن عباسؓ کا یہہ کلام ۔ گئے بھائی کنعان کو شکے تمام

گئے باپ پاس اور خبر جاکے دی ۔ کہ یامین نے وہانپہ چوری جو کی

اُسے شاہ نے قید مین کر لیا ۔ ہمین حکم جانے کا اُسنے دیا

کہا چوری اُسکی ہنوز بہار ۔ کہ ہے قایم اللیل صایم نہار

وَمَا شَھِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا

گواہی نہین ہم نے اُسوقت دی ۔ مگر اُسکی جو آنکھہ سے دیکھہ لی

سقایہ بہایا مین سکے اسباب مین ۔ نکلا کیا کہے کوئی اسباب مین

وَمَا کُنَّا لِلْغَیْبِ حٰفِظِیْنَ ہ

تمھارے یہہ نفسون نے تم سے کہا	کہ لے چلئے یامین کو یہان سے اٹھا
تمھاری ہوئی منفعت پر نظر	اسیواسطے تمکو پہنچا ضرر

فَصَبْرٌ جَمِيلٌ عَسَى اللهُ أَنْ يَأْتِيَنِي بِهِمْ جَمِيعًا

سو اب چاہیے صبر کرنا جمیل	کہ اللہ ہے اپنا ہم الوکیل
ہے نزدیک لاویگا سب کو اِلٰہ	کہ سب سے بڑی اُسکی ہے بارگاہ
یہودا اور یامین و یوسف تمام	سب آوینگے البتہ یہان لاکلام

إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ٥

کہ تحقیق دانا ہے وہ اور حکیم	وہی سارے باتونکا ہیگا علیم
دیا جسنے اسطرحکا ہم کو غم	خوشی بھی وہین دیگا وہ بے الم
روایت ہے جبریل یعقوب پاس	جو آیا تو دیکھا اُسے جی اداس
کہا مجھسے رکھتا ہے تو کچھ سوال	کہا کہہ تو تا آج ایزد تعال
مرے پاس بھیجے ملک سو تکو	کہ پوچھون مین اُس سے جو مطلب کہو
لیا علم جبریل نے حق سے جا	فرشتہ اُسیوقت نازل ہوا
کیا اُس سے یعقوب نے یہہ سوال	وہی اُسکو قسم ایزد ذوالجلال
کہ یوسف کی تو نے نکالی ہے جان	وہ زندہ ہے یا مرگیا دے نشان
کہا اُسکی جان مین نہین قبض کی	وہ دنیا مین ہیگا نہایت خوشی
اُسے ملک اور مال اشکر دیا	خزانے کا مالک خدا نے کیا

قَالَ اِنَّمَا اَشْكُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰهِ

کہا میرا شکوہ نہین جز خدا — اُسیکی طرف رنج مین ہے ندا

مین درد اپنا کہتا ہون اللہ سے — میرا کام ہے اُسکی درگاہ سے

انسؓ سے روایت ہی یعقوبؑ کا — مواخات کا ایک اخ اُسکا تھا

وہ آیا کہین سے تو اُسکے پاس — لگا پوچھنے دیکھ اُسکو اداس

کہ یعقوبؑ مجھسے بیان اسکو کر — کمر کیون ہوئی کج گئے کیون بصر

کہا غم نے یوسفؑ کے بینائی لی — کمر کج یہہ پیرا مین سے غم نے کی

اسی باتین آئے روح الامین — کہا حق یہ تجھکو نہین ہے یقین

کہا رب نے بھیجا ہے تجھپر سلام — پھر اُس بعد تجھسے کیا یہہ کلام

کہ شکوہ میرا غیر سے کیون کیا — نہ آئی ذرا بھی تجھے کچھ حیا

کہا پھر یعقوبؑ نے میرے رب — کمر اور آنکھین گئین میرے سب

خوشی پہلے مرنیسے تو مجھکو دے — میرے دلکی یہہ آرزو مجھکو دے

پھر اُس بعد جو چاہیئے کیجیو — پر تجھ پہ ندا تو خوشی دیجیو

پھر اُسوقت جبریل نے یون کہا — کہ غم کو ترے اب ہوئی انتہا

ترے حق مین رحمت کا دریا بہا — اور اسطرح ارشاد حق نے کیا

مجھے اپنی عزت کی ہیگی قسم — نکلتا جو پایا مین وہ یوسفؑ کا دم

ملاتا انہین زندہ کرکے شتاب — نہ تجھپر کھلے پھر غم کی کتاب

مراد اسکی یہہ ہی کہ مجھکو خبر | ہی یوسف کی تمکو نہین بیشتر
سبب یہہ کہ یوسف کے جینے کی | خبر اسکو دی تھی فرشتے نے تب
کہا اُسنے اولاد کو اس لئے | مین جانوں ہون اور تم ہاین جانتے
ہوئی جبکہ یعقوب کو یہہ خبر | کہ یوسف ہے زندہ وہین کچھ خطر

يَا بَنِيَّ اذْهَبُوا فَتَحَسَّسُوا مِن يُوسُفَ وَأَخِيهِ

کہا بیٹو جاؤ کرو تم تلاش | ملے تمکو یوسف وہان مین کاش

وَلَا تَيْأَسُوا مِن رَّوْحِ اللَّهِ

نہ مایوس ہو رحمت حق سے تم | کہ شاید ملین جو ہوئے تم سے گم

إِنَّهُ لَا يَيْأَسُ مِن رَّوْحِ اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْكَافِرُونَ

نہ مایوس رحمت سے ہرگز ہوا | خدا کی مگر قوم کفار کا
کہا پھر یہہ اولاد نے اس سے آ | یہودا اور یامین کو جو کہا
انہیں ڈھونڈھنا تو بہت ہے بجا | و لیکن نہ آوے گا جو ہے مرا
پڑی قبر مین جا کے یوسف کی خاک | مگر اسکے غم مین کریبانکو چاک
اُسے کہا یا پھر بیٹے مدت ہوئی | خبر اسکی کس طرح لاوے کوئی
کہا پھر سنو تمکو بات نے | کہ تو مصر کے شاہ کو خط یہہ دے
یہہ مضمون نامے مین واسطے لکھا | کہ یعقوب بیٹا ہی اسحاق کا
براہیم کا بیٹا اسحاق ہے | خدا کی رضا مین بڑا طاق ہے

لئے بھائی ہے لیکے یہان اسے
کہا سے چرایا ہے تحفہ شاہ کا
کیا قید تھے اسے اس لئے
نہ چوری ہو ہم سے نہ ہو ہم مین چور
اگر چھوڑ دو اسکو تو احسان ہے
فقیرونکی لیستا ہی جو بد دعا
سُنا ہی کہ تم نے سقایہ کو لے
نکر کام ایسا یہہ ہی کام بد
نکر ایسا بیٹونکی اولاد سے
سُنا ہی کہ یہہ ہم نے کہ تو ہی کریم
تو دے چھوڑ بیٹے کو یہہ ہی سوال
جو ہے دل مین اپنے زبان پر اگر
تجھے اور تیری ساری اولاد کو
کہ دعوے ہے مظلوم کی مستجاب
تھی تبلیغ احکام کی اپنا کام
ہوا جبکہ نامے کا مطلب تمام
گیا مصر مین جبکہ یہہ قافلا

پھر آئے اسے چھوڑ دو کہنے لگے
وہ ہی چور اب آئی درگاہ کا
ولے ہم نہین اُس بن الم مین پھنسے
نہ ناحق کا کوئی کرے ہمپہ زور
نہین تو خدا کی بڑی شان ہے
وہ پاتا ہے اپنے کئے کی سزا
چھپا کر رکھا پاس یا مین کے
بدی اسکی باقی رہے تا ابد
نہ بھول انکو اپنی ذرا یاد سے
ہمارا ابھی رب ہے رؤف رحیم
دعا کر نبی سے پہلے ابی خوش خصال
وہ آیا تو پہنچے گا بیشک ضرر
بہت ہی ضرر یہہ سمجھنا کہ ہو
نہین اسکے اور حق کے کوئی حجاب
سو ہم رکھتے تمکو بس والسلام
چلے مصر کو سارے خاص عام
یہودا نے کی پیشوائی تب آ

وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجَاةٍ

اور لائے ہین ہم پونجی کھوٹی تمام — ہہین اُسکے بدلیمین ملتا طعام
وہ مردود اور غیر مقبول ہے — کبھی اُسکا لینا نہ معمول ہے

فَأَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا

ہمین باپ کو پوری تو دیجیو — نظر کھوٹی پونجی پہ مت کیجیو
تو دے ہم کو صدقہ کرم ہم پہ کر — نہ جید ردی پر تو کرنا نظر

إِنَّ اللَّهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِينَ

کہ تحقیق اللہ دیوے جزا — جو دیتے ہین صدقہ اُسکو بی انتہا
یہہ سُنکر کے یوسف ہوا دلمین نرم — گرے اُسکی انکھون سے اشک گرم

قَالَ هَلْ عَلِمْتُم مَّا فَعَلْتُم بِيُوسُفَ

کہا جانتے ہو کہ کیا کیا کیا — ہر اک تم نے یوسف سے مکر اور دغا

وَأَخِيهِ

اور اُسکے کیا بھائی کے ساتھ کیا — جدا بھائی سے اُسکے اُسکو کیا

إِذْ أَنتُمْ جَاهِلُونَ

کیا تم نے انجان پن سے یہہ کام — ہوا تمکو نسیان ہمین تمام
اُتر تخت سے بھائیون پاس آ — انہین منع کر اس طرح سے کہا
کہ اب ترجمان کو کیا ہین لیے دور — کرون بات تم سے مین اپنے حضور

کہا بھائیو نسے یہہ یوسف نے تب ‌ ‌ ‌ خبر مجھکو دیتا ہے صاع سب

کہو تو میں اوچھون تمہاری خبر ‌ ‌ ‌ کہا پوچھو اسبا تکا کیا ہے ڈر

سلا اُس نے سر آسمان ماری وہی ‌ ‌ ‌ بہت خوب بیلے سے آواز دی

کہا پھر جھکا کر کے یوسف نے کان ‌ ‌ ‌ سمجھتا ہون مین اُسکی ساری زبان

یہہ دیتا ہے اسوقت مجھکو صدا ‌ ‌ ‌ کہ کی بھائی کے ساتھہ تمنے دغا

نہ راضی تمہارے تھے اُسکا باپ ‌ ‌ ‌ سمجھ فایدہ اپنا لائے تم آپ

ملا اُسکو یہہ اُسکے پیالے پہ یار ‌ ‌ ‌ کہا صاع کہتا ہے یون اب پکار

کہتی یہہ صحبت تمہاں باپ کی ‌ ‌ ‌ کیا یا مین کی کچھو تم جو کسی

نہ دنیا ہو دن اُسکا ب ہا دا ‌ ‌ ‌ حفاظت سے رکھنا اُسے تم بھلا

کہا شیطہ یہہ یا مین شاد سے ‌ ‌ ‌ تیرا صاع سب شے کی اخبار دے

برے بھائی کہتے ہین بھیڑیے آ ‌ ‌ ‌ پکڑ کر اُسے دشت مین کھا لیا

بچا کر اُسے پھر اُسکی صدا ‌ ‌ ‌ لگا کہنے اب صاع یون کہا

کہ جھوٹے ہین بھائی ترے یہہ تمام ‌ ‌ ‌ عبث بھیڑیے کا یہہ لیتے ہین نام

کرین آپ اور جانور کو لگائین ‌ ‌ ‌ سزا اُسکی پاتے خدا سے یہہ پائین

رہتے ساکت ان سر کو جھکا ‌ ‌ ‌ کہا اسمین یوسف نے کہتے ہو کیا

کہا نہ ہی صاع یہہ راست گو ‌ ‌ ‌ گنہنگار ہین ہم دو چار ہو کر و

اسی طرح پھر اُسکے اقرار سن ‌ ‌ ‌ کہا اُنسے یوسف نے گردنکو دھن

کہا اسکی آنکھیں تو جاتی رہیں
یہاں تک وہ رویا کہ باقی نہیں

قمیص اپنا لا کر کے انکو دیا
کیا انکو رخصت اور انسے کہا

اِذْهَبُوا بِقَمِيصِي هٰذَا فَأَلْقُوهُ عَلٰى وَجْهِ أَبِي يَأْتِ بَصِيرًا

کہا تم یہہ لیجاو کرتا میرا
اسے ڈالدو باپ کے منہ پہ جا

گئی اسکی بینائی آوے گی پھیر
کرو تم نہ جانے میں کچھ اپنے دیر

وَأْتُونِي بِأَهْلِكُمْ أَجْمَعِينَ

پھر آؤ یہاں اہل کو اپنے لے
وے سب آویں کوئی نہ باقی رہے

روایت ہی تھے اہل چالیس تن
سبھی کو کہا لائیو بے سخن

مگر کچھ نہ بھیجا کسی کے لئے
نہ نقدی نہ کھانا نہ کپڑے سئے

فقط ایک کرتا سو بھیجا تہا
وہ یعقوب کو تھا روانہ کیا

بیاں اسکا کرتا ہوں تجھ سے تمام
کہے ابن عباس سے یہہ کلام

کہ اللہ کا حکم یوسف کو تھا
کہا جبطرح سے اسی ڈھب کیا

روایت میں ہے یہہ کہ جبریل آ
اسیطرح یوسف سے تہا کہہ گیا

کہ کرتے کو جلدی روانہ کرو
نہ اسمیں ذرا بھی بہانہ کرو

کہ بیمار کو ہے شفا جلد تر
ہے کرتے میں تیرے شفا سربسر

پڑے تھے جب ابراہیم آتش میں آ
قمیص اسکو یہہ حق نے اسدم دیا

وہ جنت سے آیا تہا تھا دلپذیر
دیا اسنے اسحاق کو وہ حریر

اُسے تھا بڑا الفت یعقوب سے
یہہ کی پھر باندی نے رب سے دعا
کہا جی سے تو بھی جدا کیجیو
یہہ دی ہاتف غیب نے پھر ندا
جسے دوست رکھتا وہ یعقوب ہے
بشیر اُسکے بیٹے کا جو نام تھا
ہوا مصر میں جبکہ یوسف مقیم
ولیکن نہ جانے تھا ہے وہ غلام
کیا اپنا یوسف نے اُسکو رسول
وہ پاس اُسکے رہتا تھا ہر دم قرین
دیا بھیج اُسکو وہاں باپ پاس
یہہ تقدیر حق تھی کہ فرزند آ
ملا پہلے وہ جا کے یعقوب سے
نبی نے کہا جو کہ ما سے جدا
جدا دوست سے اُسکے کر دے گا تا
کہا اور اُسکو شفاعت نہو
چلا مصر سے جبکہ ہی تھا بشیر

کہ تا وہ دکھہ سارا دنیا میں سہے
کہ یعقوب نے میرا بیٹا جدا
کرم مجھ پہ میرے خدا کیجیو
کہ تیری ہوئی مستجاب اب دعا
کئی دن میں جاتی ہے وہ اُس سے شے
خریدا تھا یوسف نے تاجر سے آ
ہمیشہ بشیر اُسکا رہتا ندیم
کہ بیچا تھا یعقوب نے لا کلام
وہ جانے میں ہرگز نہ ہوتا ملول
نہایت غریب اور بغایت امین
کہ ما اُسکی رہتی تھی ہر دم اداس
وہ کنعان میں آ اپنی ما سے ملا
کہا لو مبارک کہ یوسف کو لے
کرے اُسکے بیٹے کو تو بھی خدا
رہے ہجر میں وہ خراب
رضامند حق تا قیامت نہو
ہو اُسنے کہا ای خدائے خبیر

ولما فصلت العیر

قال ابوهم انی لاجد ریح یوسف

لولا ان تفندون

جو یعقوب کے پاس آیا بشیر
اٹھا سرمہ ہوا انکو بصیر

قمیص اسکے منہہ پر جو ڈالا شتاب
اٹھا اسکی آنکھوں کا بالکل حجاب

لگا دیکھنے حال یوسف کا سب
کہ یوسف کہاں ہے کہو سادیں اب

کہا وہ تو ہی ہیں اسلام پر
برائے ثبت ہی وہ اسی کام پر

کہا اب ہوئی ساری نعمت تمام
خدا نے دیا اسکو ہو علم تمام

ہوا منکشف تو وہ پھر ادبار سے
لگا کہنے ان سب کو دلشاد سے

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّیْ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ

کہا تم سے میں نہیں تھا کہا
مجھے علم اللہ نے وہ دیا

کہ تم اسکو ہرگز نہ تھا جانتے
بوصل خدا وہ عطا ہے مجھے

کہا سب نے سب نے ہو کر بعلم
ہمارے گنہ ہوں کسی طور کم

کہ بلد جاوے ہمارا یہ جرم
تمہیں جو دیا ہم نے رنج و الم

یہ تم سے ہمارا یہی مدعا
کہ حق میں ہمارے کرو تم دعا

قَالُوْا يٰۤاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَاۤ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ

کہا سب نے تم تو ہو ہم سب کے باپ
کرو مغفرت کی طلب حق سے آپ

ہمارے گناہوں کی بخشش طلب
کرو تم کہ مخطی ہیں ہم سب کے سب

قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

کہا رب سے اپنے کرونگا دعا
کہ بخشے تمہارے گنہ اور خطا

ولیکن ہوا مجھکو یون حکم رب
تھین دو طرح کی یہ اسکا خوشی
تلے حظ کے تھا اور یہہ بھی لکھا
جو کچھ چاہیئے ویسے کے لئے
ہے اک لخت ان سب پہ سونیکا کام
تیری وماپنہ جتنی کہ اولاد ہے
ہر اک کے لئے ہی سواری تمام
ہر اک ساتھ خدمت کے ہی اک غلام
ترے واسطے ہین نئے ایسا لباس
ہے لعل اور زبرجد ہی اسمین جڑا
عمامے ہین شاہانہ اور طیلسان
خدا کی قسم تجھکو دیتا ہوں مین
تجھکو یہان زہد کو اختیار
بدل کر تو پاپوشاک یہان آئیو
کہ حاسد نہ کچھ طعن تجھپر کرین
نہو فقر اور مسکنت کا حساب
کہ قبطی یہان سخت کفار ہین

کہ تم سبکو اسجا کرو مین طلب
لقا کی خوشی اور عطا کی خوشی
کر ای باپ جلدی سے اسجا پہ آ
بہت مین نے تیار کپڑے کئے
قمیص اور عمامہ مذہب تمام
تجھے سب کی اسجا اُبر یاد ہے
ہے سونے اور چاندیکی اسکی لگام
ہر اک کے لئے اور تجھے مین عام
بنایا ہے جو ہو وہ دور از قیاس
نہین اسکی قیمت کا کچھ انتہا
کہ دنیا مین جسکا نہ دیوے نشان
یہہ تجھسے بڑا عہد لیتا ہوں مین
جب اگر کرے مصر مین تو قرار
سبھو نکو تو حشمت یہہ دکھلائیو
مجھے آن کر یہان وطعنہ نہ دین
یہان آئیو تم لصبر انتساب
نہ کچھ مومنون پر وے طعنہ کرین

کرو جا کے تم پیشوائی تمام ۔ کہ آئے ہیں یعقوب علیہ السلام
ملے پہلے یعقوبؑ سے سی ہزار ۔ عرب کے تھے گھوڑے عرب کے سوار
کیا سجدہ اُنسے یعقوبؑ کو ۔ کہا اُسنے پوچھو کہ تم کون ہو
کہا ہم ہیں یوسفؑ کے لشکر تمام ۔ ترے پاس حاضر ہیں سب خاص و عام
ہوا دیکھ کر انکو یعقوبؑ دنگ ۔ چلا ایک فرسنگ لے انکو سنگ
ملے پھر اتنے میں انکو سوار ۔ کہ تھے روم کے سارے وے سی ہزار
اُنہوں نے بھی آکر کے سجدہ کیا ۔ اُتر کر کے پاؤں پہ بوسہ دیا
یہہ پوچھا کہ بتلاؤ تم کون ہو ۔ کچھ اپنا پتا بھی ذرا ہمسکو دو
کہا سارے یوسفؑ کے لشکر ہیں ہم ۔ کرو اپنے دل میں نہ کچھ خوف و غم
سلسلہ اور تعجب کیا بیشمار ۔ بجالایا شکر خداوندگار
دو فرسنگ جب دم گئے اور بھی ۔ ہزاروں وہاں اُسکو خیمے ملے
ہر اک پر عماری کھنچی تھی لگی ۔ خواصیں تھیں ہر اک میں بیٹھی ہوئی
خجل جنکو یہ دیکھ کر آفتاب ۔ جو دیکھے تو ہوجائے آئینہ آب
کروں انکی زینت کا کیا میں بیان ۔ کہ عاجز ہے اسجا قلم کی زبان
اوایل میں تھی اک عماری عجیب ۔ نہ دیکھی تھی ایسی عجیب و غریب
ہزاروں تھے گرد اُسکے گھیرے غلام ۔ لباسوں پر انکے سُنہرا تھا کام
گلو میں تھے طوق اور سروں پہ تھی تاج ۔ گویا ہر اک انمیں تھا سلطان آج

جڑی یوتیون سے تھی پوشاک گل
وے بستان خوبی کے تھے دو گل

تلے اُنکے دو چترین تیز رو
ذہب اور فضہ سے پُر توبہ تو

لگا کرنے یعقوب پھر یہہ سوال
کہ یہہ کون ہین نوجوان ذیجمال

کہا دونو فرزند یوسف کے ہین
فراہیم انہین اور منشا کہین

ہین ساتھ اُنکے یہہ سب مشایخ تمام
یہہ بزرگ ہین سب کے ذیحرام

مشایخ شفاعت کو آئے ہین کے
خطا عفو یوسف کی تا تو کرے

کیا منع تو نے کہی اُسنے خواب
ہوا جس سے اِتنے دنو نکا حجاب

یہہ سنکر کے یعقوب رونے لگا
فزون درد پھر اُسکا ہونے لگا

وہ رویا تو سب لوگ رونے لگے
ہر اِک جان کو اپنے کھونے لگے

پھر اُترے مشایخ اور نزدیک آ
وہان سامنے اُسکے سجدہ کیا

فراہیم منشا بھی اُتر پڑے
ہو یوسف جا کے دادا کے آگے کھڑے

کیا اُنکو دونو نے جھک کر سلام
جو خدّام تھے ساتھ اُنکے تمام

قدم پر دیا اُنکو دادا کے ڈال
دئیے بوسے دادا نے اُنکو کمال

دُعا دی کر رکھے خدا تمکو شاد
تمھارے دلو ہین رہے حق کی یاد

رہے تم سے آباد یوسف کا گھر
کرے تمکو مولا میرا بہرہ ور

ہوئے پھر گھوڑون پہ دونو سوار
چلے ساتھ سب اُنکے باندھے قطار

لگے کہنے یوسف کے بھائی تمام
کہ کیا اُسکا ہی ملک پر انتظام

اسی طرح جب ہو قیامت کا روز / ہو نور نبی وہاں پہ مشعل فروز

خلائق ہو آکر کھڑے گردپیش / گناہون سے دل سبکا ہو ریش ریش

کہینگا خدا اگلے ہو کھڑے / کہینگے وے سب ہم ہین بندے تیرے

خدایا تیرے ہم ہین باندی غلام / اور امت محمد علیہ السلام

ترے رحم کے ہم ہین امیدوار / ہون دوزخ سے آزاد پروردگار

ہمین آگ سے اب تو آزاد کر / محمد کا صدقہ ہمین شاد کر

یہہ ہو حکم صادر ز رب الجلیل / چھٹے تم ہوئے کبھی اب ذلیل

شفاعت محمد ہوئی اب قبول / کرو جاکے جنت مین اب تم نزول

گئی اسکی یوسف پہ جسدم نظر / پیادہ ہوا اونٹ سے وہ اتر

ادھر اپنے گھوڑے لیے یوسف شتاب / پیادہ ہوئے اور کیا اضطراب

ہوئے جب پیادے یہہ دونو تو پھر / کسی نے نہ کی پھر اترنے مین دیر

پیادہ ہوئے سب وزیر و امیر / زمین پر سب اترے صغیر و کبیر

کیا حکم حق نے فرشتوں کو بھی / کہ جاؤ زمین پر اترو تم ابھی

کہ یعقوب و یوسف ہوئے ہین بہم / خوشی ہووے اور دور ہووے درد و غم

فرشتے بھی آئے زمین پر اتر / عدد کی تھی لکھے خدا کو خبر

وہان جب کہ یعقوب و یوسف ملے / کنول کی طرح سے دل انکے کھلے

خدائی کو گریا در رونے لگے / وہ غم دلکا آنسو سے وہ دھونے لگے

فلما دخلوا علی یوسف آوی الیہ ابویہ

وقال ادخلوا مصر ان شاء اللہ آمنین

وہ یوسف تھا یعقوب کے گھر کے پاس
بہت دل میں تھا یوسف اپنے اداس

گئی نیم شب جبکہ اسپہ گذر
ذرا ہوش آئی ہوئی کچھ خبر

دیا اپنی آنکھوں کو پھر اسنے کھول
لگا بولنے پھر وہ یوسف سے بول

جو دیکھا تو یوسف بھی روتا ہے ہان
سلام اسپہ بھیجا کہ ای میری جان

بحر غم طبیعت میری خوش ہوئی
یہہ کہتے ہی اٹھہ بیٹھے تا خوش ہوجی

سر اور منہہ پہ ہاتھہ اپنا پھیرا تمام
لگا کرنے یوسف سے پھر وہ کلام

کہا میرے یوسف ای نور عین
میرے دل کے ٹکڑے میرے جی کے چین

[illegible]
کیا تجھہ پہ کیا کیا تھا جور و جفا

[illegible]
میری جان پر خوب تھا جو ہوا

نہ کر اسکا شکوہ کہ اب مل گئے
جدا سے جو ہوئے تھے سو سب مل گئے

خوشی دلکو ہی اور جی کو سرور
ہوئی جتنی کلفت تھی اک لخت دور

وہ لے ذکر تھوڑا کیا باپ سے
وہ سنتے ہی جاتا رہا آپ سے

افاقت جو آئی تو پھر یون کہا
کہ پھر کہہ تو گذرا ہے جو ماجرا

کہا باپ مت پوچھہ اس ذکر کو
گئی مجھہ سے تیری ملاقات ہو

دنون کی مصیبت کو کر یاد مت
تو غم دیکے کر مجھکو برباد مت

جو چاہا خدا نے وہی ہے ہوا
نکجھہ ذکر کر اب مضی ما مضی

کہا ابن عباس نے یہہ سنو
ملے جب وے آپس میں محبوب دو

کیا ہی اسے اب اسیر حق نے حق ۔ نہ باقی رہا دل میں میرے کا قلق

اب احسان مجھپر کیا اور بھی ۔ رہائی میری اُسنے زندان سے کی

کوئے کا نہ کچھ ذکر اُسنے کیا ۔ کہ بھائی ہون اُسکے شرمندہ تا

وَجَآءَ بِكُم مِّنَ الْبَدْوِ مِنۢ بَعْدِ أَن نَّزَغَ الشَّيْطَٰنُ بَيْنِى وَبَيْنَ إِخْوَتِىٓ

لے آیا خدا گاؤن سے مصر میں ۔ تمھیں یعنے کنعان سے مصر میں

مٹا سب جو شیطان نے ڈالا فساد ۔ کیا مجھمیں اور بھائیون میں عناد

کیا ملک پھر حق نے مجھکو عطا ۔ کرون شکر کس طرح اُسکا ادا

طلب ملک بھی تھا یہی میں فساد ۔ جو شیطان سے ہم میں ہوا وہ بہاد

إِنَّ رَبِّى لَطِيفٌ لِّمَا يَشَآءُ إِنَّهُۥ هُوَ ٱلْعَلِيمُ ٱلْحَكِيمُ

کہ تحقیق رب میرا مہربان ۔ جسے چاہے دے وہ سلطنت بیگمان

وہ ہیگا علیم اور دانا حکیم ۔ جسے چاہے دیوے خلافت عظیم

کیا سجدہ جب اسکو اکرام کا ۔ تو پھر بھائیون نے یہہ اُسنے کہا

شفاعت کرو تم ہماری ذرا ۔ کہ دے بخش یوسف ہماری خطا

کہا پھر یہہ یوسف سے یعقوب نے ۔ کہ یوسف خطا الٰہی تو بخشدے

کہا تھیں یہہ یوسف نے میرے گواہ ۔ فرشتے ہیں سب اور میرا اِلٰہ

کہ مین نے خطا بخشدی الٰہی سب ۔ یہی ہے رضا میری اسوقت اب

کہا باپ کو پھیر یوسف نے یون ۔ تمھیں مصر میں آ کے ہر دم رکھون

اُسے پاس یوسف نے اپنے رکھا | وہی ایک دونوں کا کُل قصہ تھا
سبھی سیکھتے علم یعقوب سے | عبادت مین حق کی وہ مشغول تھے
زلیخا بھی جا علم پڑھتی وہان | بدل کرتے یعقوب اُس سے بیان
ہوئی مصر کی عورتون مین فقیر | زلیخا کی وہان تھی نکوئی شبیہ
رہے مصر مین آکے چالیس سال | خوشی سب کو رہتی بحد کمال
سو یعقوب اور اُسکے اولاد سے | ہوئے بیٹے بارہ ہر اک کے جدے
تھے ذاکر و شاکر و صالح تمام | خوشی مین گذرتی تھی سب صبح و شام

دربیان حال وفات حضرت یعقوب علیہ السلام

یہان تک تو سب زندگی کا تھا حال | اب آگے سُنو موت کا کچھ مقال
نہین یہان کسی کو ثبات و بقا | ہر اک شی کو اک دن ہے آخر فنا
نہین اسمین کچھ فرق نیک و بدا | کسیکی نہین زندگانی ابد
جو آیا ہے یہان ایکدن جائیگا | وہان جاکے اپنا کیا پائیگا
دلی اسمین ہو کہ ہووے بنج | ہے ہر اک کے یہان موت پیچھے لگی
ثبات و بقا ذات باری کو ہے | وہی ایک ہے جو ہمیشہ رہے
رہے چند یعقوب و یوسف بہم | کسی طرح کا تھا نہ رنج و الم
دگرگون ہوئی گردش آسمان | چمن مین لگی چلنے باد خزان

چلے شہر سے کے سب ہو بہم
اکیلا چلا سب کو رخصت کیا
کیا راہ سے سبکو رخصت تمام
ہر اک کو تسلی دلاسا دیا
اکیلا ہوا اونٹنی پر سوار
براہیم و اسحاق کی قبر پر
وہاں روتے روتے وہ ٹک سو گیا
یہہ دیکھا کہ ہے کرسی یاقوت کی
ذبیح اور اسحاق ہیں ہر طرف
یہہ کہتے ہیں اب ہے ترا ہی انتظار
دیا اسنے اٹھتے ہی ناقہ کو چھوڑ
یہہ کہدے ابھی جا کے یوسف سے تو
کہ یعقوب جا اپنے رب سے ملا
کیا ناقہ نے اسکا کہنا قبول
اٹھا پھر تو یعقوب وہاں سے شتاب
جو دیکھا تو اک قبر ہے وہاں کھدی
فرشتہ وہاں موت کا آگیا

کہا سب کو یعقوب نے جاؤ تم
کسیکو نہ انمیں سے ہمرہ لیا
لگے رونے اولاد و خلق عام
دیا سونپ سب کو بحفظ خدا
کیا قبر آبا پہ آکر قرار
ہوا جب کہ یعقوب کا پھر گذر
اسی سو میں خواب عجب یہہ ہوا
براہیم بیٹھے ہیں اسحاق بھی
براہیم ہیں بیچ میں ہم کنف
اٹھا تو خوشی سے تھا بیقرار
کہا مصر کی طرف تو منہہ کو موڑ
میری سارے اولاد کے روبرو
یہہ مضمون ناقہ کو سمجھا دیا
ہوئی اسکی جانب سے ناقہ رسول
کنارے ہوا اسسے یہہ اضطراب
وہ بھی عنبر و مشک سے سب بھری
ملیح اور پاکیزہ صورت بنا

وہاں روح یعقوب کی قبض کی

یوسف علیہ السلام

لٹا کر اُسے پشت پر بستر مین ۔ لگا کھینچنے روح کو بس وہین
کیا حلق مین روح نے جب مقام ۔ کہا اُسگھڑی ای خدائی کرام
جو یوسفؑ کی سکرات آسان ہو ۔ تو مجھپر بڑا اسا یہ احسان ہو
بیرا دیجو یوسفؑ کو بھیجا سلام ۔ یہہ کہیو ہوا کام اُسکا تمام
پڑھا پھیر کلمہ ہوئی قبض روح ۔ ملی اُسکو جنت کی ساری فتوح
ہوئی زندگی اُسکی دو سو برس ۔ پھر اُس بعد ٹوٹا یہہ تن کا قفس
فلک پر گیا لے فرشتہ وہ جان ۔ ہوئے جمع جبرئیل و میکائیل وہان
فرشتے بہت اُنکے ہمراہ تھے ۔ ہوئے غسل مین پھر شریک آنکے
نماز اُسکی پڑھکر کیا دفن وہان ۔ جہان مدفن اسحاقؑ کا تھا عیان
ہوئین چار قبرین برابر وہان ۔ براہیمؑ و اسحاقؑ و یعقوبؑ جان
تھی عیسارہ کی چار مین پنہ قبر ۔ دیا حق نے بے انتہا جنکو اجر
ہوا حکم خالق یہہ جبرئیل پر ۔ کہ یوسفؑ کو جا جلد دے یہہ خبر
کہ خالق نے بھیجا ہی تمپر سلام ۔ پھر اُس بعد تمکو دیا ہی پیام
کہ یعقوبؑ کی عمر آخر ہوئی ۔ تمہین چاہیئے صبر اور دلدہی
نکرنا فزع اور رہنو نا غمین ۔ کہا حق نے مین ہون مع الصابرین
لگا رونے یوسفؑ یہہ سنکر کلام ۔ پھر اُسنے مین ناقہ کا آیا پیام
فرشتے اُسے کھینچ لائے ادھر ۔ کہا اُسنے یوسفؑ سے با چشم تر

رب قد آتیتنی من الملک وعلمتنی من تاویل الاحادیث

فاطر السموات والارض انت ولیی فی الدنیا والآخرۃ توفنی

دلی ہے میرا دین و دنیا مین تو | مسلمان مرون ہے یہی آرزو

و الحقنی بالصالحین

ملا مجھکو تو نیک بختون کے ساتھ | یہی مانگتا ہون اٹھا کر کے ہاتھ

مراد انکی تھی انبیا سے ملین | وے آبا اور اجداد مین جا رہین

جو یوسف نے کی موت کی آرزو | ہوئے آکے جبریل پھر روبرو

کہا حق نے بھیجا ہے تمکو سلام | کہا مانگے جسو ولد تیرے نام

ترے بیٹے پوتے ہون جب اسقدر | نہ تجھکو تو جبتک انہین پیٹ بھر

تیری موت ہرگز نہ آویگی جان | برس سات باقی ہین اب انکو ہان

غرض جب ہوئے سال سارے تمام | دیا مصر لوگونکو پھر یہہ اذن عام

کہ اسلام کو سارے کرلین قبول | رہون دل مین اپنے نہ تا مین ملول

پھر یوسف اور سب انکے خویش و تبار | کیا خارج مصر سب نے قرار

مسلمان ہوئے تھے جو چالیس ہزار | وے سب ساتھ یوسف کے تھے برقرار

مکان مصر سے تھا وہ دس کوس پر | جہان جا کے یوسف رہا بے خطر

ہوا حکم رب کا کہ یہان اک مکان | بنے اور بسے شہر دار الامان

رہے اسمین یوسف اور مومن بھی سب | حرم نام اسکا رکھا ہم نے اب

ہوا شہر تیار اسمین یہ جب | کہا سب نے پانی نہین اسمین شب

اٹھا ہاتھ یوسف نے پھر کی دعا | کہ یارب یہہ بر لا میرا مدعا

زلیخا سے تھے اُسکے گیارہ ولد
رہی اُسکی زوجہ وہی تا ابد

جب آیا وہ یوسف کا وقت وفات
فراہیم سے کی وصیت کی بات

کہا اُس سے اے میرے بیٹے عزیز
نہ کیجو مجھے دفن ابی با تمیز

کہ جبتک نہ آوے فلک سے ندا
نہ کیجو مجھے دفن بے حکم خدا

یہہ کہہ کرکے اُسنے جبھی تین دم
جہان سے ہوا ایک دم میں عدم

فراہیم نے ہاتف غیب کی
یہہ آواز کانون سے اپنے سُنی

کہ اب باپ کو غسل اور کفن دے
فرشتے جو جنت سے اونگے لے

کنارے پہ لیجا تو نہر کے
اُسے نہر جنت میں تو ڈالدے

فراہیم اُسنے میں دیکھے ہی کیا
طبق ایک یاقوت کا ہی دھرا

معطر وہ جنت کی خوشبو سے ہے
اور اک سندسی تختی ہو نبے

وہ اوپر طبق کے ہی جہتاب وار
چمکتی ہے وہ نور سے بے شمار

فراہیم نے غسل اُسکو دیا
کفن جنتی اُسکو پہنا دیا

پڑھی اُسنے اور مومنون نے نماز
لگئے نہر پہ لیکے با برگ و ساز

اور بعضے روایت میں آیا یون
سنو اُسکی تصریح تم سے کرون

سوئی نہر آیا وہ تابوت جب
ہوئی نہر شق بیچ سے سب کی سب

اور اُسمین ہوئی قبر سی اک نمود
نمود اُس سے تھی بوئی کافور و عود

کیا دفن اُس مسکن پاک مین
کہ جان آگئی قالب خاک مین

اللہ تعالےٰ کے حکم سے اور دفن کرنا اُس تابوت کو اُنکے باپ دادون کے مقبرہ وغیرہ

زمانہ مین موسیٰ کے تھی نیل مین
ہوا حکم موسیٰ کو تو جلد جا
اُسے دفن کر اُسکے آبا مین جا
بتا دے مجھے کون اب اسکی قبر
کہا اسکی ہوتی ہے مشکل خبر
اسیر ابن یعقوب کی بنت ہے
کہا اُس سے موسیٰ نے اُسنے کہا
تو جنت کا ضامن مرا ہو اگر
کہا اسکو موسیٰ نے آسان ہے
کہا میرا درجہ بھی ترا سا ہو
مگر جب کہ دے حکم مجھکو خدا
کہا حق نے موسیٰ سے دیکھے ہی کیا
ہمارا نہ کچھ اسمین ہو جائے کم

کسی کُنڈ مین یا کسی جھیل مین
وہان سے تو تابوت یوسف اُٹھا
کہا پھر یہہ موسیٰ نے رب العلا
کرون کسکے اوپر مین جاکر کے جبر
مگر ایک عورت ہی آگاہ تر
ہے نام اُسکا سارہ سُن اے نیک پے
کہ اک شرط پر اُسکو دون مین بتا
ابھی اسکو بتلاؤن باور تو کر
غفور الرحیم اسکو تو جان ہے
کہا ہی وہ قادر ہو جا ہو کہو
قبول اسکو جب مین کرون کن ملا
ترا سا ہی درجہ مین اُسکو دیا
اگر بخش دین اک گنہگار ہم

وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ

نہیں لاتے ایمان اگر بشر
تو چاہیے ہی خلقت کے اسلام کو

رکھے گرچہ تو حرص اسلام پر
کرے ہی دل وجان سے اس کام کو

وَمَا تَسْئَلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ

نہ تو نے طلب ان سے اجرت کی کی
ترا وعظ و تعلیم و تلقین و پند
سُنے جو کوئی اور ہووے براہ
فقط تیرا خلقت پہ احسان ہے

ہوا انکو گران یہ نصیحت لگی
سراسر ہدایت ہی اور سود مند
وہی دوزخی ہے بلا اشتباہ
بتاتا انہیں راہ ایمان ہے

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ

یہہ قرآن نہیں ایک مگر پند ہی
یہہ اسکے لئے جو خردمند ہے

وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا

بہت میری وحدت کی آیات ہیں
ہمیشہ کرتے ہیں انپر گذر

زمین میں ہیں اور فی السموات ہیں
نہیں دل میں کچھ انکے ہوتا اثر

وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ

اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ

اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ

۱۷۱
ہیں طالب نہیں جو شرک کا جہان
یہی حکم ہے خالق ذو المنن
وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ
قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا
یہہ کہہ اُسنے رستہ یہی میرا ہی
وہ اللہ ہے وحدہٗ لاشریک
نہیں حکم میں اُسکے کوئی دخیل
جو اِس پر چلے شرک سے ہی بری
یہی راہ ہی سارے رستوں سے ٹھیک
وہ ہے مالک الملک ربِّ جلیل
اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ
پکاروں ہوں راہِ خدا پر تمھیں
سنو گوش دل سے اُسے تم ذرا
بیاں ہے میرا مثل ماہِ منیر
بلاتا ہوں راہِ ہدیٰ پر تمھیں
بیاں میں نے جو کچھ کہ تم سے کہا
مگر چشم دل سے ہو تم بے بصیر
اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِیْ
میں اور میرے پیرو ہیں جتنے تمام
ہدایت خلایق کی ہی اُنکا کام
وَسُبْحَانَ اللّٰهِ
خدا ہر نقصان سے پاک ہے
منزہ مقدس مبرا ہی وہ
ہر اک عیب و بہتان سے پاک ہے
بری بات سب سے معرا ہی وہ
وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ
خدا نے دیا اُنکو جواب
نبی ہم نے طرف کر کے اپنا خطاب
نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ
اَهْلِ الْقُرٰى

فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ

نہو جن و انسا نکی صورت بر آر
نہ انسا نکا ہو ملک یار غار
ہے بالطبع ہر جنس کو میل جنس
اسیواسطے سب بنی ہینگے انس
بنی آدم اسواسطے ہین بنی
کہ دل مین لگے بات ہمجنس کی
فرشتے اگر ہوتے ہم پر رسول
نکرتا کوئی اُنکا کہنا قبول
بنی گو حقیقت مین ہینگے بشر
ملک سے ہین اوصاف مین خوبتر
زبس وہ خدا عالم الغیب ہے
نہین اس سے پوشیدہ ہے کوئی شے
کوئی بات حکمت سے باہر نہین
کوئی کام سے اُسکے باہر نہین

أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ

نہین کرتے کفار سیر جہان
کہ ہو حال پہلونکا اُن پر عیان
کہ کس طرح اُنپر ہوا ہے عذاب
کیا کس طرح ہم نے اُنکو خراب
سُنو اُنمین سے تم بھی بعضونکا حال
کہ کس طور وے سب ہوئے پایمال
ہو منکر ہوا سب جہان نور سے
تو کس طور سے ہم نے غوطے دئے
نہ باقی جہا نمین رہا کوئی بیخ
دیا ہم نے سب کو شکنجے مین کھینچ
بہت سرکشی کی جو فرعون نے
تو ہم نے ڈبویا سمع قوم اُسے
گیا جب کہ شداد حد سے گذر
نہ تاج اُسکے سر پر رہا اور نہ سر
تکبر کیا جب کہ نمرود نے
سزا پائی پشہ سے مردود نے

وَلَدَارُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ اتَّقَوْا ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ

حَتّٰی اِذَا اسْتَیْئَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْا اَنَّهُمْ قَدْ کُذِبُوْا

ہوئے جب کہ مایوس سب نبی	جو کفار نے انکی تکذیب کی
ہوا جب رسولوں کے دل پر یقین	یہہ ایمان لاوینگے ہرگز نہین

جَآءَهُمْ نَصْرُنَا

مدد ہم نے اپنے رسولوں کی کی	نچھوڑا کوئی ہم نے کافر شقی
ہوا جب کہ انپر ہمارا عذاب	ہوئے دونو عالم مین خوار و خراب

فَنُجِّیَ مَنْ نَّشَآءُ

جسے چاہین ہم اسکو دیوین بچا	جسے چاہین اسکو کرین مبتلا
عذاب خدا سے بچے ہے وہی	نبی کی جو کرتا رہے پیروی

وَلَا یُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ

نہین کوئی ایسا کہ ٹالے بلا	بلا مین کرین جسکو ہم مبتلا
گنہگار کو ہم جو چاہین کرین	ہمارے غضب سے وہ ہر دم ڈرین

لَقَدْ کَانَ فِیْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ

مَا کَانَ حَدِیْثًا یُّفْتَرٰی وَلٰکِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ

وَتَفْصِیْلَ کُلِّ شَیْءٍ

ہر اک چیز کا اسمیں ہیگا بیان — سب احکام دین اسمیں ہیگے عیان
جو کچھ دین و دنیا مین مطلوب ہے — وہ قرآن مین صاف مکتوب ہے
مسایل جو کچھ دین و دنیا مین ہین — کھلے مجتہد غیرہ سب اسمین ہین
اسی سے کرے ہی ہر اک اجتہاد — مسایل کا قرآن سے ہی اعتماد

وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ

سراسر ہدایت ہے اسمین بھری — یہہ قرآن رحمت ہے اللہ کی
یہہ رحمت ہی اُنپر جو ہین مومنین — مگر اس سے محروم ہین کافرین
یہہ تفسیر یوسف ہوئی سب تمام — کیا مین نے بھی الکو اب اختتام
نہ کچھ شاعری کا کیا مین خیال — کہا اسمین جو کچھ لکھا تھا وہ حال
الٰہی میرا رنج سب دور کر — مجھے نور سے اپنے معمور کر
سر دست مین نے لکھی سب کتاب — نہ کچھ فکر اور غور کا تھا حساب
خدا اور محمد صلعم کا لیتا ہون نام — علیہ الصلوٰۃ علیہ السلام

الحمد للہ کہ تفسیر سورۂ یوسف علیہ السلام تصنیف حکیم محمد اشرف صاحب متوطن قصبہ کاندہلہ متصل دہلی غرۂ ماہ جمادی الثانی ۱۳۰۰ھ مین بتصحیح محی الدین صاحب ساکن جھسور کے اختتام کو پہنچی
راقم محمد کاظم عفی اللہ عنہ